انتخاب دواوین

حصہ پنجم

یعنی

انتخاب دیوان ولی دکھنی - شاہ مبارک آبرو - قاضی محمد صادق خاں اختر - میر انشاء اللہ خاں انشا،
مرزا قادر بخش صابر دہلوی - خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ - میر ممنون سونی پتی - ملک الشعراء آزاد کی مرادآبادی
واجد علی شاہ اختر شاہ اودھ - مولوی سید علی حیدر نظم طباطبائی - شاکی میرٹھی معاصر غالب
مولوی سید امداد امام اثر عظیم آبادی - نواب نبی صاحب مشتاق لکھنوی -
طاہر فرخ آبادی - مولوی سید علی محمد شاد عظیم آبادی

جسکو

فضل الحسن حسرت موہانی بی اے سابق اڈیٹر اردوے معلی علی گڈھ نے فرداً فرداً اپنے اردو پریس علی گڈھ میں
چھپ کر رسالہ اردوے معلی کے ساتھ بطور ضمیمہ شائع کیا تھا اور اب کتابی صورت میں لانیکے لئے صرف ناشل

محمد عبد اللطیف پرنٹر نے اپنے

اول جلد | مطبع فیض عام واقع علی گڈھ میں چھاپا | قیمت فی جلد ایک روپیہ

بقلم نادم علی گڈھی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دیباچہ

اکتوبر ۱۹۰۱ء کے اردوئے معلی میں ہم نے اپنا یہ ارادہ ظاہر کیا تھا کہ "اردو زبان کے تمام گزشتہ او موجودہ اساتذہ کا ایک ایسا تذکرہ ترتیب دیا جائے جس میں ہر استاد کا مفصل حال اور اس کے کلام پر بے لاگ تنقید موجود ہو اور اس تذکرے کی تقسیم باعتبار سلاسل شعرا پانچ جلدوں میں ہو اس طور پر کہ جلد اول میں سلسلۂ شاہ حاتم کے کل استاد اور صاحب دیوان شعرا کا ذکر ہو جلد دوم میں سلسلۂ مصحفی کا جلد سوم میں سلسلۂ ناسخ۔ جلد چہارم میں سلاسل میر تقی میر۔ میر سوز۔ میرزا مظہر۔ جعفر علی حسرت۔ غالب کا اور جلد پنجم میں اساتذۂ متفرق کا حال درج ہو"

ہم نے یہ بھی خواہش ظاہر کی تھی کہ "تکمیل دلچسپی و جامعیت کی غرض سے تذکرہ مذکور سے ملحق پانچ ہی جلدوں میں ایک دوسرا مجموعہ "انتخاب دواوین" تیار ہو جس میں انتخاب اس طور پر کیا جاوے کہ باوجود اختصار دیوان کی صورت قائم رہے یعنی اگرچہ منتخب غزلوں میں اصلی غزلوں سے اشعار کم ہوں لیکن غزل کی حیثیت بجنسہ قائم رہے یہ نہ ہو کہ مطلع و مقطع غائب کر دیا جاوے یا صرف درمیان کے دو ایک شعر درج کر دیے جائیں بلکہ زیادہ تر وہی غزلیں چھانٹی جائیں جنہیں منتخب ہونے کی حالت میں بھی غزل کی صورت باقی رہے یعنی جنمیں کم از کم پانچ شعر قابل انتخاب مل سکیں اور مطلع و مقطع قائم رہ سکے"

چنانچہ شعرائے سلسلۂ شاہ حاتم میں سے جن اساتذہ کا تذکرہ اردوئے معلی میں درج ہونے سے رہ گیا تھا اس کا حال اب جدید رسالہ تذکرۃ الشعراء میں برابر شائع ہو رہا ہے۔ جس وقت یہ حصہ مکمل ہو جائیگا فوراً کتابی شکل میں مرتب کر دیا جائیگا،

انتخاب دواوین کی پانچویں جلد ہدیۂ ناظرین کی جاتی ہے جلد دوم متعلق بہ سلسلۂ مصحفی کے اجزا رسالہ تذکرۃ الشعراء میں نکل رہے ہیں وہ جلد بھی انشاء اللہ تعالیٰ جلد پایۂ تکمیل کو پہنچ جائیگی، فقط

حسرت موہانی، ۷ر دسمبر ۱۹۱۴ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان

ولی دکنی

کیتا ہوں ترے نام کو میں ورد زباں کا
کیتا ہوں تری شکر کو عنوان بیاں کا

جس گرد اوپر پاؤں رکھیں تیرے رسولاں
اُس گرد کو میں کحل کروں دیدۂ جاں کا

مجھ صدق طرف عدل سوا ای اہل حیا دیکھ
تجھ علم کے چہرے پہ نہیں زنگ گماں کا

جاری ہوئے آنسو مری یوں سبزۂ خط دیکھ
اے خضر قدم سیر کر اس آب رواں کا

کہتا ہے ولی دل ستی یہ مصرعۂ رنگین
ہے یاد تری مجکو سبب راحت جاں کا

تری زلفاں کا ہر تار سیہ ہے کال عاشق کا
ہوا ہے جسکے جلوے سوں پریشاں حال عاشق کا

نہیں درکار تا بولے بیاں اپنی زباں سیتی
عیاں ہے اشک کے طومار سوں احوال عاشق کا

پیو چہو عشق میں جوش و خروش دل کی ہیئت
برنگ ابر دریا بار ہے رومال عاشق کا

جہاں جاتا ہوں وہاں آتا ہے اسکے من پیچھے
ترے برہی نے اے ظالم کیا دنبال عاشق کا

کدہیں دام محبت سوں خلاصی اسکو ممکن نہیں
تری انکھیاں کے دوڑے سوں بندھا ہے جال عاشق کا

ولی یوں مصرع رنگین ہوا ہے ورد جان و دل
فدا ہے عشق میں دلبر کے جان و مال عاشق کا

دلربا آیا نظر میں آج میری خوش ادا
خوش ادا ایسا نہیں دیکھا ہوں دوجا دلربا

بیوفا گر تجکو بولوں ہوں بجا ہے نازنین
نازنیں عالم منے ہوتے ہیں اکثر بیوفا

کم نما ہے نوجواں میرا برنگ ماہ نو
ماہ نو ہوتا ہے اکثر اے عزیزاں کم نما

مدعای عاشقاں ہر آں ہے دیدار یار
یار کے دیدار بن دوجا عبث ہے مدعا

کیمیا عاشق کے حق میں ہے نگاہ گلرخاں
گلرخاں سوں جگ کے پایا ہوں ولی کیمیا

شغل بہتر ہے عشقبازی کا
کیا حقیقی و کیا مجازی کا

آج تیری بھواں نے مسجد میں — ہوش کھویا ہے ہر نمازی کا
ہر زباں پر ہے مثل شانہ مدام — ذکر تجھ زلف کی درازی کا
گر نہیں راز عشق سوں آگاہ — فخر بیجا ہے فخر رازی کا
اے ولی سرو قد کوں دیکھوں گا — وقت آیا ہے سرفرازی کا

مت غصے کے شعلے سوں جلتے کو جلاتی جا — ٹک مہر کے پانی سوں یہ آگ بجھاتی جا
تجھ چال کی قیمت سوں دل میرا نہیں واقف — اے مان بھری چنچل ٹک بھاو بتاتی جا
تجھ مکھ کی پرستش میں گئی عمر مری ساری — اے بت کی پوجن ہاری ٹک اس کو پوجاتی جا
تجھ عشق میں جل جل کر سب تن کوں کیا کاجل — یہ روشنی افزا ہے انکھیاں کوں لگاتی جا
مجھ دل کے کبوتر کوں پکڑا ہے تری لٹ نے — یہ کام دھرم کا ہے ٹک اسکو چھڑاتی جا
تجھ گھر کی طرف سندر آتا ہے ولی دائم — مشتاق درس کا ہے ٹک درس دکھاتی جا

وو صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ — آتش عشق پڑی عقل کے سامان میں آ
ناز دیتا نہیں گر رخصت گلگشت چمن — اے چمن زار حیا دل کے گلستان میں آ
یاد آتا ہے مجھے جب وہ گل باغ وفا — اشک کرتے ہیں مکاں گوشۂ دامان میں آ
نالہ و آہ کی تفصیل نہ پوچھو مجھ سوں — دفتر درد بسا عشق کے دیوان میں آ
پنجۂ عشق نے بیتاب کیا جب سوں مجھے — چاک دل تب سوں بسا چاک گریبان میں آ
حسن تھا پردۂ تجرید میں سب سوں آزاد — طالب عشق ہوا صورت انسان میں آ
شیخ یاں بات تری پیش نجاوے ہرگز — عقل کوں چھوڑ کے مت مجلس رندان میں آ
درد منداں کو بجز درد نہیں صید مراد — اے شہ ملک جنوں غم کے بیابان میں آ
بسکہ مجھ حال سوں ہمسر ہے پریشانی میں — درد کہتی ہے مرا زلف ترے کان میں آ
غم سوں تیرے ہے ترحم کا محل حال ولی — ظلم کوں چھوڑ سجن شیوۂ احسان میں آ

ہے قد ترا سراپا معنی ناز گویا — پوشیدہ دل میں میرے آتا ہے راز گویا
معنی طرف چلا ہے صورت سوں یوں مرا دل — صورت ستی چلا ہے کعبے جہاز گویا
ہر یک نگہ میں تیری ہے نغمۂ محبت — ہر تار تجھ نگہ کا ہے تار ساز گویا

(نام شہر ۱۲)

تجھ زلف کو جو بوا ہمدوش مصرع قد
رکھتا ہے مجھ برابر فکر دراز گویا

وہ قاتل ستمگر آیا ہے یوں ولی پر
جلدی سوں صید اوپر آتا ہی باز گویا

ملا وہ گلبدن جسکوں اسے گلشن سوں کیا مطلب
جو پایا وصل یوسف اُسکو پیراہن سوں کیا مطلب

عزیزاں باغ میں جانا ہٹ دشوار ہی مجکوں
گلی گلرو کی پایا ہوں مجھے گلشن سوں کیا مطلب

ولی جنت منیں رہنا نہیں درکار عاشق کو
جو طالب لامکاں کا ہی اُسے مسکن سوں کیا مطلب

سینے میں ہی تجھ ابرو کی پیوست کی نشست
جوں تیرے دلمیں ہے نگہ مست کی نشست

تیرے دو نین دلمیں مری فتنہ خیز ہیں
مشکل ہے ایک ٹھاوں دو بدمست کی نشست

تا رُخ رنگ کوں زرد کری اُس سبب یہ غم
دلمیں ولی کے بس میں ہی جوں جنت کی نشست

جولانگری میں گرم ہے وہ شہسوار آج
سینے سے عاشقاں کے اُٹھا ہی غبار آج

بیشک کریگا خاطر عشاق باغ باغ
آیا ہے التفات پہ وہ نوبہار آج

ہے بیشمار دلمیں مرے خار خار شوق
چہرے کوں دیکھ مہر پہ تیرے نوکدار آج

اطراف آسماں کے ہجوم شفق نہیں
تجھ رنگ دینے ہوا کوں کیا لالہ زار آج

برجا ہے آسماں سوں تو اے صبح کری طلب
پایا ہی تجھ کرم سوں ولی اعتبار آج

دستا ہی تجھ جبین میں سراسر ظہور صبح
تجھ دیکھنے کوں جگ میں ہوا ہے عبور صبح

بیتاب آفتاب ہے تب سوں جہاں ہیں
دیکھا ہی تجھکوں جب ستی ای رشک نور صبح

تجھ مکھ کی آرسی میں ہے نور خدا عیاں
روشن ہی تجھ جمال ستی کوہ طور صبح

ظاہر ہیں تجھ بہار میں اسباب عیش کے
سبھی جلوہ گر تجھی ستی دار السرور صبح

تجھ مکھ کا نور جب سوں تماشا کیا ولی
کڑوا لگا ہی تب سوں جگت میں سرور صبح

جب سوں ہوا ہے آیہ قد دلربا بلند
سنتا ہوں ہر طرف سوں صدای بلا بلند

مت پست فطرتاں سوں مل ای سرو نازنین
تجھ قد کا نا نو جگ میں ہی نام خدا بلند

تجھ ابرواں کوں دیکھکے کیتا ہی اے صنم
تجھ حق منین ہلال نے دست دعا بلند

تیری ہواں میں نازکوں رہتا ہے اسقدر
کشتی میں جوں ہے مرتبۂ ناخدا بلند

میں عاشقاں کی فوج کا سردار ہوں ولی
مجھ آہ کا ہوا ہی علم تا سما بلند

ہوا ہی گرم توں جب آفتاب کے مانند
کیا ہے ہوش نے پرواز آب کے مانند

نکر سوال مرے درد کی حکایت کا
کہ مجھ زباں پہ ہے حاضر جواب کے مانند

نگاہ گرم سیں اُس شعلہ قد نے مجلس میں
کیا برشتہ ولی کوں کباب کے مانند

اب جدائی نکر خدا سوں ڈر
بیوفائی نکر خدا سوں ڈر

راست کیشوں سوں اے کماں ابرو
کج ادائی نہ کر خدا سوں ڈر

مت تغافل کو راہ دے اے شوخ
جگ ہنسائی نکر خدا سوں ڈر

خون عاشق سوں بی اجازت ناز
کف حنائی نکر خدا سوں ڈر

اے ستمگر غضب سوں تنگ ولی
کہربائی نکر خدا سوں ڈر

بیوفائی نکر خدا سوں ڈر
جگ ہنسائی نکر خدا سوں ڈر

ہے جدائی میں زندگی مشکل
آ جدائی نکر خدا سوں ڈر

آرسی دیکھ کر نہ ہو مغرور
خود نمائی نکر خدا سوں ڈر

اُس سوں جو آشنای درد نہیں
آشنائی نکر خدا سوں ڈر

اے ولی غیر آستانۂ یار
جبہہ سائی نکر خدا سوں ڈر

چمن میں جب چلے اس حسن عالمتاب سوں اُٹھکر
کرے تعظیم خوشبو ہر گل سیراب سوں اُٹھکر

تری باتوں کی نرمی کی اگر شہرت ہو عالم میں
وہیں آوے قدمبوسی کو مخمل خواب سوں اُٹھکر

تری ابرو کی پہونچے گر خبر مسجد میں زاہد کون
تماشا دیکھنے آوے ترا محراب سوں اُٹھکر

جو آیا مست ساقی جام لیکر
گیا یکبارگی آرام لیکر

نجانوں خط ترا کس بیٹھا پر
چلا ہے آج فوج شام لیکر

تری ساقی گری کون لالۂ باغ
کھڑا ہے منتظر ہو جام لیکر

میں اسکوں جونگیں کرتا ہوں سجدہ
جو کوئی آتا ہے تیرا نام لیکر

ولی تیری لباں سوں اے نمک طبع
چلا ہے لذت دشنام لیکر

اگر چمن میں چلے وہ رشک بہار
گل کریں نقد آب و رنگ نثار

بلبلاں ہر طرف سوں اُٹھ دوڑیں
دیکھنے کوں اُسے ہزار ہزار

جن نے دیکھا ہے اُس پریرو کوں
صورتِ ہوش سوں ہوا بیزار

تجھ درس کے خیال میں دائم
مثلِ مینا ہے چشم گوہر بار

یاد تجھ خطِ سبز کی اے شوخ
زخمِ دل پر ہے مرہمِ زنگار

بسکہ پایا ہے تجھ جفا سوں شکست
خانۂ دل ہوا ہے آئینہ زار

اے ولی اُس سے حرفِ ہوش نہ پوچھ
جو ہوا مستِ جلوۂ دیدار

عشق کے ہاتھ سوں ہوے دلریش
جگ میں کیا بادشاہ کیا درویش

جیو مرا ہو رہا ہے زیر و زبر
جب سوں تیرا فراق آیا پیش

جسکوں قربت ہے عشق سوں تیرے
اُسکے نزدیک کب عزیز ہوں خویش

اے ولی اُسکا زہر کیوں اُترے
جن نے کھایا ہے عاشقی کا نیش

کہوں کس سی عزیزاں جا کے دردِ بے نشانِ دل
نہیں اک گوش محرم تا سنے آہ و فغانِ دل

غبارِ خاطرِ غمناک سوں مجھ پر ہوا ظاہر
کہ غیر از درد دوجا نہیں ہی بار کاروانِ دل

بیانِ سینہ چاکاں اے ولی کیوں کس سکے اک ہر
کہ بوے گل سوں نازک تر ہی آہنگ زبانِ دل

آتا ہی جب چمن میں تو زرین کلاہ سوں
اُٹھتی ہی فوجِ حسن تیری جلوہ گاہ سوں

بزمِ ادا و ناز کوں وہ شوخ نازنین
خوشبو کیا ہے عنبرِ خط و نگاہ سوں

بیجا نہیں ہے رخ پہ مرے رنگِ اضطراب
باندھا ہوں دل کوں آہوے وحشت پناہ سوں

پروانہ وار عشق میں تیرے جو سر دیا
اُسکا کفن ہے رشتۂ شمعِ نگاہ سوں

حاجت نہیں چراغ کی مجھ گھر میں اے ولی
روشن ہی بزمِ عیش عزیزاں شمعِ آہ سوں

تجھ مکھ کی جھلک دیکھ گئی جوت چندر سوں
تجھ مکھ پہ عرق دیکھ گئی آب گہر سوں

ہر چند کہ وحشت ہی تجھ انکھیاں سیتی ظاہر
صد شکر کہ تجھ داغ کوں الفت ہی جگر سوں

اشرف کا یہ مصراع ولی اپنی ہی دلچسپ
الفت ہے دل و جانکو تیری ہی کمر سوں

باطن کی گر مدد ہو اُسے یار کر رکھوں
اپنے سخن کا اسکوں خریدار کر رکھوں

اُسکی ادا و ناز کی خوبی کا کر بیان
ہر خوبروں کوں صورتِ دیوار کر رکھوں

لائق ہے گر وہ شوخ کے اپنے نخر میں
آوے اگر پری تو پرستار کر رکھوں

برجا ہے گر کہے کہ چمن میں نگاہ کر
نرگس کوں اپنی چشم کا بیمار کر رکھوں
تسبیح تیری زلف کوں کہتی ہے اے صنم
یک تار دے کہ رشتۂ زنار کر رکھوں
تیرے خیال آنے کی پاؤں اگر خبر
سینے کوں داغ عشق سوں گلزار کر رکھوں
ایسے نصیب میرے کہاں ہیں ولی کہ آج
اُس گلبدن کو اپنے گلے ہار کر رکھوں

تصویر تری جا نزا مصفا پہ لکھا ہوں
یہ نقش پری پردۂ مینا پہ لکھا ہوں
فرہاد لکھا صورت معشوق حجر پر
میں صورت دلبر دل شیدا پہ لکھا ہوں
اے مردمک چشم تجہ انکھیاں کی یہ لالی
نرگس کے قلم سوں گل لالا پہ لکھا ہوں
تجہ نرگس مخمور کی کیفیت مستی
اکثر خط ساغر مستی صہبا پہ لکھا ہوں
اُسکے دہن تنگ کی تعریف کا نکتہ
صنعت سوں ولی دیدۂ عنقا پہ لکھا ہوں

خوبی اعجاز حسن یار اگر انشا کروں
بی تکلف صفحۂ کاغذ ید بیضا کروں
جوں نسیم اب لگ سبکروحی مجہے حاصل نہیں
کسطرح اس غنچۂ بند قبا کوں وا کروں
کیا کہوں تجہ قد کی خوبی سرو عریاں کے حضور
خود بخود رسوا ہے اسکو پھر کے کیا رسوا کروں
سر کروں جب وصف تیری جامۂ گلرنگ کے
جامۂ زیبان کو برنگ صورت دیبا کروں
رات کوں آؤں اگر تیری گلی کوں اے حبیب
زیور لب ذکر سبحان الذی اسرا کروں
آرزو دلمیں یہی ہے وقت مرنے کی ولی
سرو قد کوں دیکھ سیر عالم بالا کروں

دل ہوا ہے میرا خراب سخن
دیکھکر حسن بیحجاب سخن
راہ مضمون تازہ بند نہیں
تا قیامت کھلا ہے باب سخن
جلوہ پیرا ہو شاہد معنی
جب زباں سوں اُٹھے نقاب سخن
ہے تری بات اے نزاکت فہم
لوح دیباچۂ کتاب سخن
لفظ رنگین ہے مطلع رنگیں
نور تقطیع ہے آفتاب سخن
شعر فہموں کی دیکھکر گرمی
دل ہوا ہے میرا کباب سخن
عرفی و انوری و خاقانی
مجکوں دیتے ہیں سب حساب سخن
اے ولی دردسر کبھو نہ رہے
جب ملے صندل و گلاب سخن

سحر پرداز ہیں پیا کے نین
ہوش دشمن ہیں خوش ادا کے نین

اے دل اسکے آگے سنبھل کر جا
تیغ بر کف ہیں میرزا کے نین

دل ہوا مجھ سوں آج بیگانہ
دیکھ اُس رشکِ آشنا کے نین

نرگستاں کوں دیکھنے مت جا
دیکھ اُس نرگسیں قبا کے نین

وہ ہے گلزارِ آبرو کا گل
حق نے جسکوں دیے حیا کے نین

اے ولی کس آگے کروں فریاد
ظلم کرتے ہیں بیوفا کے نین

سیہ روئی نہ لیجا حشر میں دنیائے فانی سوں
سیہ نامی کوں دھوا ہی بخیرِ انجھواں کے پانی سوں

شبِ غم روزِ عشرت سوں بدل ہووے اگر دیکھے
میری جانب وہ مہرِ ذرہ پرور مہربانی سوں

اپس کے سر پہ مارا کوہکن نے تیشۂ غیرت
ہوا جب خسروِ عالم ولی شیریں زبانی سوں

صدق ہے آبِ رنگِ گلشنِ دین
پاکبازی ہے شمعِ راہِ یقین

قد سوں تیری عیاں ہے اے جاناں
صورتِ ناز و معنیِ تمکین

بسکہ رویا ہوں یاد کر کے تجھے
چشم میری ہے دامنِ گلچین

زلف تیری ہے اے وفا دشمن
دشمنِ دین و دشمنِ آئین

اے ولی تب نہاں ہو لیلِ فراق
جب عیاں ہو وو آفتاب جبین

گریۂ عشاق سوں خنداں ہے باغِ بزمِ حسن
مغزِ پروانہ سوں روشن ہے چراغِ بزمِ حسن

عاشقاں اس آتشیں رخسار کے چہرے اوپر
پیچ و تابِ زلف ہے دودِ چراغِ بزمِ حسن

حسن کی مجلس کوں جب روشن کیا وہ شمع رو
خوبرویاں سب ہوئے جوں لالہ داغِ بزمِ حسن

آتشِ غیرت سوں گل پانی ہوا ہے مغزِ شمع
وہ صنم جب سوں ہوا عالی دماغِ بزمِ حسن

صرف کرتا ہے ولی عالم منیں نقاشِ صنع
عیش کی تصویر میں رنگِ فراغِ بزمِ حسن

ہوا ہے جب سوں ترا تل سوارِ آتشِ حسن
سپند وار ہے دلِ بیقرارِ آتشِ حسن

ہنوز حسن کی گرمی بجا ہے اے گلرو
خطِ سیاہ ہے تیرا حصارِ آتشِ حسن

یہ خط کو دود نمط دیکھکر ہوا معلوم
کہ گرم پھر کے ہوا روزگارِ آتشِ حسن

وہ شمع بزمِ ادا بر میں کر لباس زری
ہے آفتاب منِ شعلہ زارِ آتشِ حسن

ہے لب آب و رنگ حیا کہیم داس میں
آتا نہیں کسی کے خیال و قیاس میں

بیراگیوں کے پنتھ میں آ کر وہ مہ جبیں
بیراگ کون اُٹھا کے چڑھایا اکاس میں

ہے اسکے مکھ سوں جلوہ نما موج آب و تاب
موتی کے مثل گرچہ ہے سادے لباس میں

لگتا ہے اُس گروہ میں وہ سرو نازنین
گویا گل گلاب کا جلوہ ہے گھاس میں

اُسکی بھنواں کو بوجھ کے شمشیر آبدار
اہل ہوس کی عقل ہے دائم ہراس میں

آوے فلک سوں زہرہ اُتر گروہ مہ جبیں
یک تان گاوے رامکلی یا بہاس میں

جاتا ہوں باغ یاد میں اُس چشم کے ولی
شاید کہ بوئی اُسکی ہو نرگس کی گھاس میں

یکبار میری بات اگر گوش کرے توں
ملنے کوں رقیباں کی فراموش کرے توں

ہے لیک ترے نین میں کیفیت مستی
یک دید میں کونین کو بیہوش کرے توں

ای سرو گل اندام اپس نقش قدم سوں
بر جا ہے اگر صحن کو گلپوش کرے توں

غیرت سوں کرے چاک گریبان دل پرخون
گر گل کی حمائل کوں ہم آغوش کرے توں

ای جان ولی وعدہ دیدار سوں اپنے
ڈرتا ہوں مبادا کہ فراموش کرے توں

ای دل سدا اُس شمع پر پروانہ ہو پروانہ ہو
اُس نوبہار حسن پر دیوانہ ہو دیوانہ ہو

اے یار تجھ منظور ہے گر آشنائی عشق کی
ہر آشنائے عقل سوں بیگانہ ہو بیگانہ ہو

میری طرف ساغر بکف آیا ہے وہ مست حیا
ای دل تکلف بر طرف مستانہ ہو مستانہ ہو

جاری رکھیگا کب تلک رسم جفا و جور کوں
ای جان من ہر دل سنے جانانہ ہو جانانہ ہو

مجکوں خمار درد سوں پیدا ہوا ہے درد سر
ای گردش چشم پری پیمانہ ہو پیمانہ ہو

اسوقت پیتم کی نگہ کرتی ہے مشق دلبری
یہ آن غفلت کی نہیں فرزانہ ہو فرزانہ ہو

میرے سخن کوں مہر سوں سنتا ہے وہ رنگین ادا
اے سرگذشت حال دل افسانہ ہو افسانہ ہو

عالم میں تجکوں ای ولی ہے فکر جمعیت اگر
ہر دم خیال یار سوں ہمخانہ ہو ہمخانہ ہو

صحبت غیر میں جایا نہ کرو
اپنے عاشق کو رلایا نہ کرو

حق پرستی کا اگر دعوا ہے
بے گنہ ہوں کو ستایا نہ کرو

دلکو ہوتی ہے سجن بیتابی
زلف کوں ہاتھ لگایا نہ کرو

نگہ تلخ سوں اپنے ظالم
زہر کا جام پلایا نہ کرو
ہمکو برداشت نہیں غصے کی
غیر کوں ان درس دکھایا نہ کرو
پاکبازاں میں ہے مشہور ولی
اس سوں چہرے کوں چھپایا نہ کرو

دیکھ دستار بسنتی ساقی سرشار کی
کھل گئی ہیں آج انکھیاں نرگس بیمار کی
بات کہنے کا کبھی جو وقت پاتا ہے غریب
بھول جاتا ہے وہ سب کچھ دیکھ صورت یار کی
اے ولی اس بیوفا کی مہربانی پر نہ بھول
دلکا دشمن ہے مگر کرتا ہے باتیں پیار کی

اس سرو نوش ادا کوں ہمارا سلام ہے
اس یار بیوفا کوں ہمارا سلام ہے
لینا نہیں سلام ہمارا حجاب سوں
اس صاحب حیا کوں ہمارا سلام ہے
اس باج دل میں میرے نہیں اور مدعا
اس دلکے مدعا کوں ہمارا سلام ہے
ناز و ادا سوں دلکوں مرے مبتلا کیا
اس نازنین پیا کوں ہمارا سلام ہے
آرام جان و دل ہے ولی جسکا دیکھنا
اس جان دلربا کوں ہمارا سلام ہے

اگر گلشن طرف وہ نو خط رنگین ادا نکلے
گل ریحان سوں رنگ و بو شتابی پیشوا نکلے
کھلے ہر غنچۂ دل جوں گل شاداب شادی سوں
اگر ٹک گھر سوں باہر وہ بہار دلکشا نکلے
نثار اسکے قدم اوپر کروں انجھواں کے گوہر سب
اگر کرنے کو دلجوئی وہ سرو خوش ادا نکلے
بجلی ورس کی ہرگز نہ پہنچو اسے پری پیکر
ولی تیری گلی میں جبکہ مانند گدا نکلے

پڑا حیرت میں دل اس حسن عالمگیر کے دیکھے
مصور دنگ ہے جس جلوۂ تصویر کے دیکھے
ہوا ہوں محو یوں اس زلف خم در خم کے دیکھے سوں
کہ جوں ہوتی ہے طالب کی حقیقت پیر کے دیکھے
کہا یوں دل مرا تیری نگاہ تیز کی خاطر
کماں آغوش جوں کر کھولتی ہے تیر کے دیکھے
ترے ماتھے کے صفحے پر خط لکھا قدرت کی کاتب نے
تعجب میں ہیں سب خطاط اس تحریر کے دیکھے
ولی کے دلکوں یوں ہوتی ہے راحت تجھ گلی بھیتر
کہ جوں ہوتی ہے خاطر منشرح کشمیر کے دیکھے

جس وقت تبسم میں وہ رنگین دہن آوے
گلزار میں غنچے کے دہن پر سخن آوے
تا حشر اٹھے بوئے گلاب اسکے عرق سوں
جس بر میں یکبار وہ گل پیرہن آوے
ہرگز سخن سخت کوں لاوے نہ زبان پر
جس ذہن میں یکبار وہ نازک بدن آوے

بھر جا ہی اگر جگ میں ولی پھر کے دوجی بار
رکھ شوق موں شعر کا شوق حسن آوے

[illegible] گر وہ عشوہ و ساز آوے
بجا دیں بلبل شادی کا اگر وہ دلنواز آوے
[illegible] دیا ہے سر تجکو
[illegible] انکھیاں کروں [illegible]
جنون عشق میں مجکوں نہیں زنجیر کی حاجت
اگر میری خبر لینے کو وہ زلف دراز آوے
[illegible]
[illegible]

[illegible] داغ عاشقی
[illegible] داغ عاشقی
اشک خون آلود ہے سامان طغرای نیاز
مہر فرمان وفاداری ہے داغ عاشقی
آپ سوں دریا کے ہرگز کام نہیں عشاق کو
گریۂ حیرت سوں ہی سرسبز باغ عاشقی
گر طلب ہے تجکوں راز خانۂ دل ہو عیاں
آہ کی آتش سوں روشن کر چراغ عاشقی
وہ نہاں باغ میں ہرگز نجا ہی ولی
گرنہ دیوی نالۂ بلبل سراغ عاشقی

مکتب میں جسکے ہاتھ ادا کی کتاب ہے
خوبی میں آج ہم سبق آفتاب ہے
ظاہر ہوا ہے مجھپہ ترے ناز سوں صنم
رنگیں بہار حسن بہار عتاب ہے
تیرے نین کے غصے میں ہے وقت شراب
میخانہ تجھ نگاہ سوں دائم خراب ہے
دیوان میں ازل کے لکھا جب سوں عشق و حسن
تب سوں نیاز و ناز میں باہم حساب ہے
پوشیدہ حال عشق رہی کیوں نکای ولی
غماز تار زلف [illegible] نقاب ہے

سنبل ہی سب بہار کہوتی ہی
مرد کا [illegible] آج ہے
[illegible]
زلف [illegible]
اے ولی آب اشک جہری کی
[illegible] دلکا غبار کہوتی ہے

[illegible]
[illegible]
[illegible] نہیں چمن کو
دشمن [illegible] ایک تیرا [illegible] ہے
[illegible] کیا کام [illegible]
[illegible]
[illegible] کون دنیا
[illegible]
[illegible] ولی پر
[illegible]

منتخب دیوان
فراسو

پھبتا ہی کیا ہی تجھکو اے یار مسکرانا ۔۔۔ تک واسطے خدا کے یکبار مسکرانا
گر جائے گی سبھوں کی نظروں سے اسکے آگے ۔۔۔ اے برق دیکھیو مت زنہار مسکرانا
غنچوں کو اے ستمگر تیرے دہن کے آگے ۔۔۔ ہنسنا تو یکطرف ہے دشوار مسکرانا
شاعر ہے پوچ گوئے اپنا یہ آپ قائل ۔۔۔ یارو نہ اسکی سنکر اشعار مسکرانا

ہمارا یار ہمسے جب تلک باہم نہوئیگا ۔۔۔ جو دل میں درد ہی ہرگز دوا سے کم نہوئیگا

ہاتھوں سے نہ اک تار گریبان میں چھوڑا ۔۔۔ پاؤں نے نہ اک خار بیابان میں چھوڑا

کبھی رہتا نہیں بن چاک ہمارا سینا ۔۔۔ ناصحا زخم کو سینے کے دو پارا سینا

دم خفا تجھسے ہوا اور میں خفا دم سے ہوا ۔۔۔ رفتہ رفتہ یہ مرا حال ترے غم سے ہوا

سر بدن سے ہو جدا اور ہاتھ شانے سے جدا ۔۔۔ پر نہ سر میرا ہو تیرے آستانے سے جدا
کیا بہانے تھی تجھے اے چشم آنسو بزم میں ۔۔۔ ہوگیا وہ یار تجھسے اس بہانے سے جدا
یوں دل آوارہ اپنا اے فراسو گم ہوا ۔۔۔ مرغ وحشی جیسے ہووے آشیانے سے جدا

مجھکو کہتے ہیں بڑا ڈھب ہے تجھے یاری کا ۔۔۔ سوچنا طور ذرا آپ کی عیاری کا

ہیں داغ و آبلے سے یوں دل میں جام و مینا ۔۔۔ جیسے دھرے ہوں ساقی محفل میں جام و مینا
گلشن میں دیکھ بلبل کیا عکس سرو و گل سے ۔۔۔ ہی نہر کے کنارے ساحل میں جام و مینا
بیعت کروں نہ کیونکر پیر مغاں کی زاہد ۔۔۔ ہی دستگیر مستاں مشکل میں جام و مینا
پر خون ہیں چشم و دل میں اپنے ہمیں غنیمت ۔۔۔ گو اب نہو ہماری محفل میں جام و مینا
گردوں کے اب فراسو سنگ ستم سے لاکھوں ۔۔۔ ٹکڑے ہو گئے ہیں یاں گل میں جام و مینا

دیکھا ہے جب سے پیرہن اس نوبہار کا ۔۔۔ دامن نہیں ہے ہات میں صبر و قرار کا

عشق مجھکو اب تو اسحالت پہ پہونچانے لگا دیکھکر ہر کوئی اشک آنکھوں میں بھر لانے لگا
آئے ہو دامن کشاں شاید چمن میں پھر بہار ہاتھ پھولونکا بھی کچھ اب جیب تک جانے لگا
حال اس نوبت کو پہونچا یا مرا اس عشق نے دیکھکر ہر کوئی اشک آنکھوں میں بھر لانے لگا
پھر گئی شاید فراسو کچھ زمانے کی ہوا یاں سے خط جانے لگا اور وہاں سے پھر آنے لگا

جو آپ کی دوری میں دلپہ مرے غم گذرا فرہاد پہ کم گذرا مجنوں پہ بھی کم گذرا
تنہا ذات فراسو کا مہماں وہ شیریں لب کیا کہیئے فراسو اُس سے جو کچھ کہ ستم گذرا

ردیف "ب"

مست میری لاش کو چمن یاسمیں میں داب ای رشک گل تو اپنی گلی کی زمیں میں داب
ابرو کماں کے تیر ستم میں لئے سیکڑوں رکھے ہیں تو وہ دل اندوہگیں میں داب
رولو فراسو کھول کے دل بزم یار میں تا چند غمکو رکھوگے جان حزیں میں داب

ردیف "ت"

وصل ہی اسکی دوائی سو دوائی ہے سخت جی چھوڑیگا مرا درد جدائی ہے سخت

ردیف ث

سے دست جنوں تیرا گریباں ہی میراث اے خار بیاباں ترا داماں ہے میراث
جو درد و الم کی جگر چاک ہے جاگیر تو سوزش غم کی دل بریاں ہے میراث
دیکھا نہ کبھو لکو فراسو ترے خنداں اسکی مگر اب زلف پریشاں ہی میراث

ردیف ج

ہمکو کبھو تو بھلا نامہ و پیغام بھیج دن کو ہی یا رات کو صبح کو یا شام بھیج
نہ حشمت روم کی خواہش نہ ملک شام لیتے ہیں تمہارے نام کو ہم صبح سے تا شام لیتے ہیں

ردیف ح

گلتے ہیں قول معرفت مرغ چمن علی الصباح بکتے ہیں آکے وجد میں سرو سمن علی الصباح
بند قبا نہ پھول کے شرم سے کھولی باغ میں دیکھے صبا کھلا اگر تیرا بدن علی الصباح
ہوئے فراسو عقل و ہوش محو ہوئی بیک نگاہ آج سُنے جو رشک مہ تیرا سخن علی الصباح

ردیف خ

واں ہے تمہاری بزم میں جامِ سرخ جام سرخ
یاں ہیں رشکِ خون سے آنکھیں مدام سرخ

ردیف "د"

رکھہ اسکے تصور میں سدا دیدۂ تر بند
لازم ہے کہ کاشانۂ خلوت کا ہو در بند

ردیف "ر"

میں تو بیٹھا تھا غرض اُس سے کنارا کھینچکر
لوگ آخر لے گئے مجھکو دو بارا کھینچکر

روٹھ کر پھاڑو گریبان تم ہمارا کھینچکر
ہم منا لینگے تمہیں دامن تمہارا کھینچکر

اپنی تو بخت سکندر پر فراسو مت اکڑ
دیکھہ ذلت مرگیا آخر کو دارا کھینچکر

بلبلیں بولیں ہیں ہردم نالۂ جانکاہ کر
گوش گل کیوں کر دیا تو نے مری اللہ کر

ہو کیوں نہ مہر و مہ کا داغ آسمان پر
دن رات جبہ سا ہی تری آستان پر

قامت ہی مثل سرو دہن غنچہ رخ چمن
کیا ہی بہار حسن ہی اس نوجوان پر

قدرت نہیں جو آؤں تمہارے پلنگ پر
جب تک نہ تم بلاؤ کہ آ رے پلنگ پر

جسکے لئے بچھائے ہیں پھولوں کی سیج روز
وہ گل کبھی نہ آیا ہمارے پلنگ پر

مہتابی پر محل کے شب ماہتاب میں (ق)
تم میرے ساتھ سوئے جو پیارے پلنگ پر

حیرت رہی نہ دیدۂ مہتاب کو فقط
تکتے رہے تمام ستارے پلنگ پر

پڑتی نہیں ہی کل کسی کروٹ ذرا مجھے
پھرتا ہوں لوٹتا ہوا سارے پلنگ پر

منصف ہو تم ہی جس سے جدا اتنا ماہ ہو
وہ کالی رات کیونکہ گذارے پلنگ پر

فرقت میں شب فراسو صنم گلعذار کے
لگتے ہیں ہمکو پھول شرارے پلنگ پر

اے دل مضطر تو زیر خاک نالوں کو نہ چھیڑ
چین لے اب تو عدم کے سونیوالوں کو نہ چھیڑ

کیوں وبال جان کیا چاہیے ناصح زندگی
تیرہ بخت اس زلف کے آشفتہ حالوں کو نہ چھیڑ

ای فراسو سُن بقول شخص کیا ہی فائدہ
دم میں خوش دم میں خفا ہو جانیوالوں کو نہ چھیڑ

ردیف س

بیٹھے ہیں غیر یوں مرے دلبر کے آس پاس
ہو خار جس روش سے گل تر کے آس پاس

اے دردمان یہ دیکھو کہ یہ تو نالے سے صبح ہے | لخت جگر نہیں مرے بستر کے آس پاس

بہتر اچھا یہ کہو بیٹھا [illegible] انگار قفس | پر طوطی [illegible] نہ نگار قفس

ردیف [illegible]

مرا یہ سوز و گداز سے دل ہی تاب کہاں آتش | کہ جیسے رہتی ہے شمع محفل ہی با جگر آتش

لب یہ تمہارے صبح سے تا شام ہے چہ خوش | سمجھے یہ ہم کہ آپکا تکیہ کلام ہے چہ خوش

لیتے سلام بھی نہیں میرا کبھی غرور سے | آپکے اس غرور کو میرا سلام ہے چہ خوش

خوب غزل ہے گرم سبھی شعر ہیں پر شرر سبھی | بارے فرآسو تیرا بھی کیا ہی کلام ہے چہ خوش

ردیف ض

کیسے کھٹے یہ ترے مہر کا قربان عارض | کہ یہ مہتاب سے چمکے ہے دو چندان عارض

ردیف عین

در پہ بیٹھا ہوں نہیں ہے آہ و زاری سے فراغ | منہ دکھا جا کر لے ایکدم شرمساری سے فراغ

دل فرآسو جب سے اسکی چشم میگوں پر ہے غش | مست رہتا ہوں میں کر کے ہوشیاری سے فراغ

ردیف ف

میری تربت پر بشر طلیکہ ہوش جرف کو حرف | قتل کی ماجرے کے دیکھیو لکھ حرف بحرف

حرف تسکین بھی کہیں اسمیں لکھا ہوگا | پڑھ ہوا اس خط کو فرآسو تو ہر اک حرف بحرف

ردیف ق

نکلی نہ دل سے تہ خاک الفت معشوق | برنگ خار ہوں بیجان بدولت معشوق

ردیف ک

یوں لگانے عشق لالہ رو سے میری پیرہن تک آگ | موسم گل جس روش بھڑکا کے گلشن میں آگ

آہ سوزاں کا میرے ہرگز اثر ہوتا نہیں | لگ گیا اے بیدرد اس ترے دل پر فقط آگ

طاس کا سنجات ہے یا آہ سوزاں سے مری | اے فرآسو ہے لگی دلدار کی دامن میں آگ

قاصد یہ کہیو اس بت مغرور سے الگ | کب تک رہوگے عاشق رنجور سے الگ

ردیف ل

آج کسے نے پیاسا غزل برسر گل | اگر ... سے گل ... [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ردیف ن

اب کی جو شب ہجر تو بیمار ہوا اور بیں ہوا | اس وعدہ خلافی کی تکرار ہوا اور بیں ہوا

وہ دل میرا مانگے ہے اب وصل کا طالب ہوا | انکار ہوا اور وہ ہوا اقرار سے اور بیں ہوا

وہ دن گئے جب تیرا دیدار تھا اور بیں اتنا | اب روبرو آنکھوں کے دیوار ہوا اور بیں ہوا

وہ بیخودی گداز بیا اشفاق نہیں کرتا | ایکدن ... خوباں کا وہ بیمار ہوا اور بیں ہوا

دل ہمارا ایمان کو دو بیٹھا فرآسو ہیں | جنت ... کر اب ... ہوا اور بیں ہوا

[illegible]

[illegible]

فرآسو آئی دو بالا تظر ہمیں چمکا	وہ ماہتابی پہ بیٹھے جو ماہتاب کے دن
مرتے ہیں ہم کسی پہ یہی ہم الفت کے یہ معنی ہیں	ہم تمکو نہیں کچھ بھی پتا غفلت کے یہ معنی ہیں
جب سے تمہیں دیکھا ہی - آیئنہ نمط ہمنے	جھپکیں نہ کبھی پلکیں حیرت کے یہ معنی ہیں
دل چیز ہے کیا پیارے واللہ جو تم مانگو	ہم جی بھی تمہیں دیویں چاہت کے یہ معنی ہیں
کل پڑتی نہیں دلکو بن دیکھے تری صورت	اس عالم صورت میں صورت کی یہ معنی ہیں
ساتھ اپنے سدا لشکر ہی گریہ و نالے کا	شوکت اسے کہتے ہیں حشمت کی یہ معنی ہیں
ہم خاک ہوئے تو بھی در سے نہ ٹلے تیرے	الفت اسے کہتے ہیں چاہت کی یہ معنی ہیں
دل بند فرآسو ہی اس شوخ کی کاکل میں	جی چاہ ذقن میں ہی چاہت کی یہ معنی ہیں
حال سے میرے کوئی تجھکو خبر کرتا نہیں	یاں فقط نالا ہے سو وہ بھی اثر کرتا نہیں
کیوں نہ دل میرا کرے اب اضطراب آغوش میں	ایک شب بیٹھا نہ وہ خانہ خراب آغوش میں

ردیف "و"

میں تو پڑا ہوں در پر اُسکے انکو کچھ فرمانے دو	بھوکا تھا اس ناز کا میں بھی گالیاں مجھکو کھانے دو
مکھڑا کہیں دکھا تو اُلٹ کر نقاب کو	تا بھول جاؤں دل سے میں رنج و عذاب کو
آباد ایک روز نہ دیکھا کبھو اُسے	کیا لیکے میں کروں دل خانہ خراب کو
سب تجھے معلوم ظالم اسکی ہی چاہت ہمارا ہو	لگے تیرا کہیں دل اور تجھکو بیقراری ہو

ردیف "ہ"

یوں ہم آغوش ہوں پری کی ساتھ	جسطرح جسم ہووے جی کیساتھ

ردیف ی

اے ہوس میں وصل کی تو نہ نام لیجیے	کیا یاد ہم کرینگے کر انعام لیجیے
آہ و فغاں و گریہ و سوز و تپاک و درد	کیا ہم بھی ساتھ اپنے سرانجام لیجیے

تمام شد دیوان فرآسو صاحب فرنگی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

منتخب دیوان شاہ مبارک

آبرو

آیا ہی صبح نیند سں اُٹھ رس بسا ہوا
جاما گلے میں رات کا پھولوں بسا ہوا

کم مت گنو یہ بخت سیاہوں کا رنگ زرد
سونا وہی کہ ہووے کسوٹی کسا ہوا

انداز سے زیادہ نپٹ ناز خوش نہیں
جو خال اپنی حد سے بڑا سو مسا ہوا

قامت کا سب جگت میں دوبالا ہوا ہی نام
قد اسقدر بلند تمہارا رسا ہوا

اول ہی آبرو تو سمجھ پیچ عشق کا
پھر زلف سے نکل نسکیگا پھنسا ہوا

جدائی کے زمانے کی سجن کیا زیادتی کہیے
کہ اس ظالم کی ہمپر جو گھڑی بیتی سو جگ بیتا

چہرے نے سرخ تیرے سارے جگت کو موہا
اے لعل تیرے سر پر یہ آج خوب سوہا

رخسار کے گل اوپر شبنم ہے یہ پسینا
کیا سرخ ڈانک پر ہے الماس کا نگینا

خجلت سے تجھ نگہ کی مے ہو گئی ہی پانی
کہنا بجا ہوا ہے شیشے کو آبگینا

مشتاق عذر خواہی نہیں آبرو تو کیا ہی
یوں روٹھ روٹھ چلنا چل چل کے پھر ٹھٹھکنا

یہ سبزا اور یہ آب رواں اور ابر یہ گھرا
دوانا ہیں نہیں گھر میں ہوں کیوں [illegible]

گیا تہا رات جھڑ بدلی میں ظالم کسطرف کو تو
تڑپنے سے دل مرا بجلی کی بیتاب تک نہیں ٹھہرا

بوسہ لباں ستے شیخ نے لیا، کہہ کے پھر گیا
پیالہ بھرا شراب کا افسوس گر گیا

نین سے نین جب ملائے گیا
دل کے اندر مرے سمائے گیا

نگہ گرم سے مرے دل میں
خوش نین آگ سی لگائے گیا

تیرے جانے کی سن خبر عاشق
یہی کہتا ہوا کہ ہائے گیا

سہو کر بولتا تھا مجھ سیتی
بوجھ کر بات کو چھپائے گیا

آبرو جب سیج مرتا تھا
مکھ دکھا کر اُسے جلائے گیا

دل گئیں آپس میں نظریں ایک عالم ہوگیا
جو کہ ہونا تھا سو کچھ آنکھوں میں باہم ہوگیا

ساتھ میں تیرے سے جو کچھ تھا سو پیاری عیش تھا
جب سے تو بچھڑا ہی تب سے عیش سب غم ہوگیا

نہ چھوڑے سے آج پیا نے جی کسد کا
تمہارا ہنس کے یوں کہنا اجی کا

تری صورت کا جب سوں نقش دیکھا
گیا رتبہ نظر سے گر پری کا

سخن سنجاں میں ہے گا آبرو آج
نہیں شیریں زباں تا کر سری کا

کمان ہوا ہے قد ابرو کے گوشہ گیروں کا
لٹا ہی حال تیرے زلف کے اسیروں کا

برہ کی راہ میں جو کوئی گرسو پھر نہ اٹھا
قدم پھرا نہیں یاں آکے دستگیروں کا

وہ اور شکل ہی کرتی ہی دلکو چوں تسخیر
عبث ہے نسخۂ تیرا نقش یہ لکیروں کا

ہیلے میں جون کہ ہنکا ہو آبرو کا دل
سجن کی زلف نے لٹکا لیا فقیروں کا

مست دل ہی مدام تجھ لب کا
جام صہبا ہے نام تجھ لب کا

دل کے غنچوں کو کھول جب دیکھا
شوق پایا تمام تجھ لب کا

مہر لبا ہوا حلاوت سے
حرفگو یاں کو نام تجھ لب کا

آبرو آب زندگی سے لذیذ
جان لیتا ہے جام تجھ لب کا

یہ رسم ظالمی کی دستور ہی کہاں کا
دل چھین کر ہمارا دشمن ہوا ہی جان کا

بیتابی دل آج میں دلبر کہوں گا
ذرے کی تپش مہر منور سے کہوں گا

جو کہ محرم ہے عشق بازی کا
دل سے عاشق ہی جانگدازی کا

ہر گدا گوشۂ قناعت میں
شاہ ہے ملک بے نیازی کا

کیونکر نہ گرم ہووے فغاں عندلیب کا
جلتا ہے گل کی آگ میں جان عندلیب کا

جب سے غرور رنگ گل کا ہوا اُسکے تئیں یقین
جاتا رہا ہے تب سے گماں عندلیب کا

اسکا کنار گل ہی میں عالم ہے یک جدا
پہچانتا ہے کون مکان عندلیب کا

لائی ہے جب سے بات چمن کی زباں اوپر
رنگین ہوا ہے تب سے بیان عندلیب کا

تو کب ملا تھا پیارے ہمسے جو آج روٹھا — دیکھا یہ اسنے کا یہ روٹھنا انوٹھا

ملنے پہ غیر کے اب کیوں پوچھتا ہی پیارا — ازماونکو شاید لیتا ہے دل ہمارا

ملنے کے شوق میں ہم گھر بار سب لٹایا — مدت میں گھر ہمارے آیا تو گھر بنایا

مرے پیارے سے قاصد اتنی دلکی بات جا کہنا — کہ جانے سے تمہارے جان کا مشکل ہوا اب رہنا

جسے ہو زیب ذاتی اسکے تئیں ہے عیب آرایش — کرے ہی بدنما البتہ حسن ماہ کو گہنا

نامہ بر کا رنگ ہووے ڈر سے تیرے باختہ — تجھکو دیکھ اے سرو ہو جاے کبوتر فاختہ

ہمسے چرا کے آور سے آنکھیں ملا گیا — ظالم کسیکو مار کسیکو جلا گیا

شرم سے آنکھوں کی تیرے آب ہوئی ہے شراب — آگ میں جلتا ہی میرا رشک سے دلکا کباب

شرم نے تجھ زلف و رخ کے باغکو دریا کیا — گل ہوا ہی آب اور سنبل ہوا ہی موج آب

٭ کوئل نے کوک آ کے سنائی بسنت رت — بورائے عام و خاص کہ آئی بسنت رت

بلبل ہوا ہے دیکھ سدا رنگ کی بہار
اس سال آبرو کو بن آئی بسنت رت

بیٹھے وہ زرد پوش جھلک سے بنا بسنت — چاروں طرف سے آج اٹھی جگمگا بسنت

مارا ہے جوش رنگ خزاں نے بہار کا — لائی ہی حسن و عشق کو باہم ملا بسنت

کیوں ہو رہی ہی عشق کے مارے تمام زرد — رکھتی ہی کسکے حسن کی دل میں ہوا بسنت

جاتا لباس زرد سے تیرے وگرنہ ہم — واقف نہ تھے کہ ہو ہے ایسی خوشنما بسنت

دل نے پکڑی ہے یار کی صورت — گل ہوا ہے بہار کی صورت

کوئی گل رو نہیں تمہاری شکل — ہمنے دیکھی ہزار کی صورت

تجھ گلی بیچ ہو گیا ہے دل — دیدۂ انتظار کی صورت

وصل کے بیچ ہجر جائے بھول — جوں نشے میں خمار کی صورت

کچھ [illegible] ی نہیں کہ کیسا ہو گی
اس دل بے قرار کی صورت

وہ زرد پوش جبکہ میرے آغوش میں رہا لیا — گویا کہ تب گلے سے لگا نے بسنت رت

جوں سپاہی مورچے کی اوٹ میں کرتا ہی چوٹ
یوں تمہارے وار کرتے ہیں نین مژگاں کی اوٹ

اسطرح مت دیکھ لے خونیں نین فریاد سن
دل نگہ تیری سے ہو جاتا ہی ظالم لوٹ پوٹ

شوق بڑہتا ہی مرے جی کا دل افگاروں کے بیچ
جوش کرتا ہی جنوں مجنوں کا گلزاروں کے بیچ

عاشقوں کے بیچ مت لیجا دل بے شوق کو
شیشۂ خالی کو کیا عزت ہی میخواروں کے بیچ

رو برو اور آنکھ اوجہل ایک سا ہو جسکا پیار
اسطرح کا کوئی نظر آتا نہیں یاروں کے بیچ

رو دینے سے عاشقوں کا شوق ہوتا ہی یار
عیش دونا ہوے میخواروں کے تئیں تاروں کے بیچ

آبرو غم کے بہنور میں دل خدا سیتی لگا
نا خدا کچھ کام نہیں آتا ہے منجدھاروں کے بیچ

کیا کہوں اپنے دلستاں کی طرح
پھر آیا گیا جو جاں کی طرح

ہوا کچھ حسن اور خوبی کے لکھنے میں صفا کاغذ
رقم ہوتے ہی رخسارا مخطط ہو گیا کاغذ

جان اگر دشمن ہوئے ہو تم ہمارے اسقدر
تو ہمارے دلکوں لگتے ہو پیارے اسقدر

غم سے بجا ہوئی ہیں مری چشم رودبار
مجھسے ہوا کبھی نہ مرا یار ہمکنار

سب سے ملے پر ایک سے ہے ہم امیدوار
جاویگا حسن ہمکو مگر تب کروگے یار

بلبل سے دل کو کہول کہو گل سے ٹک ہنسے
پھر آبرو کا وقت کہاں جب گئی بہار

بلبلیں روتی ہیں میرے غمسے اور گلزار زار
حیف کیوں ہوتا نہیں تو ہمسے ای عیار یار

ان لباں کو یقین مصری جان
راست کہتا ہوں اسمیں مت شک کر

آج پھر ہمسے کر دیا ہے اداس
ان رقیبان کا جائے ستیا ناس

سیج تیری کے شوق میں چھوڑا
رات کو پھول نے چمن کا باس

سر چڑہا ہی تمہن کا منہ پاکر
عاشقی بوالہوس کو آ لگی راس

غیر صحبت میں اب لگے جانے
چھوڑ کر اپنی آبرو کا پاس

تیرے رو کی بڑہی کاکل کے حلقے سیتی زیبائش
عدد جوں ایک کا صفروں سیتی پاتا ہی افزائش

جلایا جب سے غم نے تب سے نکلا رنگ عاشق کا
ہوئی زور آگ کے جلنے سیتی سینے کی آرائش

سے انکھیاں سیتی اپنی بہا دوں ودھ کی ندیاں
اگر شیریں ادا میری کرے ٹک مجھپہ فرمائش

نہیں ہے اسمیں کہیں جائے خال کی خالی
ہمارے یار کا ہے اسقدر بھبرا عارض

نہیں تارے بھرے ہیں شک کے نقط
اسقدر نسخۂ فلک ہے غلط

خال سے دیکھتا ہوں خط کی نشان
کہ اول خط کی اصل ہوئے نقط

کیا عجب ان کو اگر خورشید کے ہو دل میں داغ
رشک سے مجھ داغ کے راتوں تلک جلتے ہیں چراغ

سانولے کے روبرو ہے دل ہمارا داغ داغ
دیکھ لو کالے کے آگے آج جلتا ہے چراغ

ہے مرے دل کی تمنا دشمن آرام عشق
مہر و مہ کو چرخ میں رکھتا ہے صبح و شام عشق

کب زلیخا شہر میں رسوا ہوئی مجنوں سی کم
مرد ہو یا زن کری ہے سب کے تئیں بدنام عشق

صید کے جو تڑپھ اسنے میں نہیں ہوتی خلاص
سخت تر زنجیر سے رکتا ہے کا فر دام عشق

میں قرار اپنے پہ قایم ہوں پہ تم رہتے نہیں
حسن کے تئیں ہر گھڑی دیتا ہے یہ پیغام عشق

دل بڑا ہے مہر کا لیکن تڑپھ ذرہ نہیں
حسن سے کب ہو سکے کرتا ہے جو جو کام عشق

ہات آیا ہے یہ دن کر کے دعا راتوں کو جاگ
عید ہے پیارے گلے سے آج تو عاشق کے لاگ

افسردگی یاس سے ہمکو ہوا وصال
پکڑا ہے آہ سرو کے کانٹے سے ہم نے لال

تری آنکھوں نے دل کی شوخ اچپل
کیا بیطاقت و بیتاب و بیکل

سیاہی کا ہوا ہے روشنی نام
لگایا جب سے تین آنکھوں میں کاجل

نکلے تم اب صبا کی طرح جب چمن میں بھول
گلبن کی دیکھ تمکو گئے ہاتھ پاتوں بھول

کیا ڈھونڈھتا ہے زلف کی بو کا سراغ گل
سنبل کی طرح کیوں ہے پریشان دماغ گل

جلتا ہے اب تلک تری زلفوں کی رشک سے
ہر چند ہو گیا ہے چمن کا چراغ گل

تجھ شعر کی شگفتہ زمین دیکھ آبرو
لالے کی طرح جل کے ہوا داغ داغ گل

بہار آئی کلی کی طرح دل کھول
گلوں کی بہا نت ہنس بلبل رہا جو تو

کرتا ہوں اسکی عقل پر افسوس بیدل
جو برگ گل کہتے آنکھوں کو فی المثل

جلتے تھے تجھکو دیکھ کے غیر انجمن میں ہم
پہونچے تھے رات شمع کے ہو کر برنیں ہم

آتی ہی اسکی بو سی مجھے یاسمن میں آج
دیکھی تھی جو ادا سی سجن کے بدن میں ہم

کیونکر نہووے کلک ہمارا گہر فشان
کرتے ہیں آبرو جو تخلص سخن میں ہم

دلدار کی گلی میں مکرر گئے ہیں ہم
ہو آئے ہیں ابھی تو پھر آگئے ہیں ہم

بیرحم و بیوفا و تنک رنج و تند خوئے
تجھکو ہزار نام سجن دھر گئے ہیں ہم

اے دل کی دیں کی خون کی پیاسی سیاہ چشم
سیکھے ہی کس اڑنگی سے تیری سیاہ چشم

سارے عالم کو مار کر برہم
آکھڑے ہیں سجن ترے در ہم

جبکہ ایسا ہو گندمی معشوق
تب گنہگار کیوں نہو آدم

شب سیاہ ہوا روز اے سجن تم بن
مثال شمع جلے اہل انجمن تم بن

غم کیا اگر شراب کی مجلس میں ہم نہیں
ہمکو تمہارے عشق کا یہ کیف کم نہیں

عشق ہی اختیار کا دشمن
ہوش و صبر و قرار کا دشمن

لٹایا چاہتے ہیں خاک و خوں میں مجھ بچارے کو
سمجھتا ہوں تری شمشیر ابرو کے اشارے کوں

سر سے لگا کے پانوں تلک دل ہوا ہوں میں
یاں لگ ہنر میں عشق کے کامل ہوا ہوں میں

زلف مطوّل و دہن مختصر کو دیکھ
تیرے درس کے علم میں فاضل ہوا ہوں میں

مدت پھر سیتی ہاتھ میں لے دل ہمارے کوں
جلتا ہی کیوں پکڑتا ہے ظالم انگارے کوں

ٹک باغ میں شتاب چلو اے بہار حسن
گل چشم ہو رہا ہے تمہارے نظارے کوں

اپنا جمال آبرو کو ٹک دکھاؤ آج
مدت سے آرزو ہے درس کی بچارے کوں

دیکھ رخسار یار کے یارو
جھڑ پڑے گل بہار کے یارو

آج اس ماہرو کی ہی شب وصل
دن گئے انتظار کے یارو

اشک سے آبرو کے غرق گئے
لوگ سب دار پار کے یارو

جی نکلتا ہے مرے دل کا بلا سے کیوں
نزع کا وقت ہے ٹک آ کے ملا لے اسکوں

کیوں تیر مارتے ہو تم غیر کے جگر میں
پی پی کے خون اپنا کرتا ہوں درگذر میں

جدھر جاتا ہے تو اے سرو دیکھ
رواں ہو چشم سے دریائے آنسو

یار غافل ہے مرے درد سے ہشیار کرو
بیخبر جان نہ جا جا کے خبردار کرو

دردمندی سے اگر دست لگے ہو محروم
رحم فرما کے مرے حال کو اظہار کرو

جب نے آ دست سے امید کے دامن پکڑا
یہ نہیں شرط مروت کہ اُسے خوار کرو

قدر بوجھو دل خونخوارۂ عاشق کی اگر
سر چڑھا گل کی طرح زینت دستار کرو

آبرو غم کی بھنور بیچ پڑا ہے آ کر
اک نظر لطف کی کافی ہے اُسے پار کرو

جلوۂ حسن کو دلدار کے گلزار کہو
شوق کو دل کے مرے مستی سرشار کہو

یار سے جا کے مرے درد کا بستار کہو
غم کہو رنج کہو حسرت دیدار کہو

آبرو غیر کی باتوں سے نہیں خوش ہوتا
اُس سے جب بات کہو تب سخن یار کہو

کریگی شہر میں فتنہ سجن خواہی نخواہی یہ
تری آخر کو سر کھینچنگی ظالم کج کلاہی یہ

مکھڑے نے ترے کیا گل سیراب آئینہ
خط نے بہار سبزۂ شاداب آئینہ

بڑھے ہے دن بدن تجھ مکھ کی تاب آہستہ آہستہ
کہ جونکر گرم ہووے آفتاب آہستہ آہستہ

کیوں ملامت اسقدر کرتے ہو بیحاصل ہے یہ
لگ چکا اب چھوٹنا مشکل ہے اسکا دل ہے یہ

دیکھو نہ دختر رز کیسی ہے شوخ دیدہ
دو دن چڑھے ہے سر پر جوں جوں ہووے رسیدہ

اپنو سجا ہے جامہ اُس شوخ چپکن کا
کیونکر رہے نہ ہمسے وہ یار سر کشیدہ

رستم اس مرد کی کھاتے ہیں قسم روزوں کا
تاب لاوے جو کوئی عشق کے جھکجھوروں کی

قدردان حسن کے کہتے ہیں اُسے دل مردو
سانورے چھوڑ کے جو چاہ کرے گوروں کی

آبرو کو نہیں کم ظرف کی صحبت کا دماغ
کسکو برداشت ہے ہر وقت تنکنوروں کی

آوے نہ کی خبر قیامت ہے
عالم دل ہوا ہے زیر و زبر
شور برپا ہوا ہے آمد سو لیا
ہجر کے غم میں اسکو مرتا ہوں

آوتا ہو اگر قیامت ہے
خوش نین کی نظر قیامت ہے
خوش قد اسکا مگر قیامت ہے
وصل کا اسکے ڈر قیامت ہے

شوق ہے اسکی اشکباری کا
آبرو چشم تر قیامت ہے!

تمنے بجاوے نے کو جب ہاتھ بیچ نے لی
مجنون ہوگئے سب یہ کسطرح کی لے لی

چباسے پان کیوں ادہی کسر کیے
اگر پیاسے تھے تم میرے لہو کے

شاخ گل قد کو ترے دیکھ کے مرجھائی
سرو کو چال تری باعث رسوائی ہے

افسوس ہے کہ مجھکو وہ یار بھول جائے
وہ شوق وہ محبت وہ پیار بھولجائے

کیا شیخ کیا برہمن جب عاشقی میں آوے
تسبیح کرے فراموش زنار بھول جائے

یوں آبرو بناے دل میں ہزار باتاں
جب تیرے آگے آوے گفتار بھول جاوے

سپارش سے مرا سرکش نپٹ بیزار ہوتا ہے
زیادہ ضد پکڑنا باعث آزار ہوتا ہے

کرم فرما کہ تیرا نقش پا ہم خاکسارونکو
چمن میں سر بلندی کی گل دستار ہوتا ہے

کیوں چھپا ظلمت میں گر اسکے لب سے شرمندہ نہ تھا
جان کچھ پانی مرے ہے چشمۂ حیوان کے بیچ

آبرو کے قتل کو حاضر ہوئے کس کر کمر
خوان کے سینہ کو چلے عاشق بھی ثابت باندھ کمر

دور خاموش بیٹھ رہتا ہوں
اسطرح حال دل کا کہتا ہوں

پھر اٹھ خواب سے گلشن میں تمنے لی انگڑائی
گئیں منہ شرم سے نرگس کی پیار جو دیکھی تو انگڑائی

نہ دیوے اپنے دل وہ جب تلک میں
اگر پاؤں بھی تو مانگ دیکھو

پھرتے تھے دشت دشت دیوانے کدہر گئے
وے عاشقی کے ہائے زمانے کدہر گئے

تمہارا دل اگر ہمسے پھرا ہے
تو بہتر ہے ہمارا بھی خدا ہے

تم اپنی بات کے راجا ہو پیارے
کہے ضد سے تمہیں ہووے سوائے!

تمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان ملک الشعرا ماضی

محمد صادق خاں اختر

سوزِ دل دیوان کا اپنے باعثِ تنظیم تھا
صفحۂ رنگیں خیالِ طبع ابراہیم تھا

امتحاں گاہِ وفا میں ٹل گئے تھے پاؤں
جبہ فرسا زیرِ تیغ اپنا سرِ تسلیم تھا

تھی کرم سے چشمِ بخشش قہر سے خوفِ عتاب
دل میں اپنے تا بروزِ حشر امید و بیم تھا

شعلۂ داغِ جنوں سے شمع ساں مانندِ آہ
عشق کے کشور میں بھی صاحبِ اقلیم تھا

گل چمن میں کسکے آنیکی خبر تھی اے صبا
رنگ بوئے گل سے نکہت جو بجستہ تعظیم تھا

عشق کے مکتب میں اختر تھا مجھے درسِ صفا
صفحۂ آئینہ میں الوحۂ تعلیم تھا

نظر میں جلوہ گر ہے عارضِ رنگیں خورشید تاباں کا
کرے کیا رسخ جب ہر سو عرش کا ایواں کا

زیارت کعبۂ مقصود کی حاصل ہے غیروں کو
ہمارا بخت ہے طائف حرم کا حاجیوں کا

ہوئے مجنوں اس مژگاں کی ہم خنجر گلے سے
دلِ صد چاک شانہ بن گیا زلفِ پریشاں کا

پڑھایا اس قدر القاب اسکا نامے میں
کہ خامہ عمر بھر عاشق رہا اختر پہ عنواں کا

اگرچہ روز جاناں کا جلا ہی تیرہ ہے لیکن
ترقی پر ہے بخت سیہ شبہائے ہجراں کا

ہر رنگ گل یہ تر کیوں نہ دامن اشک خوں سے
کہو دست خار وحشت ہے آشنا اسکے گریباں کا

عبث پیچ و تاب اٹھتے مجھے اس لف سے اختر
پریشاں اسے کبھی دیکھا بھلا ہوتے پریشاں کا

شب جو اپنا نالۂ دل بسکہ سیر آہنگ تھا
زندگی کا موجۂ یارو دل پر نہایت تنگ تھا

بزمِ عشرت کا کہوں کیا حال اے عدو خلاف
چشم پر خوں جام لبریز مئے گلرنگ تھا

دیکھ لی یہاں سے تجھے دو نو فصلِ گل و فصلِ خزاں
یہ بھی اک نیرنگِ جہاں جلوہ نیرنگ تھا

ہے حسد گنبد کی اس عالم میں نیکی اور بدی
بد اسی سے یہاں بنا ہوگا جو بد آہنگ تھا

زندگی میں سمجھتے کیا خاک ہم اسکو یہاں
عمر بھر آئینۂ دل پر ہوس کا زنگ تھا

مر گیا اختر تو اچھا ہو تم خوش رہو
بزم میں تم سے شوخوں کا تمھاری ننگ تھا

خمیازہ کش نہو لب جاناں شراب کا
محتاج کب ہی آب بقا آفتاب کا

کوثر سے بھی نہ اسکے بجھی سوز العطش
مشتاق ہے گلو تیرے خنجر کی آب کا

کس طرح سے ہو نالہ دل آشنائے گوش
قانون خامشی سے ہی ساز اس رباب کا

ان خطوں کے حسن سے ہی خار عشق
مرہم ہی زخم دل پہ میرے مشکناب کا

رو تیرا درمیان ہی کروں کیا خموش ہوں
ورنہ نہیں ایک بند نہ رکھتا نقاب کا

ٹپکا زمیں پہ رشک سے سر آفتاب نے
ساغر لیا جو ہاتھ میں اسنے شراب کا

اختر وہ خال کاتب صنعت کے ہاتھ سے
نقطہ کتاب حسن پہ ہی انتخاب کا

گل چمن میں یار جو آکر خراماں ہو گیا
پرتو مہ سایۂ سرو گلستاں ہو گیا

وقت گل گشت چمن نور جمال یار سے
جوہر آئینہ موج چین داماں ہو گیا

کیا کہوں پھرتی میں اس سفاک کی ہنگام قتل
مقتل عشاق دم بھر میں گلستاں ہو گیا

لخت دل پیہم جو آتے ہیں چلے آنکھوں کے ساتھ
اشک کا ہر تار اک تسبیح مرجاں ہو گیا

لطف بیجا سے ترے سب دشمن جاں بچ گئے
ابر رحمت ہائے میرے حق میں طوفاں ہو گیا

تم رہے واں بزم میں غیروں سے گرم گفتگو
شربت جام اجل یہاں آب حیواں ہو گیا

ننگ مردی تھا ہمیں اختر پناہ مشت خاک
خاک ماں کو میٹ کر میں مرد میداں ہو گیا

دل مجھکو ہائے بیکس و بیچارہ کر گیا
ہی تلاش میں مجھے آوارہ کر گیا

جھمکی سی کچھ دکھا کے وہ خورشید رو میرا
پلکوں کو میری نور کا فوارہ کر گیا

قسمت تو دیکھیو کہ دم قتل عاشقاں
مجھکو شہید حسرت خونخوارہ کر گیا

برسوں میں آیا تھا جو وہ دم بھر کیواسطے
آنکھوں کو وقف حیرت نظارہ کر گیا

دل چاک چاک مثل کتاں ہو گیا میرا
آکر عجب سلوک وہ مہ پارہ کر گیا

بیچارہ مجھکو دیکھکے اختر وہ بیوفا
ارشاد صبر کرکے بیچارہ کر گیا

رہیہاں ہی دل کی طرف اسکی نگاہ ناز کا
شور ہی صید حرم تک جس شکار انداز کا

پاے بند زینت دنیا دل روشن نہیں
رنگ گل مانع ہوا شبنم کی کب پرواز کا

نالہ لب گرمی دل مجھسے چھوٹیں کسطرح
ساتھ ہی روز ازل سے سوز کا اور ساز کا

مجھکو گلبازی لئے صحن چمن میں دیکھکر
کیا ہی مردے بے زباں ہے اختر عالی بیاں

مارے ہے عاقل نہ کبھی لاف خبرداری خواب
اک قدم کوچے سے اسکے نہیں چل سکتا ہے
مستی و ہوش کسی نے کہیں یکجا دیکھا
تو نہ باور کے ہے مجھکو محالات سے ہے
نیند بیمار کو ہرگز نہیں آتی ہے مگر
جائے غفلت نہیں عارف کے دل روشن میں
کہدے اختر کوئی اب شاہ زمن سے اتنا

یار ہے جام بکف گل بکنار آج کی رات
اے سحر اپنے گریباں میں تو گردن کو چھپا
شمع اٹھ جا تو کہ روشن ہے رخ یار سے گھر
بادہ و جام ہے اور موسم باران شب ماہ
تجھکو یہ عیش مبارک ہو کہ اختر یہاں تو

ہو جو منظور میری راحت جاں میرے بعد
زندگی تک ہی فراغ ہی اگر مجھسے تو خیر
ہے وصیت تجھے اختر کی میرے نور نظر

فریاد سے ہے یوں دل نالاں متلذذ
دل ہے ترے آب دم شمشیر سے سیراب
لذت جو ملی چاشنی عشق و جنوں کی
مانند نے اس کوچہ میں شب تا بسحرگاہ
ہے نظم سخن میں تری اختر یہ حلاوت
جگر آتش دل آتش دیدہ تر شعلہ آتش

طائر تصویر کو بھی ذوق ہے پرواز کا
میں تو جو ایسا ہوں عاشق اسکی ہوں انداز کا

کہ ہم ضد ہیں میرے جان یہ بیداری و خواب
خضر کہ ہیں یہ مرے پائے طلبگاری و خواب
ہاں تیری آنکھوں میں ہم پاتے ہیں ہشیاری و خواب
چشم عاشق سے رہے خون جگر جاری و خواب
ہر دم چشم تیر سے رکھتے ہیں بیماری و خواب
چشم آئینہ سدا وا ہے یہ بیداری و خواب
نہیں لائق ہے تمہیں دعوی سرداری و خواب

روز نوروز ہے یا صبح بہار آج کی رات
دست مشتاق ہے اور گردن یار آج کی رات
شیشہ تو بیٹھ ہے تجھسے سبو کار آج کی رات
حیف کوکب نہیں سنتے جو ملار آج کی رات
ہم ہیں اور یہ دل بے صبر و قرار آج کی رات

آئیو قبر پہ لئے سرو رواں میرے بعد
پر مجھے بھولیو مت اے مری جان میرے بعد
رکھیو ملحوظ میرا نام و نشاں میرے بعد

جوں نغمہ سے ہو بلبل خوشخواں متلذذ
ہے تیر کے پیکاں سے مری جاں متلذذ
آپس میں ہیں کیا دست و گریباں متلذذ
لب ہیں ہمہ سے بانالہ و افغاں متلذذ
سنکر جسے ہوتے ہیں سخنداں متلذذ
ہو ہوں سوز الفت سے سراسر شعلہ آتش

لگا دیتی ہے دامان فلک کو آگ دم بھر میں
ہماری آہ کے کب ہے برابر شعلۂ آتش

ہوئے ہیں جمع سو طوفان نوح آنکھوں میں یاں لیکن
بھری ہیں داغ دل پر اور جگر پر شعلۂ آتش

طریق عشق میں بوالہوس کا کب قدم ٹھہرے
کہ ہے یہ وادی جانکاہ یکسر شعلۂ آتش

بھرا ہے سوز دل مکتوب میں مجھکو یہی ڈر ہے
نہو جائے کہیں بال کبوتر شعلۂ آتش

طمع سے آبرو برباد یوں ہوتی ہے دنیا میں
جلا دیتا ہے جیسے آب کو ہم شعلۂ آتش

لڑائی ہے مچی کس تند خو کے ساتھ اب اختر
کہ ہر دم کھینچتا خنجر ہے دلبر شعلۂ آتش

ہوا ہے دیکھ کے اس کی بہار سبزۂ خط
حصار کوہ زمرد نگار سبزۂ خط

بچیگا اب کوئی کسطرح ان کمندوں سے
کہ دام جعد مسلسل ہے یار سبزۂ خط

فقط نہ سبزۂ طرف چمن کا جی ہے لوٹ
گلوں کے دل میں بھی ہے خار خار سبزۂ خط

غبار مجھسے ترے دل میں تھا صفائی میں
سبب صفائی کا اب ہے غبار سبزۂ خط

دوچند خوبی رخسار ہو گئی اختر
جمال یار ہوا جب سوار سبزۂ خط

آتش افشاں ہے جو آہ ناتواں مانند شمع
بھر گئی شعلوں سے میرا ہر استخواں مانند شمع

کچھ لکھا تھا ہم نے وصف آتشیں رخسار کا
جل رہی ہیں خامہ و دست و بناں مانند شمع

گرم رو ہیں ہم نہیں کیا راہبر منزل سے کام
شب سے پہنچے ہے اپنا کارواں مانند شمع

بزم ارباب فنا میں ہو تیری نام آوری
سوز دل سے گر مٹے تیرا نشاں مانند شمع

گر جلا اختر حبیب ہی اور طاقت ہے قدر پا کی
ہو گئے اس کی زباں آتش فشاں مانند شمع

ہے مشک ختن نکہت گیسو سے ترے داغ
عنبر ہے شمیم خط چہرہ سے ترے داغ

دو رنگ کاکل سے ترے ہے مہ تاباں
طاؤس چمن ہے گل خود رو سے ترے داغ

بکھرے ہیں ترے رخسار پہ یاں کاکل مشکیں
یہاں زخم دل زار ہوا بو سے ترے داغ

جس طرح ہو خورشید سے آئینہ مکدر
ہو جائے خورشید ہوا رو سے ترے داغ

ہمارا جو گھٹ کر مہ نو بار ہمیشہ
دل اسکا ہے شاید خم ابرو سے ترے داغ

آئینہ اندیشہ نہ ہی دل اختر
ہے پیچ و خم حلقۂ گیسو سے ترے داغ

تہمت ہے قبا لاکھ ہو پیراہن یوسف
ہے جامۂ عصمت سے مزین تن یوسف

پھر کس کو عزیزوں سے ہو امید محبت
اخوان و اقارب ہوے جب دشمن یوسف

ہم پوچھتے ہیں تجھسے زلیخا کہ بھلا خیر
کو چاک کیا تونے نہ پیراہن یوسف تو

ق

پر عشق یہ کیا ہے کہ ہو قصر تیری جا
اور خانۂ زندان ہو بھلا مسکن یوسف

ہردم جو نئی شان سے ہے جلوہ یہاں تیرا
سینہ نہیں اختر کا یہ ہے معدن یوسف

تن غم سے ہوا خشک ہے آنکھیں ہیں تر اب تک
اس نخل سے ہی مجھکو امید ثمر اب تک

ہم منتظر وعدہ ہیں اس راحت جاں کے
صد حیف کہ آیا نہ وہ نور نظر اب تک

باقی نہ رہا پھول کہیں باد خزاں سے
دامن میں ہے اپنے گل خون جگر اب تک

مدت ہوئی دیکھا تھا تیرا عارض تاباں
ہر قطرۂ اشک اپنا ہے آئینہ گر اب تک

رفتار تیری دیکھی تھی مستانہ گل نے
بیتاب ہی گلشن میں نسیم سحر اب تک

وہاں مائل آئینہ ہے تو وعدہ فراموش
یہاں فرش رہ جلوہ ہیں چشمان تر اب تک

تار نظر و رشتۂ جاں تک تو ہوے صرف
ہرگز نہ کھلا عقدۂ موے کمر اب تک

کس چشم کی گردش کا تھا مارا ہوا اختر
خاک اسکی بگولے سے جو ہے ہمسفر اب تک

نہ فقط دیدۂ پرنم ہے میرا اختر اشک
جوش سے اسکے زمیں ہی ہے صدف گوہر اشک

زہرہ سنگ ہوا آب میرے رونے سے
رحم تجھکو نہیں اس پر نہیں چشم تر اشک

جوش خوں آنکھوں سے دم بھر بھی نہیں تھمتا ہے
نیش نشتر فصاد ہے یہ نشتر اشک

ڈر ہے آنکھیں نہ ڈبا دیویں کہیں تیرے لئے
بیٹھکر [illegible] اشک سے چلتے ہیں اپنا سر اشک

اس کا ہر قطرہ ہے گواہ تیری تصویر کا یار
رشک ہے مانی و بہزاد کا صورتگر اشک

ہر بن مو میرا فوارۂ خوں ہے اختر
نہ فقط دیدۂ پرنم ہے مرا محشر اشک

ہے سینے سے اے شوخ نگہ شفقی رنگ
رخ پر تیرے ہے زور بہار شفقی رنگ

نرگس نہ ہو کس طرح سے رنگ گل پیالہ
آنکھوں نے نگاہ تیری دیکھ خمار شفقی رنگ

سرخی رخ آئینہ کی ہو جوش سے ہے
دیکھا جو نگاہ اسنے عذار شفقی رنگ

ہے سوز دل کوہ میں ہی لب جو تیری
ہر سنگ سے نکلے ہے شرار شفقی رنگ

خط سے نہ رہا حسن بجز زردی رخسار
باقی ہے پہ اب گرد سوار شفقی رنگ

ہے آج لباس شفقی زیب قد یار
کیجے دل پرخوں کو نثار شفقی رنگ
خاک شہدا کی تو جلد خبر لے اختر
اس کوچے سے اٹھتا ہے غبار شفقی رنگ

جس دن سے ہوا یار کے جانب سفر دل
پائی نہ کہیں ہمنے کبھی سے خبر دل
عیش و طرب نار ہوے ہم سفر دل
اک جان حزیں تن میں رہی نوحہ گر دل
کھینچے لئے جاتا ہے مجھے ساتھ جو اپنے
شاید کشش یار ہے اب راہبر دل
اے دیدۂ تر پالیو دامن میں اسے تو
ہر قطرہ ان اشکوں کا ہے لخت جگر دل
دشوار ہے وہاں پیک صبا کی بھی رسائی
پرواز تمنا ہو مگر نامہ بر دل
آنکھوں کو ملی مفت میں وہاں لذت دیدار
نازل ہوئی کیا کیا نہ بلا یہاں بسر دل
ہے تجھسے یہ وابستۂ الفت کہ بتحقیق
جان و جگر دل ہے تو اور ہیں دگر دل
پروانے کو کیوں دیکھ کے یہ شمع سے جلتا
اللہ نے پیدا نکئے بال و پر دل
ہے یہ جو گذرگاہ خیال رخ جاناں
وا آہ بھرا اس لیے رہتا ہے در دل
مژگاں ہیں ادہر معرکہ گیری میں صف آرا
تنہا یہ مقابل میں ہے بل بے جگر دل
ناصح میں اسے منع کروں عشق سے کیونکر
ہے عشق سوا اور بھلا کیا ہنر دل
کوچے میں پریزادوں کے جاتا تو ہے اختر
اس راہ میں ہم سنتے ہیں اکثر خطر دل

شوق گلشن تیرے عاشق جو سدا رکھتے ہیں
سینہ داغوں سے چمن زار بنا رکھتے ہیں
کشور عشق میں بیکار ہے اعجاز مسیح
لوگ یہاں مرگ سے امید شفا رکھتے ہیں
تو کیا کھینچے تیری تیر نگہ کا ظالم
دیکھ لے سینۂ غربال نما رکھتے ہیں
جان دی ہمنے ہوئی تب غم ہجراں سے نجات
عقدا اسلئے کچھ جیز لگا رکھتے ہیں
جان دی بیٹھیں تو دیکھے نہ کبھی آنکھ اٹھا
ایسے بیدرد سے ہم چشم وفا رکھتے ہیں
کوئی پتھر جو گلی کا تیری ہات آتا ہے
گل کی صورت اسے ہم سر پہ اٹھا رکھتے ہیں
ق
ہمنشیں کیا کہوں تجھسے یہ بتاں ہوش ربا
ستم و جور کا انداز نیا رکھتے ہیں
کمر کے کاہیدہ غم ہجر سے مانند ہلال
اپنے عاشق کو یہ انگشت نما رکھتے ہیں
عزم جانباز ہے خضر رہ مقصد اختر
تیغ سے ہم طلب آب بقا رکھتے ہیں

دیا بوسہ دہن کا اُسنے ہمت اسکو کہتے ہیں
یہ تنگی اور یہ بخشش سخاوت اسکو کہتے ہیں

چلا آتا ہوں سیر باغ دل ہو اسبز شکلوں سے
وہ شق گر برق خاطف ابر رحمت اسکو کہتے ہیں

خرام یار سے آسودگان خاک اٹھ بیٹھے
یہ چلنا کیا ہی آشوب قیامت اسکو کہتے ہیں

ادر جاناں پہ بیٹھے چھوڑ کر شیخ و برہمن کو
بکیش عشقبازی ترک ملت اسکو کہتے ہیں

وطن سے مثل گوہر کھولیں ہمنے آنکھیں آ باہر
گنوائی عمریوں ہی سیر غربت اسکو کہتے ہیں

خنا سے خوں سے باندھا ہے پا بڑھ کے آخر
دم شمشیر مرجانا بسرعت اسکو کہتے ہیں

دل کہاں پہلو میں تہا جو غمگسار عاشقاں
اب غم نالے مونسی سے ہے ہمکنار عاشقاں

نقد دل بکر متاع درد و غم لیتے ہیں مول
کشور خوباں میں یہی ہے کاروبار عاشقاں

گور پر انکے کوئی کرتا ہے کب روشن چراغ
ہے دل سوزاں فقط شمع مزار عاشقاں

بحر کو نسبت نہیں کچھہ دیدہ عشاق سے
رو کش نیساں ہی چشم اشکبار عاشقاں

شمع ساں کٹوا لے سر تب اسکو جانیں سرفراز
دیکھی ہے ہمنے طرفہ یہ رسم دیار عاشقاں

داغ کی کثرت سے تل دہرنیکی جا مطلق نہیں
ہے سراپائے بدن کیا لالہ زار عاشقاں

قتل عاشق سے ہی تیغ یار منہ موڑے ہوے
کون گردن سے اُتارے آہ بار عاشقاں

بعد مردن بھی رہی چیتون چڑھی اس شوخ کی
کیا کہوں میں گردش لیل و نہار عاشقاں

خاک ہوکر بھی در جاناں نہ اختر چھوڑیو
ہے انہیں میں عز و شان و اعتبار عاشقاں

تشنہ لب ہے قدرداں اب کچھہ سا قاتل نہیں
جوہری شمشیر کا مجروح ہی قاتل نہیں

خون ناحق کا دکھاتے ہے تجھے محشر میں رنگ
ہر کریں کیا تیرا فریاد کوئی بسمل نہیں

ڈر ہے بیگانے نہ سمجھ بیٹھے اسکو یار ہو
[illegible] سے بیٹھنا کچھہ عشق میں مشکل نہیں

تاب کیا فریاد کی اس کو جفائے یار سے
اسقدر ہی مضمحل سینے میں گویا دل نہیں

سیر گل اختر کو کب بھاتا ہے تنہا ہر کہاں
بن ترے جنت بھی اُسکے دل کے قابل نہیں

آہ آتش دم جو تیغ تازیانہ زنجیر ہو
اشک کا ہر قطرہ وہاں پروانہ زنجیر ہو

وصف دیوانوں سے کیسے ہو جو تیرے اسکے لئے
حاصل خواب عدم افسانہ زنجیر ہو

آہ جب میں دل سے کھینچوں بید مجنوں کیطرح
زلف لیلے کیوں نہ پھر دیوانہ زنجیر ہو

آدمی کا ذکر کیا ہو شیر کا زہرہ بھی آب
گوش زد جب نعرۂ مردانۂ زنجیر ہو

کھینچ سکتا ہے اسے پھر کون مجنوں کے سوا
جب سے وحشت ہے پہنا نہ زنجیر ہو

نالہ پر درد دل جب تک نہ ہو اسکا شریک
شور سے معمور کب کاشانۂ زنجیر ہو

قطرہ افشاں ہیں اختر ابر مژگاں سے مدام
پھر یہ کشت جنوں کب دانۂ زنجیر ہو

سوختہ ہو جو سنے مجھ سے بیاں سوختہ
شمع ساں میری زباں میں ہے زبان سوختہ

آتش گل سے تو بلبل جل گئی گلشن میں آہ
رہ گیا اس سے نشان آشیان سوختہ

چشم مست یار گر تجھکو بگڑ کے منظور ہو
ہے دل بریاں بساط بزم جان سوختہ

فرق دنیا دار سے کیا اور کرتا ہے سلوک
خاکپاشی کے سوا یہ آسمان سوختہ

عمر جو گذری سو گذری فکر باقی کیجیے
ہے یہ آتش یادگار کاروان سوختہ

سات لایا ہے عدم سے اختر اپنی زاد راہ
ہے بغل میں اسکے مثل لالہ نان سوختہ

یا الہی شوق اشک خوں سے خالی کیجیے
اس طرح سے دلکو صرف آشنائی کیجیے

یاں دل مشتاق یکسر فرش پا انداز ہیں
جلوہ فرما ہو کے جانانہ دلربائی کیجیے

تا سر آراستہ اقلیم جنوں ہو جاؤں میں
پھر سے سر پہ ظل کاکل سے ہمائی کیجیے

تجھ کو دل سے ہے میسر کہیں لباس عاریت
کیوں نہ ہمیشہ عریانی تن سے خود نمائی کیجیے

آستان حق جبیں کے واسطے موجود ہے
کیوں در نواب خان پر جبہ سائی کیجیے

کیوں نہ سوچا تھا یہ مردود فرعون کو
اسکے بندے ہو کے عالم میں خدائی کیجیے

خاک کے سر محبت کیوں نہ اختر بادشاہ
عشق میں جب اپنے سر سے کج کلاہی کیجیے

دیکھ جو بلبل گل و ریحان کے خزاں سے
حسرت بھری لیا آنکھوں سے نرگس حیرانی سے

آمد شد عالم کو جو دیکھا بیتاب اثر
اک شیشۂ ساعت ہے کہ ریگ اسمیں روانی سے

دور ہستی ترے مرقد سے رشک گلستاں
آنکھوں میں مرے یاد ہے شعلہ فشانی سے

ہے بزم میں کس سے شمع بدہاں
جو شمع کی انگشت تحیر بدہاں ہے

نام و سحر عیش کہاں تنہا تیرے جانان
یہاں آتش آدمی ہو زر نہاں ہے

سرمایہ ہے ممسک کو نہیں شمع کہ زر ہو
جو شہد کرے جمع نصیب اسکو گراں ہے

ہوں نالہ کش اُن سرمئی آنکھوں کا جو اختر
دود نفس سوختہ سینے میں فغاں ہے

دل تخیل میں جو محو چمن آرائی ہے
یہہ کسی عارض گلرنگ کا شیدائی ہے

طعنہ زن ہیں جو دورنگی پہ مری دیکھو لوگ
اپنے نزدیک تو یہہ جلوۂ رعنائی ہے

صحبت ساغر و مینا ہی غنیمت کہ مدام
درپے تفرقہ یہہ گنبد مینائی ہے

تر دماغی سے جو سرشار ہیں گلہائے چمن
مہک اون زلفوں کی شاید کہ چرالائی ہے

کیا تاسف سے تڑپتے ہیں اسیران قفس
کچھہ جو اوڑتی سی سنی ہو کہ بہار آئی ہے

جسطرح قطرۂ اشک آن کے مژگاں سے ملے
آبلے پاؤں کے یوں خار مغیلاں سے ملے

پھرے آوارہ پھرے نکہت عنبر کی طرح
دل عشاق جو اوس زلف پریشاں سے ملے

نکلے اوس سے نہ جب تک رہی ہستی کی نمود
دسمائے نظر خلق میں تب جان سے ملے

خون دل جب نہ رہا بہنے کو سانہ شکوں کے
پارہائے جگر اب ان کی مژگاں سے ملے

یوں ملا تیر کے پیکاں سے تیرے دل اپنا
جیسے یاران دو رستے جسطرح ہم مہماں سے ملے

زندگی میں نہ کبھی دامن یار آیا ہاتھ
ہو گئی خاک تب اوس گوشۂ داماں سے ملے

تھی عزیزان سفر کردہ کی اختر جو تلاش
نکلے ہم نقش قدم ریگ بیاباں سے ملے

زمیں کی چشم نم نے خوں فشانی
ہوئی مژگاں نہال ارغوانی

گریباں چاک ہے ہر غنچہ گل
ہنسی جب سے تیری غنچہ دہانی

لبوں تک آہ کا آنا ہے دشوار
یہہ نوبت دل پہ ہے اپنی ناتوانی

کواکب پنبۂ گوش فلک ہیں
کہ نالے سے مرا عرش آشیانی

لکھوں حال دل شیدا تو مکتوب
شکست رنگ سے ہو زعفرانی

نہیں ہرگز ہمیں مطلوب اے خضر
مبارک تجھکو ہو یہہ زندگانی

کہ آب خنجر قاتل سے ہر دم
ہمیں حاصل ہے عمر جاودانی

چلا ہے آج گلگشت چمن کو
وہ سیما نو بہار دلستانی

(ق)
[illegible] بو گل کو رنگ اوس کے [illegible]
بہار نشہ اے نسیم بوستانی

کیا بہت امتحاں ہم نے جہاں میں
کریں ہے بے قدر عہد زندگانی

موئے جبہ دم تو پھر کہتے ہیں سب لوگ
ندا نسیم ما قید رفلانی

چھپی رگ رگ میں ہیں جو نوک مژگاں
سراپا ہوں میں نخل ارغوانی

کھلیں آنکھیں بوقت صبح پیری
تو دیکھا خواب غفلت تھی جوانی

میرا ہے محشر زیادہ ہر شعر
بجا ہے گر مجھے کہیے فغانی

مسخر کیجئے عالم کو اختر
باسم اعظم شیریں بیانی

الفت اوسکی ہر جگہ میری پئے تعمیر ہے
جاؤں صحرا گر تو واں بھی خانۂ زنجیر ہے

ایک صورت کی ہیں سب جلوہ ہائے مختلف
رنگ بیرنگی سے دنیا خانۂ تصویر ہے

جو مقدر ہے وہی ہوناہی ظاہر سعی سے
صورت تدبیر پنہاں در پردۂ تقدیر ہے

ہے دل مجنوں لیلیٰ سے وابستہ پائے ناقہ سے
ورنہ کب بانگ جرس میں اسقدر تاثیر ہے

چشم تر دامن سے حسن پاک رہتا ہے بری
صحبت شبنم کا کب مائل گل تصویر ہے

ہاتھ سے دل لے گئی جی سے ترا آنکھوں خواب
چشم جادو بھی ترا کیا صاحب تسخیر ہے

زلف لیلیٰ کے جو گذرا دھیان میں مجنوں اودام
جسطرف صحرا میں سنیئے شیون زنجیر ہے

پھول جھڑتے ہیں تری ہر بات میں اے گلعذار
کیا دہن ہے کیا زباں ہے اور کیا تقریر ہے

اچپلاہٹ سے کی ورق پر ہے جو صورت بیقرار
ہیچ ہے نقاش یہ کس شوخ کی تصویر ہے

چاہتے ہیں جائیں بنگالے کو ہم دامن فشاں
پر کریں کیا لکھنؤ کی خاک دامنگیر ہے

جیسے طلا ہر شب رونق اس سے ہے کم دہ جہاں
دود آہ دل ترا اختر مگر اکسیر ہے

دھیان عارض کا تری آئینہ وار ہوش ہے
آرزوئے وصل میں ہر چاک دل آغوش ہے

فصل گل آئی ہے ساقی بانگ نوشا نوش ہے
شکل مینا حرف کی بر ہر لب خاموش ہے

خط خوباں غیرت فصل بہاری کیوں نہ ہو
اس چمن کا سبزہ جوں طاؤس گل بردوش ہے

زخم مژگاں سے تری ہر دل جو شاں انہیں
نیشتر کو موقع سے کچھ صرف تو وہ نوش ہے

سینہ رگ جاں تک جو اپنی موج زن خون جنوں
یہ بہار نشتر مژگاں کا کس کے جوش ہے

دیکھ یہ تیرا جمال بے نظیر اے رشک مہر
ماہ نو بھی شوق میں کھولے ہوئے آغوش ہے

ہاں نہیں اوس لعل لب کے جو کہا میں نے کلام
نسبت اہل سخن کو وہ خے سر جوش ہے

گرچہ اختر اپنی سب شاگرد ہیں صاحب سخن
پر جسے حسنا کہیے سب میں وہ مدہوش ہے

عجب ڈھب کی یہ تعمیر خراب آباد ہستی ہے
کہ پستی یہاں بلندی ہے بلندی یہاں کی پستی ہے

تردد کیوں نہیں اے ساکنان ملک ہستی ہے
عدم کی راہ سیدھی ہے بلندی ہے نہ پستی ہے

وصال اوسکا عوض مرنے کے گر ٹھہرے غنیمت ہے
متاع وصل جاناں جان دینے پر بھی سستی ہے

یقیں ہے حشر کے دن خواب غفلت سے وہ چونکینگے
کہ مردانگی بخوت سے یہاں جن جن کی مستی ہے

حصول جاہ کی تدبیر جو ہم لوگ کرتے ہیں
ہماری سعی باطل دیکھہ کر تقدیر ہنستی ہے

یہاں کے باغ میں ہوگی بہار انگور زائی ہیں
ہمارے عہد میں سیر تو ویرانی برستی ہے

سمجھہ ہر ایک کو ہشیار ہم آئی تھی یہاں اختر
بچشم غور جو دیکھا تو متوالوں کی بستی ہے

بہار آئی ہے سنتے ہیں چمن پہ اپنے تو دوروں سے
نہ چھوٹ زنجیر کرنا یار کی گردن کے ڈوروں سے

بھلا ہو دل اوچھہ کر جیسے اوس کاکل کے کوچے میں
شب تاریک ہے یارب بچانا اسکو چوروں سے

کہاں تک روئیں آنکھیں دل سے ہم اشک آتے ہیں
اولیجا جائے کیونکر بحر بے پایاں سکوروں سے

ہوا سے رخ پر اوسکی بکھرے بالوں کا یہ عالم ہے
حبش کی فوج گویا معرکہ آرا ہے گوروں سے

تمنا ہے دل اوس مہ لقا کی دور کر اختر
نہیں ممکن ہو جیسے چاند کو الفت چکوروں کی

بیچلی دل پر برنگ لالہ داغ دوستی ہے
خوب پھل پایا لگا کر ہمنے باغ دوستی

دوستوں کو خاک سوجھے اس جہاں میں کل دوست
صرصر کلفت سے یہاں گل ہے چراغ دوستی

کارواں مہر الفت جا بسا ملک عدم ہے
لیجیے دنیا میں اب کس سے سراغ دوستی

دوستی کا حال کیا پوچھے ہے اے ناکردہ کار
دیکھہ میرا سینہ مالامال داغ دوستی

بسکہ ہے جو وانفدار جو یاران زماں ہے
دل نہیں اپنا یہہ ہے طاؤس باغ دوستی

دور اب وہ ہے کہ اختر چاہیے جس بزم میں
ہے شراب دشمنی سے پر ایاغ دوستی

جگر ہے مال سوز آنکھہ ہی دیتی پرورش ہے
الٰہی کیا کروں یہہ سخت کار آب و آتش ہے

محطط رخ ہوا سپر بھی اوسکی وضع دلکش ہے
سراپا ہے وہ آتش اور خط اوسکا دود آتش ہے

خبر کرنا ہے لازم ساکنان عرش اعظم کو
دل بیتاب کے سوز دروں کا شعلہ مہرکش ہے

وہ آب و رنگ ہے تیرے لب لعل نگاریں کا
کہ جسکے رشک سے آتش یہاں زیر آب نہفتہ ہے

ہم آغوشی بستر کسکو ہوا ہے سیمبر تیری
چمن میں سایۂ غیروں کے وہ ہے مضطر گلبازی
مقابل حسن کے ہوا اوسکو زہرہ خجل کیا اختر

چمن گلگوں ہے یکسر دشت و صحرا ارغوانی ہے
نہیں شکوہ مجھے گر اوسکو مجھسے سرگرانی ہے
رخ اوسکا ہے چمن خط نوبہار زندگانی ہے
نہ یہاں آنا دوبارا ہے نہ پھر یہ زندگانی ہے
قریب مرگ ہوں میں حسرت دیدار ہے اوسکی
دل مرحوم کب قابل ہے سبا فرقت میں بیمار اوسکا
اودہر قاصد گیا ہے اور ادہر جاتا ہے جی اپنا
لبوں پر دم ہے پر آنکھیں لگی ہیں در کی جانب کو
نہ پوچھو بیقراری کا میری راتوں کے اپنا عالم
زبس آہ و فغاں سے ہر گھڑی کے تنگ ہمسایہ
کہا جو درد دل میں نے تو جھنجھلا کر لگے کہنے
تصور بندہ گیا ہے کسکا نظروں میں تیری آخر

یا وادس بت کافر کی جو بتخانۂ دل ہے
گو زر نہ ہو پر مایۂ ہمت کی بدولت
ہے دل اسکا آزردہ نہیں تو اگر اسے غم ہجراں
اسے داغ جگر دیکھیو دل کو ہی کہہ ہالنے
رہتا ہے تصور تیرا نظارہ جو آنکھیں
ہیں زائر دل کعبے کو بیوفا چلے ہیں ہم آخر

[illegible]

دل اس فیض پر نازاں تیرا ملبوس زرکش ہے
مگر اوسکی تعریف کہا جائے دل اوس پر مشوش ہے
لڑتی ہے چاند سے ہر شب پہ اوسکی خود سرگشتگی

یہ میری چشم پرنم کی بہار خوں فشانی ہے
سفر و حسن ہے جوش بہار نوجوانی ہے
دہن سرچشمۂ آب حیات جاودانی ہے
جو کرنا ہو کرلے مغتنم عہد جوانی ہے
پھرا وس سینہ پر غم کے اپنا تک زبانی ہے
ہم و درد و الم اوس مرنے والے کی نشانی ہے
جواب نامہ تک کسکو امید زندگانی ہے
دلا کسکے قدم پر آرزو ہے جانفشانی ہے
دل مضطر ہی میں ہوں اوس گلی کی پاسبانی ہے
میں وہ بیمار ہوں جس سے اجل کو سرگرانی ہے
کہاں کی سامنے لایا ہے مری قصہ خوانی ہے
جو جائے اشک ہے آنکھوں سے ہر دم خونفشانی ہے

بیت الشرف کعبہ صنم خانۂ دل ہے
گنجینۂ ارباب کرم خانۂ دل ہے
نزدیک بصحرائے عدم خانۂ دل ہے
بر فاصلہ چند قدم خانۂ دل ہے
محسود گلستان ارم خانۂ دل ہے
بیشک بصد رشک حرم خانۂ دل ہے

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان انشا

اے عشق مجھے شاہد اصلی کو دکھا لا
تم خندہ بیدی وفقک اللہ تعالیٰ

ہر چند کہ عاصی ہوں پہ امت میں ہوں اسکی
جسکا ہے قدم عرش معلی سے بھی بالا

مولائے جہاں رہبر عشاق محمد
سب عقدہ مشکل کا مرے کھولنے والا

ق
امید مجھے ساقی کوثر سے ہے جسکے
ہے جام تو آلے سے مرا نشہ دوبالا

قنبر کو کرے حکم کہ جلدی سے خبر لے
انشا ہے غلاموں میں مرے اسکو چھڑالا

رہا ہے ہوش کچھ باقی اسے بھی اب تیرے جا
یہی آہنگ اے مطرب اب ستار اور چھیڑے جا

سوال بوسہ سن کہنے لگا وہ شوخ غصہ ہو
بہت اچھا سمجھ لونگا بھلا تو مجھکو چھیڑے جا

وفور مے سے حالت غش کی ہے انشا کو اے ساقی
شراب پرتگالی کی دے منہ پر تریڑے جا

دیکھنا جب مجھے کرشان یہ گالی دینا
کس سے تم سیکھے ہو ہر آن یہ گالی دینا

اختلاط آپ سے اور مجھسے کہاں کا ایسا
واہ جی جان نہ پہچان یہ گالی دینا

ق
ابھی نادان ہو سنا چاہو سو پیارے کہہ لو
پر تمہیں دیویگا نقصان یہ گالی دینا

آخرش ہو گئے جوان پھر تو کسے بھاویگا
چند روز اور ہے مہمان یہ گالی دینا

تہمت بوسہ عبث دیتے ہو منظور ہے جو ہو
کرکے بیفائدہ بہتان یہ گالی دینا

دیجئے دیجئے ہے عین سعادت اپنی
عاشقوں پر تو ہے احسان یہ گالی دینا

تیرے غصے سے جو انشا ہو خفا ناحق ہے
ہاں تجھے چاہئے نادان یہ گالی دینا

خیال کیجیو آج کام میں نے کیا
جب ان نے دی مجھے گالی سلام میں نے کیا

جنون ہے آپ کی دولت ہوا نصیب تو [illegible]
کہ ننگ نام کو چھوڑا یہ نام میں نے کیا

کہا یہ صبر نے دل سے کہ لو خدا حافظ
حقوق بندگی اپنا تمام میں نے کیا

[illegible] کی خو [illegible]
[illegible] ہی تمام میں نے کیا

[illegible]
[illegible] انشا [illegible] میں نے کیا

مجھے کیوں نہ آوے ساقی نظر آفتاب اُلٹا
کہ پڑا ہی آج خم میں قدح شراب اُلٹا

عجب الٹے ملک کے ہیں اجی آپ بھی کہ تم سے
کبھی بات کی جو سیدھی تو ملا جواب الٹا

ابھی جھڑ لگا دے بارش کوئی مست ہو کے نعرہ
جو زمیں پہ پھینک مارے قدح شراب اُلٹا

یہ عجیب ماجرا ہی کہ بروز عید قرباں
وہی ذبح بھی کرے ہی وہی لے ثواب اُلٹا

غزل اور قافیوں میں نہ کہی سو کیونکہ انشا
کہ ہوا نے خود بخود آ ورق کتاب اُلٹا

مجھے چھیڑنے کو ساقی نے دیا جو جام اُلٹا
تو کیا بہک کے میں نے اسے اک سلام اُلٹا

سحر ایک ماش پھینکا مجھے جو دکھا کے اُن نے
تو اشارا میں نے تاڑا کہ ہی لفظ شام اُلٹا

در میکدہ سے آئی مہک ایسے ہی مزے کی
کہ پچھاڑ کھا گرا واں دل تشنہ کام اُلٹا

نہیں بیٹھے اب جو بوسہ تو سلام کیوں لیا تھا
مجھے آپ پھیر دیجئے وہ مرا سلام اُلٹا

فقط اس لفافے پر ہے کہ خط آشنا کو پہونچے
تو لکھا ہی اُسنے انشا یہ مرا ہی نام اُلٹا

دیوار پھاندنے میں دیکھوگے کام میرا
جب دھم سے آ کہونگا صاحب سلام میرا

جو ہاتھ اپنے سبزی کا گھوڑا لگا
تو سُلفے کا اور اُسکو کوڑا لگا

یہ دکھتی نگاہوں سے دیکھا مجھے
کہ دُکھنے مرے دل کا پھوڑا لگا

لگی کہنے انشا کو شب وہ پری
مجھے بھوت ہو یہ نگوڑا لگا

دل ستم زدہ بیتابیوں نے لوٹ لیا
ہمارے قبلہ کو وہابیوں نے لوٹ لیا

کہانی ایک سنائی جو ہیر رانجھا کی
تو اہل درد کو پنجابیوں نے لوٹ لیا

یہ موج لالۂ خودرو نسیم سے بولی
کہ کوہ و دشت کو سیرابیوں نے لوٹ لیا

صبا قبیلۂ لیلے میں اڑ گئی یہ خبر
کہ ناقہ نجد کے اعرابیوں نے لوٹ لیا

کسی طرح سے نہیں نیند آتی انشا کو
اُسے خیال میں بیخوابیوں نے لوٹ لیا

اب تو اگلی سی طرح کا نہیں دہرا پردا
رہگیا آپ میں اور ہم میں اکہرا پردا

ہی یہ دالان پری حکم جو ہو تو آئینے
ایک رو پھر لگے اور ایک سنہرا پردا

اُس پری زاد کے جی صدقے گیا ہوں جسنے
میری ڈولی میں لگا دیکھو کہرا پردا

ہی زمانہ بُرا انشا [illegible] کا
آپ رکھ لیجئے یا حضرت زہرا پردا

ہزار اتفے کا یہ پہنا اُس پری نے تاش کا جوڑا
کہ اُڑ لاگا فلک پہ طائر شاباش کا جوڑا

ملائی آپ نے چتون تو ہم بھی ڈلگی کہہ بیٹھے
بہی تہا پاس اپنے اس نگاہِ فاش کا جوڑا

کسی جوگی نے جو منتر سکھایا ہی مجھے انشا
لیئے پہرتا ہوں میں جنگل میں اپنی ماش کا جوڑا

جگر کی آگ نہ بجھے جس سے جلا وہ شے لایا
لگا کے برف میں ساقی صراحی سے لا

نکل کے وادیٔ وحشت سے دیکھ لے مجنون
کہ زور دہوم سے آتا ہی ناقۂ لیلا

گرا جو ہاتھ سے فرہاد کے کہیں تیشہ
درونِ کوہ سے نکلی صدا کہ وا ویلا

قدم کو ہاتھ لگاتا ہوں اُٹھ کہیں گھر چل
خدا کے واسطے اتنے تو پاؤں مت پہیلا

نزاکت اس گلِ رعنا کی دیکھیو انشا
نسیمِ صبح جو چہو جائے رنگ ہو میلا

لگے ہے سینے سے پہر یہ کیسا اضطراب
مر مٹے پر بھی گیا اپنے دل کا اضطراب

اسکی چاہت میں جوانی اپنی جو تہی چل بسی
ہی پیرا پنک جیکو آپ سے کا تیسا اضطراب

کر کے کچھ تقصیر اُن کی بڑھ چلا جو میں تو وہ
بولے ٹک دیکھو تو اس نامنفعل کا اضطراب

نکہتِ گل سی پری کو کوسنے کو لے پہری
تہا الُو کہا یہ ہوائے معتدل کا اضطراب

یاد ہیں انشا وہ شرمائی ہوئی آنکھیں مجھے
اور تنہائی میں اس پیمانِ گسل کا اضطراب

کعبے سے کیا ہمنے جو آہنگ خرابات
کیا جانئے خوش آیا ہمیں کیا رنگ خرابات

آتشکدہ ہے ہر شرر سنگ خرابات
چہلکے ہے غرض اور ہی کچھ رنگ خرابات

سب ٹوٹ گئے جام و سبو ساغر و مینا
تہا گرم یہ شب معرکۂ جنگ خرابات

ملتا ہے پیر مغاں اپنے گڈ کا شوق سے زرات
مستانہ چڑھا کر قدح بنگ خرابات

گہرا حرم میں نہ ملے آہ کروں کیا
مطرودِ صنم خانہ ہوں میں ننگ خرابات

ہی سلطنتِ عشق مبارک تجھے انشا
ہو زیب وہ شاہی اور رنگ خرابات

کچھ اشارا جو کیا ہمنے ملاقات کے وقت
ٹال کر کہنے لگے دن ہی ابھی رات کے وقت

غمزے سے کرتے ہی آنکھوں میں ابھی باتیں تم
ہم بھی آپہونچے ہیں گیا عین اشارات کے وقت

سو ہم عیش ہی یہ عہد جوانی انشا
دور ہیں تیرے ابھی زہد و عبادات کے وقت

کوہ و لشکرِ اسکندر و کو حشمت دارا ابھی صبا فرما
پڑھ فاعتبروا یا اولی الابصار کا آیا تا ہو تجھے حیرت

مستانہ جو میں نے قدح بنگ چڑھایا - در عالم وحشت
تب خضر پکارا کہ ہٹا دم تیرا - اب دیکھ حلاوت

میں عالم نشیں ہونگا گروہ فقرا سے کیا سمجھے ہو مجھکو
رومال جھڑی لیکے جو تک کھینچوں وداسا دکھلاؤں کرامت

خوش بیٹھے ہیں چار ابرو کی بتلا کی صفائی مانند قلندر
نے ہمکو غم وزر و نہ اندیشہ کالا ہے خوب فراغت

آزادوں کے لہجے میں غزل تو نے سنائی از بہر تفنن
اب اپنی تو بولی کے کچھ اشعار کہہ انشا ہو جسمیں ظرافت

ہے نام خدا او جھڑک کچھ زور تماشا - یہ آپکی رنگت
گات ایسی غضب قہر ہے پینا ور جھکڑا - اللہ کی قدرت

ہیں سنے جو کہا ہو نہیں تو عاشق شیدا - اے کان حسنت
فرمانے لگے ہنسکے سنو اور تماشا - یہ شکل یہ صورت

آئے جو مرے گھر میں وہ شب راہ کرم سے یہ ہو ندیدہ گُذ
منہ پھیر کے لگے کہنے تعجب سے کہ یہ کیا - اے تیری یہ طاقت

دیوار چمن پھاند کے پہونچے جو ہم انکے تک انکی کمر و جبل
تڑپان ہو یہ فرمانے لگے کوٹ کا ناتا - اجی وا یہ فضیحت

اب اور ردیف اور قوافی میں غزل پڑھ لیکن اسی ڈھب سے
ما شاعروں کے آگئے ہوا اس بزم میں انشا تو شرکت

سیکھے جو بلائیں لگے ہم آپکی چٹ چٹ تو بول اٹھے جھٹ
چل جا ارے واہ زبردہ جو پرے ہٹ - ہے سب یہ بناوٹ

ہے معدن انوار الٰہی دل عاشق سوجھ تو عزیزو
اس چھوٹی سی جاگہ میں یہ وسعت یہ سجاوٹ اللہ رے جمگھٹ

یہ وب بدلا اور پہچکے سے جو پہونچا بیٹھے تو میاں وہ
سُن کہنے لگے میرے دبے پاؤں کی آہٹ - ہے ایسا تو نٹ کھٹ

ہے نور بصر موکے پردہ میں پنہاں - یوں جیسے کنہیا
سوا اشک کے قطروں پڑ کے لیے ہے جھرمٹ اور آنکھوں میں پنگھٹ

پہنتا ہے سماں آنکھوں میں انکے ہی انشا ظالم ارے کیونکر
باہم وہ لپٹ سونے میں اور پانی رکاوٹ وہ پیار کی کروٹ

وہ سیج پڑی ہونگی مخمل کے وہ تکیے - کمخواب کی پوشش
پرشے وہ تماشی کے وہ سونے کا چھپرکھٹ اور اسکی سجاوٹ

امرد ہوئے ہیں تیرے خریدار چار پانچ
ویسے ایسے اور حق ہے کہ اغیار چار پانچ

او جانے والے شخص تمسا کہ جو کہیے لا
یاں بھی تڑپ رہے ہیں گنہگار چار پانچ

صیاد دے خبر کہ دیا چاہتے ہیں جان
کنج قفس میں تازہ گرفتار چار پانچ

(ق) تیرہ قتیل و مصحفی و جرأت و مکیں
ہیں شاعروں میں یہ جو طرحدار چار پانچ

سو خوب جانتے ہیں کہ ہر ایک نگ میں
انشا کی ہر غزل میں ہیں اشعار چار پانچ

ہے شب وصل سے لگی کاش شہ دروازہ صبح
کم نہیں شور قیامت سے کچھ آوازہ صبح

جام غفلت کی خورشید ہمیں دے ساقی
دیکھ برہم زن مستی ہے یہ خمیازہ صبح

انشا انشا کبھی اس رنگ میں تو بھی لکھا
جیب گل چاک ہے گلشن میں باندازہ صبح

نہ لگی مجھکو جب اُس شوخ طرحدار کی گیند
اُسنے مَحرم کو سنبھالا وہی تیار کی گیند

لیجئے اُسکے بدل آپ جو پہلنے ہیں
ق گم ہوئی مجھسے جو کل رات کو سرکار کی گیند

گرد مقیش طلائی کی کرن ٹکوا کر
میں یہ لایا ہوں بنا اطلس گلنار کی گیند

گو گھرو لہر بنٹ ڈانک ستارہ ٹکے سیت
اور اک پہونچیگی زربفت نمودار کی گیند

شال رومال کی تو چوٹ مجھی کچھ نہ لگی
اب بنا چِکنئے کمخواب کی شلوار کی گیند

لگے فرمانے وہ مل دل غزل انشا کو
واہ کیا خوب بنی کاغذ اشعار کی گیند

لکھدو اخونجی صاحب کوئی ایسا تعویذ
گھرسے مُنہ سے لگے اسکے گلے کا تعویذ

خوش ہوئے ہمتو اجی پھر تھا اسکا فکر کا
لال نارے سے ہیں بندھا ہوا وہ طلا تعویذ

سکے بالوں سے لٹک جھٹکے سے الجھا تو کہا
اب لگا مجھکو ستانے یہ نگوڑا تعویذ

کچھ تو دے اپنی انشا نے مجھے عبدالبالا
توڑا زنجیر کڑا قول کا چھلا تعویذ

خیر انشا کی جو چاہو تو بلا دو دہو کر
اسکے بازو کا وہ ننھا سا روپہلا تعویذ

ہیں زور حسن سے وہ نہایت گھمنڈ پر
نام خدا انکا دو پڑے کیوں نہ ڈنڈ پر

گلبرگ تر سمجھکے لگا بیٹھنی ایک چونچ
بلبل ہمارے زخم نگہ سے گھر بنڈ پر

انشا بدل سکے قافیہ رکھ چیٹر پہاڑ کی
چڑھ بیٹھ ایک اور بھی جاسے اکنڈ پر

یہ جو پہنت بیٹھے ہیں راد ہا کی گنڈ پر
او تار بن کے گرتے ہیں یہ بیونکے جھنڈ پر

راتوں کو نہ نکلا کرو دروازہ سے باہر
شوخی میں دہر و پانوں نہ اندازہ باہر

بے قیس مبارک ہو کہ لیلیٰ نکل آئی
ہر جھلکو اٹھا محمل جمازہ سے باہر

لیتے وہ جاہی ہیں دو گد یا کہ نزاکت
ٹپکی پڑے ہے شوخی خمیازہ سے باہر

گو غنچے نے آوازہ کسا اُسکی گلی میں
پر میں کوئی نکلوں ہوں اس آوازہ باہر

رہتے ہیں سدا خواہش احباب سے انشا
اجزا مرے دیوان کے شیرازہ سی باہر

مانگا جو میں نے بوسہ اُسکے جبیں کے اندر
بولے کہ یاں نہیں چل مچھی بھوں کی اندھ

جو چاہے تو مجھے لکھنؤ سے کی خیر
تو ایوں دیکھ اس گھوڑے جوڑ کی خیر

گدا دے نشہ کے مرے رخش کو
میاں ساقی اس سلنے کوڑے کی خیر

دکھائی مجھے سیر باغ ارم
الٰہی ہوا اس سبز گھوڑی کی خیر
ہنسایا جو ہمیں نے تو بولے نہیں
نظر آئی کچھ اس نگوڑے کی خیر
لگا بیٹھا انشا کو ٹھوکر تو ایک
ارے اپنے سونے کے توتے کی خیر

لے انہوں نے جو یہ پھولوں کی چھڑی ڈالی توڑ
میں نے بھی آپکی دو لڑکی لڑی ڈالی توڑ
کھلکر آئے تھے کہ ہم پانچ گھڑی بیٹھینگے
میں نے اس ڈھرکے سے کل انکی گھڑی ڈالی توڑ
ساتھ پر ہونٹ کے یہ ہم جھولے کہ انشا ہمنے
ڈالی جو آپ کی تھی سب سے بڑی ڈالی توڑ

پھر تو کہہ بیٹھے کہ دم سرد مری ہونٹ نہ چوس
ہاں وہ کسطرح کہ بیدرد مرے ہونٹ نہ چوس
مجھکو حیران نکر چھوڑ تری دہشت سے
دیکھ رخسار ہوے زرد مرے ہونٹ نہ چوس
صدقے اس نازکے انشا سے یہ کہنا ہی ہے
چوٹ لگتی ہی ہوا درد مرے ہونٹ نہ چوس

بخشا یہ حق نے اس لب گلفام کو فروغ
سائے سے جسکے عکس کے ہی جام کو فروغ
نورانی ایک نعرہ لبیک کہہ کر
بخشا ہے جسنے جامۂ احرام کو فروغ
انشا ترا جو داغ جگر خونچکاں ہو تک
باقی رہے نہ کچھ شفق شام کو فروغ

فروغ کیسے نہ کیونکہ ہوئے ایاغ روشن مراد حاصل
مثل یہ مشہور ہی جہاں میں چراغ روشن مراد حاصل
چراغ روشن مراد حاصل مزار پر دلجلوں کے مت کہہ
یہاں یہ لازم ہی تجھکو کہنا کہ داغ روشن مراد حاصل
نشا ہی انشا کو آج ایسا طلوع سے جسکے ساقیا ہے
سرور بخشے مزاج حاضر دماغ روشن مراد حاصل

سیج گرم نگہ گرم ہنسی گرم ادا گرم
وہ نام خدا تجھسے ہیں تا ناخن پا گرم

تل مجھسے لے پر بھی تجھے قرآن کی قسم
دیتا ہوں تجھکو تخت سلیماں کی قسم
توریت کی قسم قسم انجیل کی تجھے
تجھکو قسم زبور کی فرقان کی قسم
وا ہاں کو میرے ہاتھ سے اب اتنی جنت
تجھکو سحر کے چاک گریباں کی قسم
نرگس کی آنکھ کی قسم اور گل کے کان کی
تجھکو سر عزیز گلستان کی قسم
تجھکو قسم ہے غنچۂ زنبق کی ناک کی
اور شور عندلیب غزلخواں کی قسم
قسمیں تو ساری ہو چکیں باقی رہی ہے اب
بلبل تلے کے بھٹنے کی شیطان کی قسم
ہاں پھر تو کہو ہاے وہ کسطرح غضب
انشا نہ چھیڑ تجھکو مری جان کی قسم

وہ دیکھا خواب تھا جس سے ہو اپنی زبان اور ہم
کہ گویا ایک جا ہیں اسمیں ہو وہ نوجوان اور ہم
وہ رہ رہ کے مجھسے کہنا ہو خدا کی باتیں ہیں ورنہ
بھلا ٹک دلمیں اپنے غور کر تو یہ مکان اور ہم
عجب رنگینیاں باتوں میں کچھ ہوتی ہیں یہ انشا
ہم ہو بیٹھتے ہیں جب سعادت یار خاں اور ہم
کھینچ لے کاش وہ پری اپنے مجھے لحاف میں
یا کہ بلا سے پھینکدے دامن کوہ قاف میں

لیسی ہی کیوں نہ ہم میں تم میں لڑائیاں ہوں
جب کھلکھلا کے ہنس دو باہم صفائیاں ہوں
کیونکر نہ گدگداہٹ ہاتھوں میں اسکی اٹھے
وہ گوری گوری رانیں جسنے دبائیاں ہوں
ممکن ہی کوئی ہمسے افشائے راز ہوئے
سو بار ٹھنڈی ہی سانسیں گو لب تک آئیاں ہوں
کیونکر جنوں مجسم ہوکر نہ دے دکھائی
جب شور شوں نے دل کی دھومیں مچائیاں ہوں
پڑھ اور بھی غزل ایک انشا اسیطرح میں
تا شاعروں کے آگے تیری بڑائیاں ہوں

جس سے کہ چٹکے چپکے لاگیں لگائیاں ہوں
لازم ہی یہ کہ منہ پر اسکے رکھائیاں ہوں
کیا سیر اسمیں گھڑی ہو، پھرتا ہو وہ مشوش
اور ہمنے اسکی چیزیں کچھ کچھ چرائیاں ہوں
مٹی کے عطر کی بو کیونکر نہ اُن سے آئے
جن انگلیوں نے بغلیں گدگدائیاں ہوں
ق
کیا قہر ہے یہ دیکھو برسوں جنھوں کی خاطر
درگاہوں بیچ جا جا راتیں جگائیاں ہوں
مانی ہوں منتیں بھی سو سو کرو ڈھب کی
دھو دھو کے اشرفی نذریں اٹھائیاں ہوں
ہووے ملاپ گاہے اُنسے تو شام ہی سے
آنکھوں میں انکی جھک جھک نیندڑیاں آئیاں ہوں
تبدیل قافیے کر وہ غزل اب انشا
جسمیں کہ اپنے ڈھب کی بندشیں بنائیاں ہوں

گر آپ رو بہ ہمسے باتوں میں ٹک کڑی ہو
سو کرکے جھگڑے قضیئے قصے جھٹ آ کے کھڑی ہو
منہ بھر کے نام کیا لیں ساقی وہ میکشی کا
دو ہی پیالیوں میں جو لوگ غش پڑے ہوں
کیونکر نہ چونکے فتنہ، پاؤں میں جب تمہارے
یہ قہر جھنجھناتے سونے کے دو کڑے ہوں
ٹپکا پڑے ہے جوبن اُس وسے آتشیں پر
قطرے عرق کے یوں ہیں جسطرح نگ جڑے ہوں
اک اور ڈھب کی انشا اس بحر میں غزل کہہ
الفاظ جسکے باہم موقع سے آ پڑے ہوں

جاتے میں کیا مزا ہو وہ تو سمٹ گئے ہوں
اور کھول کر رضائی ہم ہی لپٹ گئے ہوں
آئے تھے ساتھ میرے دیکھو تو کیا ہو وہ
ایسا ہو کہ پیچھے رستے میں کٹ گئے ہوں

جی چاہتا ہے اے دل اک رات ایسی آوے — مطلع ہو صاف ستھرا بادل بھی پھٹ رہے ہوں
سوتے ہوں چاندنی میں وہ تُن پیلیٹے اور ہم — شبنم کا وہ دوپٹہ بیٹھے اُلٹ رہے ہوں
پنجم غزل اب انشا اس طرز کی سُنا دے — آغوش میں معانی جسکے لپٹ رہے ہوں

خلوت میں فائدہ کیا اغیار سب ہم ہوں — سبکو ہوا بتا دو بس تم ہو اور ہم ہوں
آیا جو ذکر میرا بولے کہ پوچھنا کیا — ایسے بھی لوگ شاید دنیا کے بیچ کم ہوں
ٹک اسطرف تو دیکھو آنکھیں ملا کی صاحب — ق — ہمسے قدیمی بندے شایستہ ستم ہوں
اینتر کے گھر میں تیز سبحان تیری قدرت — جو بیچ و پوچ ہووین سو ایسے محترم ہوں
کیا دخل لکھ کے بھیجوں شعر اپنے اسکو انشا — مصرع رقم کروں تو چپٹا انگلیاں قلم ہوں

کمر باندھے ہوئے چلنے کو یاں سب یار بیٹھے ہیں — بہت آگے گئے باقی جو ہیں تیار بیٹھے ہیں
نہ چھیڑ اے نکہت باد بہاری راہ لگ اپنی — تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں
خیال اُنکا پرے ہے عرش اعظم سے کہیں ساقی — غرض کچھ زور دھن میں اسگھڑی میخوار بیٹھے ہیں
بسانِ نقش پائے رہرواں کوئے تمنا میں — نہیں اُٹھنے کی طاقت کیا کریں لاچار بیٹھے ہیں
یہ اپنی چال ہے افتادگی سے اندنوں پہروں — نظر آیا جہاں پر سایۂ دیوار بیٹھے ہیں
کہیں ہیں صبر کسکو آہ ننگ و نام کیا شے ہے — غرض رو پیٹ کر ان سبکو ہم یکبار بیٹھے ہیں
کہیں بوسے کی جرأت مت دلا کر بیٹھیو اُنسے — ابھی اس حد کو وہ کیفی نہیں ہشیار بیٹھے ہیں
نئی یہ وضع شرمانے کی سیکھی آج ہی تمنے — ہمارے پاس صاحب ورنہ یوں سو بار بیٹھے ہیں
کہاں گردش فلک کی چین دیتی ہے سُنا انشا — غنیمت ہے کہ ہم صحبت یہاں دو چار بیٹھے ہیں

سہتے ہو تم تو دم لے پرے ہٹ ابھی نہیں — اور آنہ جائے کوئی مری جی میں جی نہیں
گر یار مے پلائے تو پھر کیوں نہ پیجئے — زاہد نہیں میں شیخ نہیں کچھ ولی نہیں
خلوت میں یوں جو چاہیئے کہہ لیجئے مجھے — لوگوں میں لیکن آپ کی میری ہنسی نہیں
کچھ دخل ہے کہ راتوں کو تم آؤ میرے پاس — اسبات کا تو شعبدہ مرا متقضی نہیں

ذرا سی بات پہ سُنیے انشا سے تم خفا
کیا جانے کیا بلا ہے تو کچھ آدمی نہیں

چمک ہے یہ کچھ اس دوپٹے کی کنار میں / نظر جوں برق آوے دامن ابر بہاری میں
بہت سے عاجز آئے ہیں بھلا صاحب کہاں تک / مزاج عالی سرکار کی ہم پاسداری میں
مجھے کہنے لگے وہ پیار میں آکر اگر بس ہو / تو تجھکو موند رکھوں ایک ننھی سی پٹاری میں
جو کہتا ہوں بھلا جاگا کروں راتوں میں کہاں تک / تو کہتا ہے رہا کر اور ابھی امیدواری میں
کفالت رزق کی کس سے کسیکی ہو سکے انشا / صفت مخصوص ہے یہ تو فقط اس ذات باری میں

ستم اور ناز نوشیں ہو صنما وصلے نہ چنداں / کہ پرے فلک سے گذری یہ صدائے دردمنداں
فلک البروج پر سے کہیں سب ملائک آمین / نہ اثر ہو کسطرح سے بد دعائے مستمنداں
یکمال فضل و دانش یہ عجب ہے کہ انشا / غلطی پہ تو مصر ہو بمثال خود پسنداں

توڑ ڈونگا خم بادۂ انگور کی گردن / رکھ دونگا دہاں کاٹکے اک حور کی گردن
خود دار کی بن شکل الف کے انا الحق / نت چاہتے ہیں اک نئے منصور کی گردن
اچھلی ہوئی ورزش سے ترے ڈنڈ پہ مچھلی / ہے نام خدا جیسے سقنقور کی گردن
نت عالم مستی کا مزا ہے کہ پڑی ہو / گردن پہ مرے اس بت مخمور کی گردن
بیٹھا ہو جہاں تخت سلیمان کے آصف / واں کیوں نہ جھکے قیصر و فغفور کی گردن
اے مست یہ کیا قہر ہے خشت سر خم سے / کیوں توڑی صراحی کی بھلا چور کی گردن
حاسد تو ہے کیا چیز کرے قصد جو انشا / تو توڑ دے جھٹ بلعم باعور کی گردن

نرگس نے پھر نہ دیکھا جو آنکھ اٹھا چمن میں / کیا جانے کس نے کس سے کیا کر لیا چمن میں
ہے ہے پھریری لے لے تیرا یہ کہتے جانا / چلتی ہے ٹھنڈی ٹھنڈی کیا ہی ہوا چمن میں
ہیں صدقے اسکے انشا مجھکو جو کر اشارا / مہندی کی ٹہنیونکی اوجھل چھپا چمن میں

ہے پنہاں لطف و کرم جبیں جبیں کی تہ میں / ہاں ڈھبی صاف ہے اک اُنگلی جبیں کی تہ میں
قافلہ نجب سے گذرا تو لگا اٹھنے وہیں / درد سا ایک دل نافہ نشیں کی تہ میں
آج عاشق کو ترے قبر میں رکھتے ہیں لوگ / دفن اک زلزلہ ہوتا ہے زمیں کی تہ میں
اسکے کوچے سے صبا آئی تو یاں اٹھنے لگی / اک پھریری سی رگ جان حزیں کی تہ میں

جب ہوئیں پریاں ہوا کھانیکو کھڑیاں باغ میں / خود بخود چٹکنے لگیں غنچوں کی گھڑیاں باغ میں

تو جو وہاں چمن کا دیکھئیے گا اختلاط
چل رہی ہیں خوب ہی پھولوں کی چھڑیاں باغ میں

خوب سے ہم تم گلے مل مل کے باہم رہ جب
تو عجائب لگ گئیں کچھ منہ کی چھڑیاں باغ میں

دیکھکر سوسن کی رنگت دو صیاں پنی چڑہ گئیں
ان پریزادوں کی وہ مستی کی دھڑیاں باغ میں

ابتو انشا اس غزل کا قافیہ تنگ آ گیا
تو لٹا دے اور ہی موتی کی لڑیاں باغ میں

بس ہو چکے آغشتہ بخون دست و گریباں
ہو جیسے نہ لے دیو جنوں دست و گریباں

لاکھوں کے ہیں اُس بادۂ گلگوں کی بدولت
تر دامن و آغشتہ بخون دست و گریباں

یوں چاہیئے آپس میں نہ اک آن جدا ہوں
اے ولولۂ شور جنون دست و گریبان

[illegible] ل رہیں دست و گریباں تو دلا میں
حاشا کہ پھر آنکھوں نکھوں دست و گریبان

[illegible] ایجاد ہوئے اذہاں یہ انشا
یا معرکۂ کن فیکوں دست و گریبان

کہیئے صاف اُس سے یہ دل جس سے [illegible]
[illegible] واں زیر و ہوا اڑ کچھو ہو ہوا ہو

[illegible] ہیں ہیں انہیں دیکھئے ہرگز
دلکا جو ستانا کسی ملت میں روا ہو

[illegible] دے ڈال نہ اے عیسیٰ مریم
گر کچھ مرض عشق کی تجھ پاس دوا ہو

لہرا دیا [illegible] جو کل سبزہ زار کو
وہیں گھٹا نے گھیر لیا چشمہ سار کو

[illegible] ابر سفید و سیاہ و سُرخ
مستانہ جھوم جھوم چلے کوہسار کو

[illegible] یہ چاہا کہ سیجئے
محبس کو چھ رگ گل میں بہار کو

[illegible] چند جواں تھے سو نہر پر
تشریف لے گئے بط مے کے شکار ہو

[illegible] لاکر ملا دیا
زور آور بہار نے انشا سے یار کو

[illegible] کہ باقی نچوڑ لو
ایسے سمیں میں خواہش بوس و کنار کو

[illegible] مزہ تب ہے کہو اور سنو
بات میں تم تو خفا ہو گئے لو اور سنو

[illegible] سوچو تو اپنی دل میں
تم تو سو کہہ لو مری کچھ نہ سنو اور سنو

[illegible] خفا ہو کہ کہو ہم سے مجھسے
ہر قسم تمکو مرا نام نہ لو اور سنو

[illegible] جو نہیں سنتے اکیلے مل کے
ایسے ہی ڈھب سے سناؤں کہ سنو اور سنو

[illegible] انشا جو سوا اُسکا کیا وقل
تم تماؤ تو کہیں چھپکے چھپو اور سنو

اپنی پھر کہیو ہماری پہلے تک حسن نور ہو   کر رکھو اپنا کسیکو یا کسیکے ہو رہو
صاحبو میری سفارش کوئی اُنسے مت کرو   دیکھو تو ہوتا ہی کیا آخر کو چُپکے تو رہو
میرے ہی سر کی قسم ہی نام جانیکا نہ لو   مجھکو بیٹھو آج اگر تم اپنے گھر جاؤ رہو
اب جواں فضل الٰہی ہو چکے کیا ڈر تمہیں   آو بیٹھو کھیلو کودو لوٹو لوٹو سو رہو
دوستو انشا کی رونیکو نہ دیکھو آنکھ کھول   پھوٹ بہنے دو کہیں دے لگے بہنے کو رہو

دے ایک شب کو اپنی مجھے زر و شال تو   ہی مجھکو سونگھنے کی ہوس سو نکال تو
صدقے ہیں اُس گھڑی کے نشے میں وہ جب کہے   چلتا ہوں پاؤں پر مرے بازو سنبھال تو
انشا بھی تو گلے نہ پڑا انشا اب اسکے بس   کہتا ہوں سوچ کھیل ذرا دیکھ بھال تو

اس شعلہ رو کو ہو شیے جب آہنگ آئینہ   سیماب وار اُڑنے لگے رنگ آئینہ
مجرم ہوں اسقدر کہ کہے ہی مری مثال   کیا دیکھتا ہے آئینہ اے ننگ آئینہ
انشا کچھ آج طوطی خوش نغمہ کے مثال   دریش اُن لبوں سے ہوئی جنگ آئینہ

پر چھائیں اپنی چال کی ٹک مُنہ کو موڑ دیکھ   گردن کی یہ لچک یہ کمر کی مروڑ دیکھ
میں نے کہا کہ عشق کو اب چھوڑتا ہوں خیر   بولا کسے سناوے ہے اچھا نہ چھوڑ دیکھ
جوڑی جو اُن نے مجھسے تو توڑی تپ سے   انشا تو اپنے یار کے یہ توڑ جوڑ دیکھ

تو مجھسے لگا کہنے کہ چل ہٹ کے پرے بیٹھ   یوں مجھسے لگا شان جتانے نہ ارے بیٹھ
کیسا ہی ملا کیوں نہ وہ بیٹھا ہو مری پاس   کہتا ہوں یہی اُس سے کہ ٹک اور ورے بیٹھ
انشا کہیں ہنس بول مرا جی تو کر حامت   مت ہاتھ کو اسطرح سے تو سر پہ دھرے بیٹھ

کل باد بہاری نے سو ٹکڑے گلابی کی   اس پردے میں آ ٹھیکی روح ایک شرابی کی
جوں موج ہوا اپنا تھا ہوش بھی اُڑنے پر   اے نکہت گل تو نے کیوں اتنی شتابی کی
تقصیر نہ اس دل کی نے جرم محبت کچھ   تیری ہی لگاوٹ نے سب خانہ خرابی کی
بوباس نکلتی ہے کچھ شعر میں انشا کے   جامی کی نظامی کی سعدی کی سحابی کی

شب خانۂ رقیب میں تا صبح سو چکے   اب فائدہ مکرنے سے ہم دیکھ تو چکے
واللہ میں بھی تنگ ہوں اب کاش اے صنم   جو کچھ نصیب میں ہو کہیں جلد ہو چکے

خواب عدم سے شور جنوں نے جگا دیا
آتش ابس اور نیند کہاں خوب سو چکے

غیر کے مونڈھے پہ تم ہاتھ جو دھر بیٹھ گئے
ساتھ والوں کو نہ پوچھا کہ کدھر بیٹھ گئے

کچھ صف صدر و نعال اپنی بنے خاطر میں
مست مدہوش ہیں ہم بیٹھے جدھر بیٹھ گئے

میں یہ تعظیم سمجھتا ہوں سُنا بندہ نواز
آپ اُٹھتے تھے مجھے دیکھ کے پر بیٹھ گئے

اپنی مجلس میں مجھے دیکھ کے غیروں نے کہا
دیکھیگا انہیں کیا ہو کے نڈر بیٹھ گئے

اُٹھ گئے دلدار کو رخصت تو کیا پر رو ہیں
اُٹھ گئے ہم دست تاسف کو لبر بیٹھ گئے

سُنکے یہ تیری غزل بزم میں آتش شکو
مستعد اُٹھنے پہ تھے اہل ہُنر بیٹھ گئے

سبزہ کیا خاک شہیداں سے تری خاک کے
جائے گل چاہیئے وا سنے دل صد چاک گئے

کب چاہوں ہوں میں حرف ملاقات کی ٹھیر
تب خوش ہو مرا دل کہ جب اُس بات کی ٹھیرے

آتا ہی یہی جی میں کہ دستار گرو رکھ
پھر آج ذرا اسیر خرابات کی ٹھیرے

سینے تعظیم اشک اسطرح آہ سرد اٹھتی ہے
کہ جیسے قطرہ افشانی سے بوئے گرد اٹھتی ہے

کتا یہ اور ڈھب کا اس بھری مجلس میں کیجیے
ابھی سب تاڑ جائینگے نہ ایسا تو ستم کیجیے

آئی تھی ایک جو رہتے مجھے دیکھ ہٹ گئی
دانتوں کے نیچے داب زباں جھٹ پلٹ گئی

آئی نسیم صبح جو کل کوئے یار سے
ہمراہ فوج ہوش کے لے غت کے غت گئی

شب میں نے جو ہیں ہاتھ لگایا تو وہ پری
بے اختیار شرم کے مارے سمٹ گئی

مجھسے لپٹ کے آخر شب یار نے کہا
کیا جانیں ان دنوں کی یہ کیوں رات گھٹ گئی

آتش کی گفتگو وہ دھواں گرم ہے کہ آج
آکر بہار اُسکے گلے سے لپٹ گئی

ہے اور کوئی ایسا جسمیں یہ بھبن نکلے
سچ دھج اسے کہتے ہیں بیتا خستہ پن نکلے

یوں تن وہ نمایاں ہے پیراہن آبی سے
جوں دھوپ کواڑوں سے آئینہ کی چبن نکلے

ایسے میں کہیں اڑ لگ جائے طائر دل تو بھی
ہیں کسب ہوا کو سب غان چمن سے نکلے

شبنم میں جو تک کھد دیں اُسکے دوپٹے کو
مہتاب کی چادر سے خوشبوئے سمن نکلے

افشاں لگا وہ عالم ہے اس چاند سے مکھڑے
جوں وقت سحر آتش سورج کی کرن نکلے

دیکھکر وہ لپلپے گرد اس دہن کے ونگلے
اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں اپنے تو بدن کے رونگٹے

بھگتی اپنی مسوں پر دمبدم پھیرے ہے ہاتھ — ہیں یہی دو چار موجب بانکپن کے رونگٹے

کھب آنکھوں میں گئی جلوہ نمائی تیری — مجھکو کیا جانیے کہ کیا بات خوش آئی تیری
اے نسیم سحری کہیو مرا عرض نیاز — گلشن یار میں گر ہووے رسائی تیری
اب خدا کے لیئے جانے بھی دے توبہ نکر — کہیں ایسا نہو مڑ جاتے کلائی تیری
کیا ہوا غصہ ہو شدت سے سراپا میں اگر — آگئے ہم بھی جو ٹک کھول رضائی تیری
طالب حسن ہو چھوڑ یہ باتیں آتش — دیکھ کہتا ہوں میں اسمیں ہے بھلائی تیری

سودا زدہ دل ہے تو یہ تدبیر کرینگے — اس زلف گرہگیر سے زنجیر کرینگے
غصے میں ترے ہمنے بڑا لطف اٹھایا — ابتو عمداً اور بھی تقصیر کرینگے
چمکا ہے ترا رنگ جو نظارہ سے اپنے — پوچھ اہل نظر سے کہ وہ تقریر کرینگے
چندے جو بسر یوں ہوئی اوقات تو ہم یار — ٹکڑے کو ترے عالم تصویر کرینگے
دل شاد رکھ آتش متفکر نہو ہرگز — عقدے ترے حل حضرت شبیر کرینگے

خم بغل بیچ نہاں، ہاتھ میں ہے جام لیئے — ساقی آتا ہے چلا زور سر انجام لیئے
لے خبر جلد تک اے قافلہ سالار حرم — کہ حریفوں نے وہ سب جامۂ احرام لیئے
پختگی آج بھی اس بات کی آتش ہوئی — گھر کو پھر آئے چلے ہم طمع خام لیئے

گالی سہی ادا سہی چین جبیں سہی — یہ سب سہی پر ایک نہیں کی نہیں سہی
گر نازنیں کہے سے برا مانتے ہو تم — میری طرف کو دیکھیے میں نازنیں سہی
منظور دوستی جو تمہیں ہے ہر ایک سے — اچھا تو کیا مضائقہ آتش سے کیں سہی

تھی جو وہ لاہی کی ٹوپی زعفرانی آپکی — سو ہمارے پاس ہے اب تک نشانی آپکی
دمبدم کہہ بیٹھنا اب یاد اپنی اُنکے پاس — کیوں نہیں جاتی وہ اب تک بدگمانی آپکی
کیا کہوں مارے خوشی کے حال میرا کیا ہوا — آمد آمد جو ہوئی کل ناگہانی آپکی
ہمنے سو راتیں جگائیں تب ہوا یہ اتفاق — سو اسی دن کو دھری تھی نیند آنی آپکی
میرے حق میں اب جو یہ ارشاد فرمایا کہ ہی — ق — خوب یاں منقوش خاطر جانفشانی آپکی
لیک میں اوڑھوں بچھاؤں یا لپیٹوں کیا کروں — روکھی پھیکی ایسی سوکھی مہربانی آپکی

دو گلابی لاکے ساقی نے کہا آتش کو رات / زعفرانی میرا حصہ ارغوانی آپ کی

لب پہ آئی ہوئی یہ جان پھرے / یار گر اسطرف کو آن پھرے
بڑکے یہ ابھو ہیں، جب آنکھ پھر / اپنی آنکھوں میں وہ جوان پھرے
ساقیا آج جام صہبا پر / کیوں نہ لہرا تی اپنی جان پھرے
ہچکیاں لے ہے اسطرح لبِ مے / جس طرح گٹکری میں تان پھرے
روٹھکر اٹھ چلے تھے آتش سے / بارے پھر ہوکے مہربان پھرے

دو گھڑی دن سے کہا میں نے کہ کیا ارشاد ہے / سُن کے بولے اب ہوا کھانا تیری یاد ہے
آج تو کپڑے نہ بدلو تمکو میری ہی ہے قسم / آپکا میلا کچیلا پن بھی کچھ بیداد ہے
میں جو اک کمخواب کی لایا تھا ٹوپی بولے آپ / تجھسے کیا لینے ارے تیری بھی کچھ بنیاد ہے
ہادی اللہ مشرب ملتے سے کچھ مت پوچھئے / قید سے دونوں جہانکے یہ فقیر آزاد ہے

کیا چھیڑ ہے کہ پہلے دل صاف توڑ بیٹھے / پھر آپ ہو مودب ہاتھوں کو جوڑ بیٹھے
کی میں نے شب جو سہواً تعریف چاندنی کی / میری طرف سے اپنے وہ منہ کو موڑ بیٹھے
آزادگی خوش آئی آتش کو جب سے یارو / وہ سبکو چھوڑ بیٹھا سب اسکو چھوڑ بیٹھے

اگر یہ ڈھب نہیں ملتا کہ اس رُخسار کو ملیئے / تو کیا کیجیئے کفِ افسوس ہی ناچار کو ملیئے
بہانہ بندہ کا مت کیجیئے صاحب بلا سے / چاہی لے نہ اپنی نرگسِ بیمار کو ملیئے
نہیں جب دیکھ وہ کچھ بڑبڑاتا ہی تو کہتے ہیں / جو ہاتھ آئے تو کیا اُس لعل خوش گفتار کو ملیئے
اگر وہ سونپ دے اپنے دوپٹے کا الٹنا تو / مزے سے چنکے چھلے کیا کفِ دلدار کو ملیئے
بس اب اے حضرت عشق آپ دستِ ظلم ہی کو / نہ سا رہی رات آتش کے دلِ بیمار کو ملیئے

انکے دو جب مجھسے کبوتر کے جو جوڑے اُڑ گئے / تو یہ بولے کیا کیا ہی ہی نگوڑے اُڑ گئے

گلی سے تیری جو ٹک ہو کے آدمی نکلے / تو اُسکے سایہ سے جھٹ بنکے اک پری نکلے
نشان آہ لئے جاؤں جاؤں تاروں کی / چلیگی فوج مرشک آج چاند لی نکلے
ہزار شکر کہ آتش کی محفل میں / خفا سے آئے تھے پر ہو ہنسی خوشی نکلے

ساقیا آئے ہیں بادل یہ بڑے پانی کے / جلد بھر دے جو خالی ہیں گھڑے پانی کے

شعلہ خو کوں نہایا کہ نظر آئے حباب
کچھ پھپولے سے وہ جہاں پہ پڑے پانی کے
صبح کس روپ سے پی اٹھتے ہیں پری انشا
کچھ درختوں میں سے قطرے جو جھڑیں پانی کے

نے نشہ میں تجھے جب یوں قدح بنگ اڑی
تو نہ کیوں سبز پری بنکے مرا رنگ اڑے
نامہ شوق کی پہنچانے کو چاہے ہے کہ یہ
بن کے اک شکل کبوتر نفس تنگ اڑے
طرز نالیدن انشا جو اڑاسے تو وہیں
طائر سدرہ بہم کرتے ہوئے جنگ اڑے

دیکھ اسکی بڑی خاتم یاقوت میں انگلی
ہاروت نے کی دیدۂ ماروت میں انگلی
آلودہ ہوئی نور سے جس وقت کہ ڈوبی
جراح کی خون دل مبہوت میں انگلی
ناسوت کے عالم میں سیے سیر ہم انشا
کرتے ہیں شگاف در لاہوت میں انگلی

غنچۂ گل کی صبا گود بھری جاتی ہے
اک پری آتی ہے اور ایک پری جاتی ہے
کر لے دو چار قدم لالۂ خودرو کی بہار
ورنہ یہ کوہ سے لے کبک دری جاتی ہے
منہ تو دیکھو نری چٹکی جو بجائے بو باس
نکہت گل بڑی کانپے ہے ڈری جاتی ہے
پہونچے ہے پر کوئی اس گل تلک انشا کیا دخل
بلبل اس رشک تمنا میں مری جاتی ہے
ق ہاں مگر بھیس میں مالن کے محل تک اسکے
کبھی جاتی ہے تو با دیدۂ تر ہی جاتی ہے

زمیں سے اٹھی ہے یا چرخ پر سے اتری ہے
یہ آگ عشق کی یارب کدھر سے اتری ہے
اترتی نجد میں کب تھی سواری لیلیٰ
ٹک اک قیس کے جذبہ اثر سے اتری ہے
نہیں نسیم بہاری یہ ہے پری کوئی
اڑن کھٹولے کی ٹھہرا جو فرش سے اتری ہے
چاہو نہ دیکھیں تو کہتے ہیں وحشی نہیں
جنبش فہم پڑے گرد فرس سے اتری ہے
نہیں یہ عشق تجلی ہے حق تعالیٰ کی
جو راہ زینۂ بام فلک سے اتری ہے
لباس آدمی میں لکھ نہ کیوا سے انشا
قلم دوات تجھے عرش پر سے اتری ہے

پکڑ ہی کبھی سے چاہئے اندر باہر [illegible]
ملا کر سے کچھ اپنی بھی اجتہو ہوا [illegible]
شربا کھلا کے آنکھ نہیں [illegible]
ایسا ہو کہ آپ پہ کچھ تو تنہا [illegible]
انشا جو آفریں ترے ذہن [illegible] کو
[illegible] زیادہ اس سے بھلا اور کیا [illegible]
[illegible] اہر کہ یہ چاہ [illegible] کی [illegible]
[illegible] کی [illegible]

سیماب کے آنسو وہ سدا روئے الٰہی
کی جسنے ہو میرے دل بیتاب کی چوری
شب سینہ جو دی داغ کی اک چور نے آتش
تو ہو گئی سب صبر کے اسباب کی چوری

یہ کس سے چاندنی میں ہم بزیر آسماں لپٹے
کہ باہم عرش پر مارے خوشی کے قدسیاں لپٹے
حُدی خواں وادیٔ مجنوں میں ناقہ کو نہ لیجانا
مبادا اک بگولا سا پائے ساربان لپٹے
کسی ڈھب سے طبیعت سیر ہوتی ہی نہیں انسے
ابھی دالان سے لائی بزیر سائبان لپٹے
پڑے ہے اس روش سے اب وہ منت مرغ ایسا
کہ جیسے غنچوں سے عندلیب گلستاں لپٹے
غزل مستی میں لکھ اک اور بھی آتش کہ تا تیری
بلائیں آکے ساقی لے تجھے پیر مغاں لپٹے

اگرچہ ہم سے وہ سو بار متصل لپٹے
پر ایسے ڈھب سے نہ لپٹے کہ دلسے دل لپٹے
یہ گردباد بھی اک شئی ہیں جسکے دامن سے
بہت سے ہیں خس و خاشاک مضمحل لپٹے
کچھ اور ڈھب کے اب اشعار ایسے لکھ آتش
کہ جس سے طبع سخن سنج مستقل لپٹے

جنون کے دیو سے کیا عوج مضمحل لپٹے
جو ایسے سے کوئی لپٹے تو اہل دل لپٹے
کہیں سنی جو کہانی میں شرم کی کچھ بات
تو اپنے تکیئے سے بس ہوکے وہ خجل لپٹے
کہہ اور طور سے آتش غزل وہ برجستہ
کہ برق جسکے گلے ہو کے منفعل لپٹے

ضیا میں نور سما جائے ظل سی ظل لپٹے
ذوی العقول میں کیونکر نہ دلسے دل لپٹے
کسیکے خال ذقن سے اس آنکھ کی تل کو
ملوں تو زر فزا ہو کہ تل سے تل لپٹے
ملے جو فرصت آتش کبھی تو ہم اسکی
اسی جراحت نامندمل سے مل لپٹے

ہے مستعد کہ وہ لب میگوں ٹپک پڑے
ٹک انگلیوں جو چھیڑیئے تو خون ٹپک پڑے
گر برگ گل پہ ڈالیئے شبنم کی سمت آنکھ
تو واں سے دانۂ در مکنوں ٹپک پڑے
بن ٹھن کے یوں نہ پھرو زیر آسمان
ایسا نہو کہ زہرۂ گردوں ٹپک پڑے
آتش یہ سن غزل ثمر پختہ کی نمط
رکھتے جو تھے طبیعت موزوں ٹپک پڑے

سانولے پن پر غضب ہے دھج بسنتی شال کی
جی میں ہے کہہ بیٹھئے اب جے کنہیا لال کی
واقعی مجھسے گنہ ایسے ہی دو تین ہوئے
کہ میرے سامنے وہ لیکے قراین ہوئے
صبحدم مجھسے لپٹکر وہ نشے میں بولے
تم بنے باد صبا ہم گل نسریں ہوئے

تھم چکی بندہ درگاہ سے اور آپ سے خیر — ہم الفت میں اگر ایسے ہی آئین ہوئے
قمری و بلبل نالاں میں پڑے جو جھگڑے — سو دل غمزہ کے موجب تسکین ہوئے
اشک آنکھوں سے قدم رکھ نہیں سکتے باہر — دولت شرم سے مانند سلاطین ہوئے
جی ہی اچھا نہ رہا پھر تو عیاذاً باللہ — فائدہ کیا جو سنا سارے اراکین ہوئے
تھگی یہ کہ ملی آپ نے انشا مہندی — اور کپڑے تو مرے مفت میں رنگین ہوئے

ان انگلیوں میں قول کے چھلے نظر پڑے — واللہ تم تو سخت چھبیلے نظر پڑے
دیکھا پری وشوں کو تو ان کے سر دینہ آج — کچھ طرفہ رنگ رنگ کے شلے نظر پڑے

تو نسیم صبح لپٹ گئی کسی گل کے دامن پاک سے — تو شعاع مہر نے اک چھری جڑی آ کے اُملو سا کے سے

آج بجلی سے بنے ہفت طبق سونے کے — یوں چمکتے ہیں پڑے جیسے ورق سونے کے
اسی پریزاد کی گریوں ہی سواری نکلے — ابھی برسانے لگے پھول شفق سونے کے
واہ کس لطف سے رات اُٹھے کہا گرمی میں — ہم نہیں ساتھ ترے کر کے عرق سو نیکے

ہے جی میں قفل خانۂ خمار توڑ لیے — یعنی در بہشت کو یکبار توڑ لیے
جی چاہتا ہے لیکے بلائیں تمہاری آج — پوریں ان انگلیوں کی بھی لے یار توڑ لیے
انشا دکھا کے اور بھی اک جلوۂ غزل — بند نقاب شاہد اسرار توڑ لیے

یہ کیا کہ ان کے دل کو نہ زنہار توڑ لیے — سو بار جا کے جوڑ لیے سو بار توڑ لیے
ہاتھ آوے کچھ اگر نہ سر رشتہ بگاڑ کا — تو لڑ کے اُنکے موتیوں کا ہار توڑ لیے
شوخی تو دیکھو آج یہی قصد ہے کہ خیر — جس ڈھب سے ہوسکے خاطر دلدار توڑ لیے
سبزے کو روند ڈالیے یا ان کے باغ کی — نارنگیاں ہی چپکے سے دو چار توڑ لیے
انشا یہ رُو بہ راہ ہے اک تاؤ بھاؤ کی — اس توڑ جوڑ کا نہ کبھی تار توڑ لیے

بوسہ جو دیتے نہیں تجکو تو جھڑکی ہی سہی — نہیں دروازہ جو کھل سکتا تو کھڑکی ہی سہی

وہ پری ہی نہیں کچھ ہو کے کڑی جھسے لڑی — آنکھ نرگس کی بھی دو چار گھڑی مجھ سے لڑی
واسطے تیرے مرا رنگ محل ہے دشمن — تیری خاطر تو مرا اک چھوٹی بڑی مجھ سے لڑی
جھڑ لگا دی مری آنکھوں نے تو لو اور سنو — ٹکٹکی باندھ کے کیوں مینہ کی جھڑی مجھسے لڑی

رات لڑ بھڑ وہ جو چپ ہو رہی تو اُنکی عوض
بولتی تھی وہ جو سونے کی گھڑی مجھ سے لڑی

بیٹھے بیٹھے کہیں بلبل کو جو چھیڑا میں نے
تو نسیم اس کے بدل ہو کے کھڑی مجھ سے لڑی

کون سی حور یہاں کھیلنے جو تھی آئی
بوٹے گل لیکے جو پھولوں کی چھڑی مجھ سے لڑی

روٹھ کر اُن کے گلے میں جو لگا تو انشا
ہر اک اُس دو لڑی موتی کی لڑی مجھ سے لڑی

اے پری تیر سے مژے ایک لشکر لیتا ہے
اور غمزے اُٹھے بیڑا دیو سحر لیتا ہے

دل میں بدولت آپ کے اک درد ہی سو ہے
وہ آہ سوزناک و دم سرد سو ہے

مجنوں تو سوکھ ساکھ کے اک خار بن گیا
لیلیٰ کا چہرہ مثل گل زرد ہی سو ہے

انشا اِن قافلہ کی کچھ خبر نہ پوچھ
بانگ جرس ہی اور وہی گرد ہی سو ہے

نہ پیاس اپنی بجھی برف سے نہ شورے سے
بجھی تو نرگس ساقی کے آبخورے سے

لٹنے میں کیوں نہ کروں غش دکھا دئے تم نے
وہ دونوں دیدے مئے ناب کے کٹورے سے

بلا سے جام نہ ہووے نہ ہو کہ یاں ہم لوگ
چڑھا گئے ہیں گھڑوں کے گھڑے سکورے سے

نہیں جو رات کو جاگے تو کیوں اُبھر آئے
یہ لال لال کچھ آنکھوں میں ڈورے ڈورے سے

کل اُن کے پاؤں لگا دابنے تو یوں بولے
ہمارے سر کی قسم اور زور زور سے

ہے آنکھ ہونہ ساقی کی مئے ناب کی پیتی
چھپ جائے نہ کیوں مٹکے پہ مٹکا کی چھتی

یارب ترا ہی ذکر یہاں جب نہ تب رہے
ہر دم کے ساتھ اک حرکت زیر لب رہے

چھیننا میرے چھیڑے چھوسے سے نہیں ہو
سوتے ہی آپ رات نہایت کڈھب رہے

انشا بھلا وہ زاہد دیرینہ کیا کرے
خود جس کی تاک جھانک میں بنت العنب رہے

ہے شیخ کے سر ایسی ہی تلبیس کی ٹوپی
جس سے کہ بڑی کانپتی ہے ابلیس کی ٹوپی

ہد ہد کو خوشی تب ہوئی جب دم نظر آئی
ہاتھوں میں سلیمان کے بلقیس کی ٹوپی

پریوں کے گھروں میں وہی چوری کے مزے لیں
جن پاس ہو جنوں کے جو اسیس کی ٹوپی

ممکن ہو تو دھر دیجیے بنا کر ترے سر پر
زر بفت مہ و زہرہ و برجیس کی ٹوپی

انشا مرے آقا کی سلامی کو جھکی ہے
سکان سراپردہ تقدیس کی ٹوپی

کیا چیز بھلا قیصر فریدوں مرے آگے
کانپتا ہے پڑا گنبد گردوں مرے آگے

مطلق متوجہ نہوں ہر چند گزر جائیں
صد قافلۂ لیلیٰ و مجنوں مرے آگے
ہوں وہ جبروتی کہ گردِ حکما سب
چڑیوں کی طرح کرتے ہیں چوں چوں مرے آگے
بولے ہے یہی خامہ کہ کس کس کو میں باندھوں
بادل سے چلے آتے ہیں مضموں مرے آگے
مجرے کو مرے خسرو پرویز ہو حاضر
شیریں بھی کہے آکے بلا لوں مرے آگے
بیتابیٔ دل دیکھ کے سیماب سے پھر جائے
کف لائے اگر موجۂ جیحوں مرے آگے
ہیں شاہ خراساں کے غلاموں میں ہو انشا
مصروف رہے موسیٰ و ہاروں مرے آگے

گرمی کی جو شکوہ کی سب گرد ہو گئی
دو چار بوندیوں میں ہوا سرد ہو گئی
آگے تو اہل درد سے ربط درست تھا
پر اب طبیعت آپ کی بیدرد ہو گئی
اے نادرِ جہاں ترے یمنِ قدوم سے
وضع چمن بسانِ ابیورد ہو گئی
کر آب پاش آن کے لیے ابر نو بہار
اوراقِ گل پہ جمع بہت گرد ہو گئی

بھری وہ آتش عشق اس دل فگار میں ہے
کہ لاکھ برق یہاں جس کے ہر شرار میں ہے
ملے شراب جو انانِ باغ کو کیونکر
کہ آپ پیر مغاں رنجشِ خمار میں ہے
کدھر سے آتی ہے آواز دوست اے مطرب
نہ نطق انگلیوں میں ہے نہ چوب و تار میں ہے
مجھے یہ آج پری پیکروں نے لکھ بھیجا
کہ آیئے چمن نرگس انتظار میں ہے
پھوہار مینہ کی خوش آیند ہے بہت اس وقت
شراب پینے کا موقع اسی پھوہار میں ہے
بدل کے قافیہ انشا لکھ اور تازہ غزل
کہ یہ غزل جو سنائی ہو کس شمار میں ہے

عجیب لطف کچھ آپس کی چھیڑ چھاڑ میں ہے
کہاں ملاپ میں وہ بات جو بگاڑ میں ہے
گھڑی جو کوئی کواڑوں کی اپنے آڑ میں ہے
تو کیا نمود جھمکڑی اسی دراڑ میں ہے
یہ مجھ سے کہنے لگے ایک شخص تھے جو الول
مزاج پوچھئے سچ مچ تو چولھے بھاڑ میں ہے
ہزار طرح کی فکریں خراب کرتی ہیں
غرض نہ پوچھو کہ انساں کس لتاڑ میں ہے
گھرائے شور سے دل یا دل آج دیکھ انشا
کہ ہر طرح سے پھنسی برق بھیڑ بھاڑ میں ہے

مت ہاتھ اٹھا اپنے تو بسمل کے گلو سے
تا آب دمِ تیغ لبِ زخم تو جو سے
تو سایہ فگن ہوئے تو جوں سرو چراغاں
ظاہر ید بیضا ہو مرے ہر بن مو سے

آہ دل عاشق بھی دم گرہ کسی طرح
کچھ کم نہیں اے فاختہ سرو لب جو سے

ہیں جھوٹ نہ بولونگا مجھے تم سے ہی الفت
بیٹھا طرف کعبہ ہوں اسوقت وضو سے

کر قتل شہید ستم الفت کو یہ بولے
ہے بوئے شراب آتی مجھے ایسکے لہو سے

معلوم نہیں روٹھے ہیں کس آئینہ رو سے
پانی جو اتر تا نہیں غنچوں کے گلو سے

چین آوے نہ کیوں ایسے پریزاد کی بو سے
بن مانگے دئے جن نے مجھے آنکھوں کے بوسے

اب کوئی ہما ہو تو اسے ذبح کریں ہم
تعویذ بہت لکھ چکے ہد ہد کے لہو سے

شیشے نہوں دس بیس تو مستوں کی تسلی
ساقی کوئی ہوتی ہے بھلا ایک سبو سے

انشا غزل اک اور توانی میں بھی لکھ ڈال
داد اس کی بھی مانگ آ کے ہر اک ریختہ گو سے

ہو توبہ شکن آج دلا تو سر نو سے
کپڑوں پہ چھڑک مے کو اڑا شمع کی لو سے

ایدل وہ خوشا کشت بر ومند کہ جسکو
خطرہ ہی نہیں تہلکہ وقت درو سے

کر بیٹھے وہیں فضل خدا ساز پہ تکیہ
جب بن نہ پڑی بات کچھ اپنی تگ و دو سے

یاد آتے ہیں اک پیر مغاں کے مجھے ابرو
ہے اس سبب افراط محبت مہ نو سے

افواج گل ولالہ میں ہے زلزلہ انشا
اس باد بہاری کی سواری کے جلو سے

ہیں تیرے صدقے نہ رکھ اے مری پیاری روزہ
بندی رکھ لیگی ترے بدلے ہزاری روزہ

شمش اور برف کے کوزوں کی ہوئی تیاری
آج کس شخص کی رکھیگی دو لاری روزہ

دن دہاڑا ہے ابھی رات کو انشاء اللہ
تیرے قربان گئی ہے مجھے واری روزہ

بچونپ کیا ہو جو کسی سے کوئی ہر روز ملے
چاہئے ہفتہ میں دلسوز سے دلسوز ملے

چبھتی ہے یہ نگوڑی مسلسل کی اوڑھنی
لادے ہی دو اب مجھے ململ کی اوڑھنی

بن سر ڈھپے ہوئے تجھے کیا چاہئے بھلا
بوٹے سے قد پہ ایسی بڑے آنچل کی اوڑھنی

انشا کے سونگھنے کے لیے اُن نے بھیجدی
جالیکی کرتی اور وہی ہلکی اوڑھنی

اختیاری تو نہیں آپ سے جو دوری ہے
تلخ لاچار ہوں میں عالم مجبوری ہے

کب تلک ابر کے پرتو سے رہے گیلی دہوپ
بار الٰہا نکل آئے کہیں چٹکیلی دھوپ

کھل پڑے عالم مستی میں تو ہم تحت تلے
لے نہ اے دختر رز اب تو ترے بخت کھلے

فقط

[illegible]

مرزا قادیانی صاحب [illegible]

سمجھا [illegible] پیدا
[illegible] گردن کا [illegible]
گناہ [illegible]
وہ [illegible] انگور [illegible]
مشرف ہو [illegible]
[illegible] حروف [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] اعتقادی اتنی گراں [illegible]
[illegible] میری اچھی [illegible]
[illegible]

[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
وجود ظاہر [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

گر رہی یہ نالوں کا زور اور بڑھی تن کا ہجوم — پنبۂ منقوش اک اک استخواں ہو جائیگا
میکشوں سے اسقدر سختی نکر ای محتسب — دل ترا سنگ در پیر مغاں ہو جائیگا
دم بدم ہوتی ہے ای صابر نظر اپنی بلند — شیشۂ عینک حباب آسماں ہو جائیگا
آئینہ سا رکھتا کہاں ہے روی پرنور آفتاب — اپنے نزدیک آپکو کھینچا کرے دور آفتاب
جانے بیزاری ہے دنیا اسلئے رکھتا ہے پشت — منھ نہ پھیریگا ادھر گو تا بمقدور آفتاب
کچھ نظر آتا نہیں مجھکو فراق یار میں — میری آنکھوں کی سیاہی میں ہے مستور آفتاب
صبح کر سامان غفلت تا میسر ہو فروغ — می کے پینے سے ہوا مشہور انگور آفتاب
اسقدر شام و شب فرقت میں لگیا ہی چپ — کیا کھلاتا ہے شفق کا مجھکو سینہ ور آفتاب
شکل وعدہ بھی تمہارا مگر ہی حسالی نہیں — جانتے ہو ہے ہمارا روئے پرنور آفتاب
ق
تفتہ جانوں کو ہمیشہ تفتہ جانوں کا ہے پاس — چارہ میرے زخم کا رکھتا ہے منظور آفتاب
مشک بھرتا ہے اگر اسمیں سواد شام ہجر — صبح کا آکر لگا دیتا ہے کافور آفتاب
صابر ارباب کرم کو ہے برابر قرب و بعد — ماہ کو دیتا ہے لینے فرق پرنور آفتاب
جاری نگاہ بھیگ گئے اشکوں میں سوئے دوست — پژمردہ تا نہ ہو گل روئے نکوئے دوست
ناطاقتی سے جان نہ تن سے نکل سکی — مجھکو ہوئی حیات ابد آرزوے دوست
بل آگیا مزاج میں اک امر سہل پر — ہوئے میان دوست سے نازک ہے خوے دوست
دشمنی ہے رسلئے راہ نکالی ہے ... کل — شاید کبھی ہو پھر راہ ... ہوسکے کوئی دوست
دو ولی ہوتی ہے مجھکو کدورت رقیب سے — جسدن سے دل میں خاک ہوئی آرزوے دوست
کہتا ہے کچھ بہک کے نکلتا ہے منھ سے کچھ — ہے بیقرار میری طرح گفتگوے دوست
خار دل رقیب کی اتنی ہیں کثرتیں — مسدود ہوگئی ہے رہ جستجوے دوست
غصہ سا غصہ آتا ہے صابر جناب کو — بھیجے کبھی بقیہ آب وضوے دوست
رحم ظاہر ہے مگر ظلم کو پنہاں رکھکر — آئے مقتل میں پر آنکھوں پہ وہ دامان رکھکر
دل ویران کو وہیں چھوڑ دیا وحشت میں — ہم بیابان کو چلے گھر میں بیابان رکھکر
آن بیٹھے ہیں وہ ہو دیکھو صابر میں آج — دیکھیے پچھتائیگا حسرت دل ناملل رکھکر

یاروں کے ہوں سراغ دور اور شکستہ پر
ہوں مرغ نیم ذبح تری صید گاہ میں
تا دست تار الفرقہ انداز ہے منقلب
اے گل ترے فراق میں یہ عندلیب دل
صاحب یہ مجھسے ضد ہے کہ مرغ شمیم گل

تو نہ جا انجمن وصل سے ترساں ہوکر
گر کبھی کثرت اعدا سے تو گھبرا کے کبھی
آپ جاتے ہیں تو قسمت کی سیاہی میری
میرے انداز محبت کے وہ دیوانے ہیں
ہو گئی رخ کی چمک پردہ چشم اغیار
اسقدر خوش ہوئی اس کوچے میں صبا جاکر

کچھ اضطراب دل سے ہے اپنی جان پر
ہم ناتواں چڑھ نہ سکے اسکے دھیان پر
ایسا کیا ہے کہ سر نہ اٹھائے دیار سے
اللہ ری ضد کہ بیٹھے جو ہم اسکے در کے پاس
صاحب ہماری زیست ہے تصویر شمع کی

یوں ضعف میں نکلی تری رنجور کی آواز
غش ہو گیا ہے حضرت موسیٰ اسے سنکر
کیا منہ ہے جو غصے میں کوئی مار سکے دم
یوں نشہ الفت میں ہوں خاموش کہ گویا
شکوہ شبستاں وہ نالاں تماشا ہے کہ ہیں آتش

رخ کی تپش سے ہے زلفوں کی شکن جب آتش
ذات ابو کی ہے جنھوں کو خدا نے زینت

ہوں بلبلانِ باغ سے دور اور شکستہ پر
مضطر ہوں کوہ و راغ سے دور اور شکستہ پر
قمری ہے سرو باغ سے دور اور شکستہ پر
ہے گلشن فراغ سے دور اور شکستہ پر
ہے اسطرح دماغ سے دور اور شکستہ پر

راہ پاؤں سے لپٹ جائیگی داماں ہوکر
اپنے در پر تمہیں بیٹھے گے نگہباں ہوکر
پھیل جاتی ہے سواد شب ہجراں ہوکر
اٹھ جاتی ہیں نگاہیں مری پریاں ہوکر
صبر پڑتا ہے مرا آپکا احساں ہوکر
جیسے آباد ہوا ہو کوئی ویراں ہوکر

پر حرف آرزو نہیں آتا زباں پر
تہمت فرامشی کی ہے اس بدگمان پر
رکھتے ہوا سلئے نظر اس ناتوان پر
الٹا چڑھا مکان کا سایہ مکان پر
مرتے ہیں روز ایک نہ ایک نوجوان پر

اڑتی سی کوئی جیسے سنے دور کی آواز
ہے شعلہ طور اس بت مغرور کی آواز
ہو جاتی ہے قفل دہن اس حور کی آواز
ہو جائے گرہ حلق میں منصور کی آواز
ملتی تھی بہت صاحب مغفور کی آواز

کتنے اعجاز سے باندھی ہے رسن ہوا نقش
پہنے پیراہن گلرنگ ہے ... نقش

[illegible]
بات کرتے ہو [illegible]
اپنی آتش [illegible]

[illegible] بے برقع
[illegible] خوشبو [illegible]
[illegible] کوئی برقع [illegible]
[illegible] نظر کی [illegible]
[illegible]

[illegible]

گر نہ پھر جائے کہیں جا بذوق میرا آتش
اس طرح سے پھری اپنے سخن میں آتش
کہ جہاں جا ہے ہمراہ ہے [illegible] آتش

پردہ دیدہ کہ پہنا ہے تمہارا برقع
[illegible] دریا پہ جو آیا ترا اسیلا برقع
ہو خطا یار کی غفلت سے کسا یا برقع
ایک عارض پہ نظر آتا ہے [illegible] برقع
کہ [illegible] بھی الفاظ کا اوڑھا برقع

[illegible] ہم [illegible] قلق
[illegible] دائم قلق
[illegible]

[illegible]
[illegible] حال میں
[illegible] حال میں
[illegible]
[illegible]

[illegible] اشک [illegible]
شکوہ کریں طالبِ دیدار کو کھلواتی ہیں
[illegible] آواز سنائی نہ دکھائی صورت
خواب میں آئے جو وہ [illegible]
نہیں کرتی [illegible]
[illegible] قسمت میں جو شاید وہ [illegible]
کبھی گریاں ہوں فرقت میں کبھی آوارہ [illegible]
[illegible] دیدار [illegible] وصل میں [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] سبز قندیل [illegible]
[illegible] داغ [illegible]
[illegible]
پڑھو [illegible] کوئی ایسی غزل [illegible]
[illegible]
کیا تھا [illegible] وقت [illegible]
[illegible]

ہو گئیں سنگ [illegible] آنکھیں
[illegible] ترکیب کی [illegible] آنکھیں
کان کا کام [illegible] آنکھیں
[illegible] صور کی آواز [illegible] آنکھیں
[illegible]
[illegible] آنکھیں
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

مجھے صاحب بنایا کیوں بنا دینا تھا خالق — کہ اپنے وقت پر آتا ممارتی چشم قدرت
ہم عجب زیست کیا کرتے ہیں — روز آوارہ پھرا کرتے ہیں
یا تو دیکھا ہے کہ اکثر اشخاص — بیٹھکر یا دعا کرتے ہیں
یا جوانی کا مزا لوٹتے ہیں — خوش حسینوں میں رہا کرتے ہیں
یا کہ خمخانۂ ہستی سے مدام — یا وہ شیشہ ہی پیا کرتے ہیں
ایک ہم ہیں کہ ادھر ہیں نہ ادھر — تلف اوقات کیا کرتے ہیں
چلیے یہ سوچ کے گھر سے باہر — کہ بڑا ہم یہ خطا کرتے ہیں
لیجئے وان چلئے کہ جہاں جائے گزر — شعرا و فصحا کرتے ہیں
ہمنے دیکھا ہے کہ انسان وہاں — آدمی صحبا کے بنا کرتے ہیں
قاعدہ ہے شرفا زادہ ہم سب — اچھے لوگوں سے ملا کرتے ہیں
خدمت حضرت صاحب میں گیا — کہ وہ نزدیک رہا کرتے ہیں
اکتساب ہنر و علم و کمال — اُن سے اکثر طلب کرتے ہیں
جھک کے آداب بجا لایئے — خورد جس طرح کیا کرتے ہیں
کھلے طرفین میں ابواب کلام — جیسے آپس میں ہوا کرتے ہیں
دیکھا جب خوب کہ لطف و اشفاق — وہ مرے ساتھ ادا کرتے ہیں
عرض کی میں نے کہ قبلہ اب بھی — آپ اشعار کہا کرتے ہیں
مستفید اُن سے ہوں حضرت ہم بھی — وصف اکثر سے سنا کرتے ہیں
سُن کے فرمایا کہ اب شعر کہا — خون دل اپنا پیا کرتے ہیں
شعر کہنا تو رہا دھیلی میں — اب تو دن رات بکا کرتے ہیں
قتل کنبہ ہوا سارا انجیرم — رات دن غم سے جلا کرتے ہیں
سبھی سامان امارت بگڑے — فکر روزی میں پھرا کرتے ہیں
مٹ گئی طبع کی گرمی ساری — نفس سرد بھرا کرتے ہیں
بھائی ہم سے بھی پریشاں خاطر — کہیں اشعار کہا کرتے ہیں

مرزا پور میں آئے جب سے
روز دہشت میں رہا کرتے ہیں

شعر خوانی کا نہ چرچا ہے یہاں
نہ یہ خواہش سُخن فہم کرتے ہیں

شاعر اچھے ہیں یہاں بھی دو چار
پر وہ بے لطف جیا کرتے ہیں

نہ کہیں ہوتی ہے بزم انشاد
نہ لبِ نطق کو وا کرتے ہیں

نہ کبھی بزم پہ مردِ قابل
جمع اک جا تو ہوا کرتے ہیں

یہاں تو وہ بھی نہیں اے بندہ نواز
روز بیکار رہا کرتے ہیں

کس کے آگے کوئی اشعار پڑھے
کس سے یہ شعر سُنا کرتے ہیں

ہاں مگر سامنے ہم آتو رہے
پچھلے اشعار پڑھا کرتے ہیں

وہ سخن سنج ہیں ایسے اس جا
نکتہ رس جیسے ہوا کرتے ہیں

سُن کے البتہ وہ ہر شعر کے شعر
داد کچھ ہمکو دیا کرتے ہیں

سُن کے یہ کہا اے تمنا سن
آپ ارشاد بجا کرتے ہیں

پھر کہیں آپ سے اُستاد جہاں
کبھی بے شغل رہا کرتے ہیں

سُن کے فرمایا کہ اچھا سُنئے
ہم جو بیہودہ بکا کرتے ہیں

اللہ اللہ زباں سے اُن کی
کچھ عجب پھول جھڑا کرتے ہیں

شعر پڑھتے نہیں اپنے گویا
درِ فردوس کو وا کرتے ہیں

آپ ہم اُن کو خفا کرتے ہیں
اور خفا ہوں تو گلا کرتے ہیں

ہم وہ بلبل ہیں کہ شوقِ نکہت
سے یہ پر و بال اُڑا کرتے ہیں

کوسوں ہو جاتی ہے غائب تاثیر
ہم اگر قصدِ دعا کرتے ہیں

جان دیں اُن کو جتا کر کیوں ہم
آپ وہ جان لیا کرتے ہیں

اک یہی مونس تنہائی ہے
مشورے دل سے ہوا کرتے ہیں

جو نسیمِ گل پہ بہار آتی ہے
پہلے ہم جان فدا کرتے ہیں

جو دلکو محبت کے مزے آئے ہوئے ہیں
وہ اپنی طبیعت پہ ابھی چھائے ہوئے ہیں

ہر بات پہ اظہارِ نزاکت ہے حیا سے
ثابت ہے کہ تکلیف بھی کچھ پائے ہوئے ہیں

[illegible] کیا ہے مجھ کو | [illegible]
[illegible] کو بھی چاہتا ہے یار کا ہم [illegible] | [illegible]
[illegible] کو [illegible] | [illegible]
اپنے دل کو [illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]
[illegible] گھر کو | [illegible]
[illegible] | [illegible] کو
[illegible] ہیں | [illegible] سحر کو
کیوں آتش گل باغ میں ہے تیز [illegible] | اٹھ جاتی ہیں [illegible] شمشاد و [illegible] کو
دن رات کا فرق ان کی محبت [illegible] | وعدہ [illegible] تو کیا شام کا اور آئے سحر کو
دل [illegible] | [illegible] سمجھتا ہوں مدام اپنے [illegible] کو
ڈال [illegible] ہم اور زیادہ | تعظیم کو اٹھتے ہیں قدم اور زیادہ
[illegible] اک تیر نظر کا تیرے ظالم | کچھ دور نہیں ملک عدم اور زیادہ
چلتا ہے تری شمشیر کو پرسش کا سبب ہے | رفتار میں چڑھ جاتا ہے دم اور زیادہ
[illegible] چل جائے [illegible] ہو کر [illegible] | کچھ اس سے نہیں چاہتے ہم اور زیادہ
[illegible] دل [illegible] | [illegible] کا اگر [illegible] اور زیادہ
کہتے ہیں مجھے یہ آداب [illegible] | [illegible]
[illegible] لطف [illegible] تیری | اے خود پسند و خود آرا و خود نما تیری
[illegible] | [illegible] آنکھ میں [illegible]
[illegible] آنکھ [illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]
[illegible] | [illegible]

پہونچے جو ہم تو زمانے کو رزق پہونچایا
ہمارے بخت کی گردش بھی آسیا ٹھہری

بچھے [illegible] کیا دل اعدا کے خار رستے میں
کہ جان راہِ فنا میں نہ ایک جا ٹھہری

در قبول پہ تھا منتظر اثر لیکن
ہجوم سے نہ لبوں پر مری دعا ٹھہری

لئے ہے مد نظر کیا اجل کا استقبال
لبوں پہ رہتی ہے کیوں جانِ مبتلا ٹھہری

نہیں یہ بھی سہل کچھ اس مضطرب کی نامہ بری
کہ ایک دم نہ جہاں میں کہیں صبا ٹھہری

ملے ہیں ہم سے وہ اس شرط پر کہ پھر نہ ملیں
ہمارے صبر کی صابر یہی جزا ٹھہری

چرخ نے ظلم سے توڑے ہیں مکانِ دہلی
ہو رقم خط شکستہ سے بیانِ دہلی

جس طرف دیکھئے اللہ غنی آتا ہے
بڑھ گئی اور بھی بربادی سے شانِ دہلی

لوٹے اور بھی بازار ہوا گرم اُسکا
صاف ہے صورتِ آئینہ دکانِ دہلی

اُٹھکے اُٹھنے سے یہاں بیٹھنے کو جا نہ رہی
ہند میں ظلِ الٰہی سے تھے شہانِ دہلی

لوٹ سے حق نمک اس کا ہے سب ثابت
کس دہن میں نہ گیا نعمت خوانِ دہلی

رشکِ گلزار ہے زخموں سے تن اک عالم کا
بن گئی موسمِ گل فصل خزانِ دہلی

اہل دہلی کی سیہ بختی کا غم ہے صابر
کہ سیہ پوش ہیں سب حرف بیانِ دہلی

جو کچھ اس نے بگڑ کر وہ کہی [illegible] سے بھی
آ ہی جھپیہ تو پھر کی نہ کمی میں نے بھی

شام سے جا کے مرے دل وال کر رکھیں وہ بہانہ
آج سوچا ہے یہ ترکیب نئی میں نے بھی

ہیں جو اکھڑے تو رقیبوں کو بھی جھڑنے نہ دیا
ایک ایسی ہی وہاں جا کے جڑی میں نے بھی

رہا انکار گئے پیچھے کی قسم کیوں کھاؤں
آئی عالم کی زباں پر تو سنی میں نے بھی

[illegible] لب شیریں کا تمہارے پایا
کھائی تھی کہوں کے یہ تل شکری نے بھی

کی بہت رد و بدل اس نے جو صابر مجھ سے
بات مرضی کے موافق نہ کہی میں نے

نامہ [illegible] کی ملاقات ہے یہ بھی نہ سہی
اور کیا اسکے سوا بات ہے یہ بھی نہ سہی

[illegible] سال میں [illegible]
یہ بھی گر ہاہج اوقات ہے یہ بھی نہ سہی

خط کا لکھنا بھی گرانی ہے تو وہ بھی نہ لکھو
دور کی طرف حکایات ہے یہ بھی نہ سہی

نظرِ لطف بھی حال پہ کرتے ہو مگر
اس میں گر قصد مساوات ہے یہ بھی نہ سہی

اور کیا دیتے ہو دشنام سوا تم مجھکو — یہی تحفہ تھا سو غارت ہے یہ بھی نہ سہی
آہ کرتا ہوں کبھی تنگ ستم سے ہو کر — گر جفا کی ہے مکافات ہے یہ بھی نہ سہی
چھوڑ دی آپنے جب بندہ نوازی صاحب — ایک ظاہر کی عنایات ہے یہ بھی نہ سہی
اور تو کیا ہے فقط ایک خوشی سے ملنا — یہی صابر کی کرامات ہے یہ بھی نہ سہی

ہزار دل کو نقاہت رہی دبائے ہوئے — وہ اب بھی سر پہ ہیں سو آفتیں اٹھائے ہوئے
ہوا بلند پریشانیوں کا جب رتبہ — وہ تیغ کستے ہیں کمر سے مرے اڑائے ہوئے
کبھی نہ کیونکہ وہ تا ہر رنگ میں مجھے پورا — ہزار رنگ کی ہیں شوخیاں لگائے ہوئے
کریں گے سیر یہیں ملک بے مثالی کی — قدم کو حد ترقی سے ہیں بڑھائے ہوئے
وہ نہ چھپا سکے نہ چھپیں کہ نام اچھلے گا — کہاں تلک ہیں رقیبان کو دبائے ہوئے
مرے اٹھاتے ہیں شکووں کی ہم تصویریں — وہ گویا سامنے بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے
ہوا ہی صبر یہ صابر کو نا امیدی سے — کہ جیسے ہو کوئی اپنی مراد پائے ہوئے

آتا نہیں دریا کی روانی میں کبھی فرق
تھمتے نہیں رکتے نہیں شوریدہ سر فیض

طوبیٰ لکم اے اہل کرم واہ ری رفعت
لے اڑتے ہیں طوبیٰ کی طرف بال و پر فیض

کیا اہل قناعت کو غرض اہل غنی سے
ہمکو نہ سر فیض نہ ہے دردسر فیض

زاہد تجھے کیا اس کی کری سے عجب ہے
توبہ کا ہو دربند تو کھل جائے در فیض

نظر شوق کبھی ہے در جاناں کی طرف
کبھی حسرت کی نظر دیدۂ درباں کی طرف

دیکھنا لالۂ خودرو کا لپکنا ساقی
کوہ سے دوڑ گئی آگ بیاباں کی طرف

بات چھپتی نہیں ۔ پڑتی ہیں نگاہیں سب کی
اسکے دامن کی طرف میرے گریباں کی طرف

سینکڑوں داغ گنہ دھو گئے رحمت تیری
کیا گھٹا جھوم کے آئی ہے گلستاں کی طرف

میری جانب نگہ غیظ کبھی کرتے ہیں
دیکھ لیتے ہیں کبھی خنجر براں کی طرف

سر حد کا سنے ہوتے نظم لسان خامہ

نہ پا سکے کہیں مقصود اس بہانے ہم
اثر نہ روشنی کے ہی اک بہانے سے حسن اسیر
فنا ہوں یوں کہ ملے بعد اسکے صحرا پہ
نہاں ہیں سے گی صورت کیسی نہ رہا کہ ہستی ہے
وہ آئے ہیں مگر ایسی ہیں ہے بے خبری
جو چل بسے کہیں انکا پتہ جہاں میں نہیں
وہ مر کے اٹھے ہیں کسکو مجال عرض نیاز
وہاں تمہارا تغافل ہے سرگرانی سے
فلک کو رشک ہے اسکے طراز دامن پر
وہ کاش سائل دیدار کو جلا دیتا
بر آئے دل جو پہنچے کسی سے رنج اے نظم
کسی سے ہے یہ کہ امید کشود کار نہیں
جواب نامہ کا قاصد مزار پر لایا
پھر اسکے اٹھ گئی پالیں سے میری شمع سحر
جو تو ہو پاس تو جز وصل سب کچھ ہو
عدم کا قافلہ کیا جانے کس طرف کو گیا
خزاں کے آنے سے پہلے ہی تھا مجھے معلوم
غزل کہی ہے کہ موتی پروئے ہیں اے نظم
جو دل کو پیس کے پھینکیں تو آرزو ملیں
کہیں نہ راہ میں جی حق ہم وہ تیغ عریاں ہیں
بنا سبب کے زہر و وضع کو دیکھ لیا
گلا ہے کیا کروں وہ لب سے لب ملا ہیں

بہ سنت تجدہ کی ہے تحریر خط فرمان کی نظر

اٹھا کے داغ چلے پانچ روز گلشن سے ہم
شکار کرتے ہیں دام آبشار سے ہم
نکالیں آپ بقا ظلمات مزار سے ہم
پیادہ ہو کے نکل جائیں گے سوار سے ہم
کہ دیکھتے ہیں انہیں چشم انتظار سے ہم
نشان نقش قدم خاک رہگذار میں نہیں
مزاج پوچھتے یہ جرات مزاج داں میں نہیں
یہاں شراب اثر شیشہ فغاں میں نہیں
سنائے ایسے یہ تحریر کہکشاں میں نہیں
کوئی شرار ترے سنگ آستاں میں نہیں
کہ ہوشیار کوئی دور آسماں میں نہیں
ہے مجھے اجل کے ہی آنے کا اعتبار نہیں
کہ جاں تپاں تھا اسے تاب انتظار نہیں
تمام ہو گئی شب اور مجھے قرار نہیں
جو تو نہیں تو نہیں بلکہ نو بہار نہیں
ذرا بھی گرد نہیں راہ میں غبار نہیں
کہ رنگ و بوئے چمن کا کچھ اعتبار نہیں
وہ کون شعر ہے جو در شاہوار نہیں
جو پاؤں کاٹ کے بیٹھیں تو جستجو نہ کریں
کسی کا منہ نہ کریں پاس آبرو نہ کریں
کہیں یہ ہاتھ جواب بیعت سبو نہ کریں
دہن پہ مہر ہی کی ہے کہ گفتگو نہ کریں

نکل گیا کسی صحرا میں نظم آخر کار | جو یوں گیا ہے جانے دیں جستجو کریں کیا

ہے یہ داغ سجدہ چاند جبین نیاز میں | جھلکی ہے چاندنی سے دل پاکباز میں
آئی تھی بوئے ناز جو عرض نیاز میں | خاموش مثل شمع ہوں سوز و گداز میں
کچھ کھل گئے ہیں نیند کا خواب ناز میں | نقد وصال ہے گرہ نیم باز میں
پھانسی لگا رہی ہے اجل کیا بری طرح | الجھا کے رشتہائے امید دراز میں
وہ صید پر شکستہ ہوں پالی ہے پرورش | میں نے ہوائے بال پریشاں ہوا میں

تیور قدم قدم پہ سمجھے آئے جاتے ہیں | اور دل کے ولولے ہیں کہ دور اچھلے جاتے ہیں
وہ آئے بزم میں کہ ستاروں میں آفتاب | سب جتنے حسین ہیں سب پہ وہی چھائے جاتے ہیں
باریک ہی جو بال سے درپیش ہے وہ راہ | اور پاؤں مارے خوف کے تھرائے جاتے ہیں
سب قافلہ نکل گیا اے نظم اتو چونک | ایسے میں کچھ نشاں قدم پائے جاتے ہیں

صبح فرقت کی شعاعیں نیشتر سے کم نہیں | چاک داماں سحر چاک جگر سے کم نہیں

یاس و امید اس طرح ہے خاطر دلگیر میں | ہو اندھیرا اور اجالا جس طرح تصویر میں
سر جو ٹکرایا تو دیواروں کو رنگیں کر دیا | ایڑیاں رگڑیں تو نقش ہو گئی تحریر میں
ہاتھ پڑ پڑ شاک میں رخسار عروس کا ہے حسن | لاکھ زیور کا مزہ ملتی ہی اک زنجیر میں
کھل گیا جوڑا تو نہ جانے کیا مصیبت ہو گیا | زلف ناگ شکل میں کیسی الجھی کیسی زنجیر میں

وہ دل سے عشق کی سینہ پر دل کی جیوتی نہیں | یوں چمک اٹھی سے جس میں روشنی ہوتی نہیں
ہو کے اٹھنے کا ترے کچھ اور ہی انداز تک | اس طرح خورشید کی تیوری چڑھی ہوتی نہیں
جلنے والے جل کے رہ جاتے ہیں کیا کیا شکر | شمع کو ہوتی ہے جب شب کی مستی ہوتی نہیں
شکوہ بیداد پر کیا ہو تلافی کی امید | ناز ہوتا ہے اسے شرمندگی ہوتی نہیں
دولت کونین ملتی ہے جو خوشا لب ہوں کبھی | زندگی ہے کہ ابتک ملتی ہوتی نہیں
آسیلے سے شعر ہے مدت سے اور نظم | قسمت اچھی ابھی تک ختم ہوتی نہیں
اس زمیں میں اور کچھ اشعار نذر | تشنگی اہل ذوق کو سیری ابھی ہوتی نہیں

آپ کو میرے دل زار سے کچھ کام نہیں | پھر یونہیں سہی تکرار سے کچھ کام نہیں

وہ خط لکھنے کو چلے آئے ہیں تو اب دل میں
شعلۂ شمع نہیں ہوں میں ہوں داماں نسیم
کتنا ہی پر از نہاں آتش جاں سوز ہوں میں
ہیچ سینے ہو سے ہتی ہی ادا ہر لحظہ
اسکے جاتے ہی چلی چاندنی بھی گھر سے میرے
نیند آتی ہے تو پہلو سے چلی جاتی ہے
میں جگر سوختۂ ہجر کا ہوں شعلہ سے نظر

کچھ غبار دل شیدا کی خبر ہے کہ نہیں
بزم عشرت سے ترے ساتھ سفر ہی میرا
ہے شب وصل کے ماتم میں فلک سوگ نشیں
ہائے افسوس نہ کہنا مرا مانا حیدر

ہم [illegible] میں دل زار کو ہم دیکھتے ہیں
پھر پلک سے نہ کیونکہ کرنا زک ہیں
گھر اندھیرا ہے جسے سنسان نظر آتا ہے
لطف اب ترک محبت کا زمانہ سے قریب

نفس کے ساتھ آنکھیں [illegible]
اسیری میں بہار آئی ہے فریاد و فغاں کر لیں
حسینوں کی بہار حسن ہے مہمان دو روزہ
غرض ہے کس سے عنوان [illegible]
جواب نامہ لکھنے میں کوئی مضمون نکل آئے
نہ آ اے اجل تجھکو قسم ہے وقت آخر تک
رہا ہے ضبط کی گر پردہ داری لینا چاہتے
عجب کیا گر نہیں [illegible] سینہ میں تیر اٹکا

شیخ کو خانۂ خمار سے کچھ کام نہیں
تجھکو خار سر دیوار سے کچھ کام نہیں
اور زباں کہتی ہے اظہار سے کچھ کام نہیں
ہے ستم یہ کہ گنہگار سے کچھ کام نہیں
کہ مجھے اب در و دیوار سے کچھ کام نہیں
کہ مجھے دیدۂ بیدار سے کچھ کام نہیں
پھر نہ جگر خوں سے کچھ کام نہیں

نظر او آئینہ پرداز ادہر ہے کہ نہیں
دیکھنا رات کچھ لے شمع سحر ہے کہ نہیں
دیکھ لو چاک گریباں سحر ہے کہ نہیں
یار کیوں مہر و محبت میں ضرر ہے کہ نہیں

اس [illegible] گنہگار کو ہم دیکھتے ہیں
ہر طرف حسن کے انبار کو ہم دیکھتے ہیں
کس نظر سے در و دیوار کو ہم دیکھتے ہیں
اور رہا ضبط نگہ یار کو ہم دیکھتے ہیں

[illegible] تماشا یاری کر لیں
نفس کو خوں فشاں کر لیں قفس کو بوستاں کر لیں
ادا ہیں گر عیاں کر لیں [illegible] خیال کر لیں
[illegible] اٹھا [illegible] جو چاہو کر لیں
مناسب ہے [illegible] کر لیں
ابھی کچھ عمر باقی ہے ابھی [illegible] کر لیں
تو آئے [illegible] شیداں میں [illegible]
وفا [illegible] کی خاطر [illegible] کر لیں

سمجھتے ہیں کہ جینا نزع کی حالت میں بھی اچھا — جو لیں ہو تو اجل کو کچھ دنوں ہم میہماں کر لیں
خزاں کے خوف میں مر بیٹھے ہیں اے نظمؔ بہتر ہے — تماشائے گل و ریحان باغ و بوستاں کر لیں

ہر اک سو ڈھونڈتے اپنا دل مضطر نکلتے ہیں — جو اس محفل میں آتے ہیں وہ کچھ کھو کر نکلتے ہیں
بہار آئی اٹھا ہے جوش خون لالہ و گل میں — رگ سودا میں کیا کیا ڈوب کر نشتر نکلتے ہیں
کسی کے مطلع ابرو کو ہم نے پڑھ کے دیکھا ہے — عجب انداز پایا ہے عجب تیور نکلتے ہیں
مری فریاد اور الٹی گلا بیداد باقی ہے — مرے نالے مجھی پر کھینچ کر خنجر نکلتے ہیں
نباہے جاتے ہیں کاجل سے کے دنبالے دم تیغ — الٰہی خیر ہو تیر نگہ کے پر نکلتے ہیں
متاع صبر و ہوش اے نظمؔ تو بیٹھا تو ہی لیکر — خبر بھی ہے کہ اس رستہ سے غارتگر نکلتے ہیں

تمنائے ساقی کوثر میں شعر تر نکلتے ہیں — زمین شعر سے ہی چشمۂ کوثر نکلتے ہیں
ہوائے دید لے اڑتی ہے تختہ ہو کہ کوثر ہو — انہیں میلوں میں ہم تخت سلیماں کر نکلتے ہیں
صدائے چنگ سے مجھکو یہ آواز آتی ہے — یہ کہتا ہے کوئی پردہ سے ہم باہر نکلتے ہیں
اٹھائے ہیں جہاں میں داغ جوہر گز نہ بھولونگا — یہ تیرے چند در ہم اے فلک بجھکر نکلتے ہیں
گزر جاتے ہیں یوں روز سیہ رباب ہمت پر — ستارے جس طرح بادل میں چھپ چھپ کر نکلتے ہیں
دل سے آرزو جیسے طلسائے نظمؔ حیران ہیں — کسی کے منہ سے حرف آرزو گھبرا کے نکلتے ہیں

ہوئی پیدا کشت نشو و نما فصل بہاری میں — گرہیں دل میں دوڑتی ہیں نکہت گل کی سواری میں
حباب بحر ہیں ہم یا سراب دشت کچھ ہیں تو — کہ بوسے اعتبار آتی ہے اس بے اعتباری میں
پشیماں ہوں کہ مجھکو تا خوباں کیوں بتائے — نہ کی پھر بات ہی مجھ سے غرور شہریاری میں
ستا کر جاتے ہیں ڈولوں سے کے دل کیا اٹھائے پایا — کہ گزری خانہ بردوشی پریشاں روزگاری میں
ہے اس سفاک کا بھی سامنا محشر میں اے نظمؔ — خدا جانے کہوں کیا عالم بے اختیاری میں

اندیشہ ہے رہزن کا بھی ہر راہ گزر میں — اس طرح سے غافل کوئی سوتا ہے سفر میں
آنکھیں بھری یوں محو تماشا ہیں وقت رواں — دو دل سے ہیں گویا پر طاؤس نظر میں
افسانہ رہا محفل عشرت کا ہمیشہ — وہ شمع کا جلوہ نہ رہا رات ہی بھر میں
در شہر خموشاں میں گئے جا کے پکارا یوں — در ہے مگر آواز نہیں حلقۂ در میں

کس طرح عنادل کے گلے میں اثر آئے
نغمے تھے نہاں پردۂ برگ گل تر میں

ہے اس کی ادا قاتل عالم دم رفتار
تلوار لگا دی ہے نزاکت نے کمر میں

بنایا ناتوانی نے سلیمان زماں مجھکو
اڑا کر لے چلی ہے جو نسیم بوستاں مجھکو

مری باتوں میں کیا معلوم کب سے تو وہ کب جاگے
سحر سے اس لیئے کہنی پڑی ہے داستاں مجھکو

لحد سے عرصہ محشر تلک آیا ناتواں ہو کر
کہاں سے حسرت دیدار لے آئی کہاں مجھکو

یہ آہ بے اثر کیا ہو یہ نخل بے ثمر کیا ہو
نہ ہو جب درد ہی یارب تو دل کیا ہو جگر کیا ہو

بغل گیر آرزو سے ہیں مرادیں آرزو مجھسے
یہاں اسوقت تو اک عید ہے تم جلوہ گر کیا ہو

مقدر میں یہ لکھا ہے کٹے گی عمر مر مر کر
ابھی سے مر گئے ہم دیکھئے اب عمر بھر کیا ہو

مروت سے ہو بیگانہ وفا سے دور ہو کوسوں
یہ سچ ہے نازنیں ہو خوبصورت ہو مگر کیا ہو

لگا کر زخم میں ٹانکے قضا تیری نہ آجائے
جو وہ سفاک سن پائے تو لے چارہ گر کیا ہو

قیامت کے بکھیڑے پڑ گئے آتے ہی دنیا میں
یہ مانا ہم نے مر جانا تو ممکن ہے مگر کیا ہو

کہا میں نے کہ نظم مبتلا مرتا ہے حسرت میں
کہا اس نے اگر مر جائے تو میرا ضرر کیا ہو

کہا میں نے کہ ہے سوز جگر اور اف نہیں کرتا
کہا اس کی اجازت ہی نہیں پھر نوحہ گر کیا ہو

کہا میں نے کہ دے اسکو اجازت آہ کرنے کی
کہا اس نے بھڑک اٹھے اگر سوز جگر کیا ہو

کہا میں نے کہ آنسو آنکھ کا لیکن نہیں تھمتا
کہا آنکھیں کوئی تلووں سے مل ڈالے اگر کیا ہو

کہا میں نے قدم بھر پر ہے وہ صورت دکھا دو
کہا منہ پھیر کر اپنا کسی کو دردسر کیا ہو

کہا میں نے اثر مطلق نہیں کیا سنگدل ہے تو
کہا جب دل ہو پتھر کا تو پتھر پر اثر کیا ہو

کہا میں نے جو مر جائے تو کیا ہو سوچ تو دل میں
کہا نا عاقبت اندیش نے کچھ سوچ کر کیا ہو

کہا میں نے خبر بھی ہے کہ دی جان اس نے گھٹ گھٹ کر
کہا مر جائے چپکے سے تو پھر مجھکو خبر کیا ہو

مجھکو سمجھو یادگار رفتگان لکھنؤ
ہوں قدآدم غبار کاروان لکھنؤ

غول حسرت کہہ رہا ہے داستان لکھنؤ
رہ گیا ہے اب یہی رنگیں بیان لکھنؤ

میرے ہر آنسو میں ایک آئینہ تصویر ہے
میرے ہر نالہ میں ہے طرز فغان لکھنؤ

لکھنؤ جن سے عبارت تھی ہوئے وہ ناپدید
ہے نشان لکھنؤ باقی نہ شان لکھنؤ

اب نظر آتا نہیں وہ مجمع اہل کمال — کہاں گئے ان کو نہیں ڈھونڈھتا اب لکھنؤ
پہلے تھا اہل زباں کا دواب گردش میں ہیں — چاہئیے تھی تیغ اردو کو فسان لکھنؤ
مرثیہ گو کتنے یکتائے زمانہ تھے یہاں — کوئی تو ان میں ہوتا نوحہ خوان لکھنؤ
یہ غبار ناتواں خاکستر پروانہ ہے — خاندان اپنا تھا شمع دودمان لکھنؤ
گھٹنیوں چلتا تھا جب اپنے یہاں طفل صغیر — سجدہ کرتے تھے اُسے گردن کشان لکھنؤ
عہد پیرانہ سری میں کیوں نہ شیریں ہو سخن — بچپنے ہی میں سنے تھے جو سنے زبان لکھنؤ
بوئے انس آتی ہے حیدر خاک ٹھیا برج سے — جنم بھی اگلا وطن آوار گان لکھنؤ

انگڑائیوں میں پھیلتے ہیں بار بار ہاتھ — شمشیر کی سمت اٹھتے ہیں بے اختیار ہاتھ
ڈوبے ہیں ترک سعی ہے افسوس تو یہ ہے — ساحل تھا ہاتھ بھر پہ لگاتے جو چار ہاتھ
اٹھا بیٹھ نوشتہ قسمت کسی طرح — پتھر سے سر کو پھوڑ کہ زانو پہ مار ہاتھ
ساقی سنبھالنا کہ ہے لبریز جام مے — لغزش ہے میرے پاؤں میں لرزاں ہیں ہاتھ
میں اور ہوں علایق دنیا کے دام میں — پیرانہ ایک ہاتھ نہ اٹھے ہزار ہاتھ

آئی بہار اور خفقانی جہان کے — جب جنگل میں پیرہن سے گئے خاک چھان کے
کوندا یہ کہہ رہا ہے کہ ہے فوج گل قریب — کہسار تک پہنچ گئے ہاتھی نشان کے
اب تک میں سن رہا ہوں صدائے الست کو — گویا حجاب قدس یہ پردے ہیں کان کے
احسان سر پہ لے تو کسی باوقار کا — ٹھہرے اگر تو سایہ میں اونچے مکان کے
بہتر ہے تو بھی لے نفس واپسیں نہ آ — کب تک اٹھاؤں ضعف میں صدمے تکان کے
حیدر شب وصال میں بسمل میں ہو گیا — خنجر کی طرح چل گئے فقرے اذان کے

اس بات کا خیال محبت میں چاہیے — یعنی جو چاہیے تو حقیقت میں چاہیے
نکلا حریم قدس رگ جاں کے متصل — ایسی طناب پردہ قدرت میں چاہیے
مرقد میں دادخواہ کریں کب تک انتظار — عرصہ طلوع صبح قیامت میں چاہیے
حسرت سی امید سی آرزو سی — مونس تو کوئی عالم وحشت میں چاہیے
آنکھوں میں پڑ کے کہتی ہے یہ خاک ٹھگاں — سرمہ ضرور دیدہ عبرت میں چاہیے

پہلو میں دل ہے آرزوئے یار کے لئے
آنکھیں ملی ہیں حسرت دیدار کے لیے

سب موئے تن کھڑے ہیں قیامت کے خوف سے
شاہد ہیں بال بال گنہگار کے لیے

اب کے عجب بنی ہے ہوائے بہار سے
اُترے ہیں مسیح نرگس بیمار کے لیے

اللہ رے ذوق دید کہ خود آپ آئینہ
لہرا رہا ہے سبزۂ زنگار کے لیے

صحرا کی آرزو میں رگڑتے ہیں ایڑیاں
زنداں میں سر پٹکتے ہیں کہسار کے لئے

یاد آگئی ہے ہوا ترے کوچہ کی خلد میں
دل لوٹتا ہے سایۂ دیوار کے لیے

بیدار کو سلسلہ تھا نہ ان گیسوؤں سے کچھ
لیکن الجھ پڑے ہیں وہ بیدار کے لیے

نشہ میں سوجھتی ہے مجھے دور دور کی
ندی وہ سامنے ہے شراب طہور کی

اٹھے اگر تو سیکڑوں فتنے اٹھا کے آپ
بیٹھے اگر کہیں تو شرارت ضرور کی

پڑھنے سے میرے خط کے ہی ہمکو حجاب ہے
آنکھیں کھلی ہوئی ہیں جو بین السطور کی

کشتی مری بنی ہے مجھے پانی میں ہے رواں
گرداب غم کی فکر نہ موج سرور کی

سجدہ بھلا بتوں کو میں کرتا محال تھا
تصویر ہے کھنچی ہوئی تیرے غرور کی

لو اسکے سامنے ہی ہیں بیتابیاں وہی
نکلے گی آج لاش دل ناصبور کی

سمجھا میں آئینہ سے جو ہوتے ہیں منھ سے
بیٹھے ہوئے بنائی باتیں فتور کی

خوں کر دیا ہے فندق رنگیں نے لعل کو
ساعد نے پھیر دی ہے کلائی بلور کی

گلشن کو دیکھتا ہوں میں نرگس کی آنکھ سے
سنتا ہوں گوش گل سے کہانی طیور کی

مجھکو یہ آسماں کی دو رنگی سے ہے یقیں
دن آرہے ہیں عیش کے راتیں سرور کی

اس سال کربلا کی جو رخصت ملی مجھے
حج کا تو اب انتظار ہوگا حضور کی

سلیس نظم دیکھ لیجئے گا ہم جو کہتے ہیں
پھر اس پہ ہے بات آپ کی اور غرور کی

حسرت سے دیکھنے پہ وہ ایسا بدل گئے
آخر نہ قتل کر کے ہی تیوری سے ٹل گئے

کہتی ہیں مہر و ماہ کی جلوہ فروشیاں
کھوٹے درم بھی عالم فانی میں چل گئے

ہم دل جلوں کے حال کا پروانہ ہے گواہ
پہنچے قریب شمع رہے اس کے کہ جل گئے

کیا ڈر ہے کاتبان عمل کا ہمارے بیں
ساقی وہ رات بدلی پھرے بدل لئے

صورت عتاب کی یہ بنائی ہوئی سی ہے | او حیلہ گر ہنسی تجھے آئی ہوئی سی ہے
شاہانِ سرفراز کا اتنا تو ہے نشان | کچھ گرد آسمان پہ چھائی ہوئی سی ہے
رنگیں ہے میرے قتل سے دامن ہی یار کا | تلوار بھی لہو میں نہائی ہوئی سی ہے
اس بت کی دید کو نظر پاک بیں ہے شرط | ہر آنکھ آئینہ کی لگائی ہوئی سی ہے
آسان ہے نظم ترک ملاقات خلق سے | لیکن بُری یہ دل میں سمائی ہوئی سی ہے

تنہا نہیں ہوں گرد دل دیوانہ ساتھ ہے | وہ ہرزہ گرد ہوں کہ پری خانہ ساتھ ہے
ہنگامہ اس پری کی سواری کا دیکھنا | کیا دھوم ہے کہ سینکڑوں دیوانہ ساتھ ہے
دل میں لاکھ طرح کے حیلے بھرے ہوئے | پھر مشورہ کو آئینہ و شانہ ساتھ ہے
جو بے بصر ہیں ڈھونڈتے پھرتے ہیں دور دور | اور ہر قدم پہ جلوۂ جانانہ ساتھ ہے
سیکھا ہوں میکدہ میں طریق فروتنی | جب تک کہ سر ہے سجدۂ شکرانہ ساتھ ہے

خاموش ہیں فغاں سے لب آشنا نہیں ہے | اس کارواں میں ہیں ہم جسمیں درا نہیں ہے
حیرت کا میری باعث جلوہ ہے خود تمہارا | تم آئینہ سے پوچھو میری خطا نہیں ہے
نظم آج ڈھونڈھنے کو اسکے چلا تھا گھر سے | کھویا گیا خود ایسا جسکا پتا نہیں ہے

نہ اترے بام سے جب تک دو پہر نہ گزرے | ہم ایسے سایۂ دیوار سے بھی درگزرے
کمند آہ کو پھینکوں میں بام گردوں پر | جو گیسوے شب دیجور تا کمر گزرے
ہمارے غنچۂ دل سے وہ پھول ہی اچھے | جنہیں ترے خم گیسو میں رات بھر گزرے
گہر سمجھ کے اٹھا لیتے خاک سے ہم کو | نہ اس طرف سے کبھی صاحب نظر گزرے
مجھے بھروسا ہے اے نظم انکی رحمت پر | یقیں ہے میرے گناہوں سے وہ بھی درگزرے

نگہ کے چلتے ہیں تیر اور صدا نہیں آتی | یہ سنتے آئے ہیں کیونکر قضا نہیں آتی
یہ کس ادا سے پریشان ہوئے ترے گیسو | کہ جب سے ہوش میں باد صبا نہیں آتی
بلا کشانِ غم عشق کو مبارک ہو | کہ دردِ دل کی کسی کو دوا نہیں آتی
جواب صاف ملا ہر طرف سے قاصد کو | اجل بھی ناز سے کہتی ہے جا نہیں آتی
جو منع ہوتیں یہ مستیاں بہار میں نظم | تو جھوم جھوم کے کالی گھٹا نہیں آتی

جو بزم انس میں ہیں تجھ سے لو لگائے ہوئے
تمام خلق سے بیٹھے ہیں منہ پھرائے ہوئے

لٹک پڑا اثر انچل تو سیکڑوں فتنے
اٹھیں گے دامن محشر میں منہ چھپائے ہوئے

کہیں چھپائے چھپتی ہے شب کی بیخوابی
نگاہیں کہتی ہیں جادو ہیں یہ جگائے ہوئے

خبر کرے کوئی ان کو مری اسیری کی
جو ہیں ہوائے چمن کا فریب کھائے ہوئے

حساب ہم سے بروز شمار کیا ہوگا
کہ چند روز ہیں وہ بھی گنے گنائے ہوئے

جنوں نے دیر کا رکھا ہمیں نہ کعبہ کا
ٹھکانے چھوٹ گئے سب لگے لگائے ہوئے

انہیں ہے رشک حسینوں میں دیکھکر مجھکو
لگی ہے آگ کہ پھرتے ہیں تلملائے ہوئے

بروز حشر میں انکا مزاج پوچھوں گا
ترے جو وعدہ پہ ہیں اعتبار لائے ہوئے

پیالہ پینے کو بیٹھے ہو گر تو ہاں رندو
نظر سے پیر مغاں کی نظر ملائے ہوئے

چلے ہو نظم کہاں کشمکش میں یاروں کی
بغل میں شیشۂ دل کو ذرا بچائے ہوئے

حسین ہو کے تکبر ضرور ہوتا ہے
ادا میں فتنہ نگہ میں فتور ہوتا ہے

ہر اک قطرہ میں دریا ہے کوئی کیا جانے
وہی سمجھتے ہیں جن کو عبور ہوتا ہے

وہ ظلم اور بھی کرتا ہے مہرباں ہو کر
ستم کا جوش کرم کا وفور ہوتا ہے

چھپیں نہ ریزہ مینا کی طرح کیوں مژگاں
کوئی بھی شیشہ میں اسطرح چور ہوتا ہے

مرا بھی دہر میں ہے کون آشنا کس کا
کہ صبح و شام ورود و صدور ہوتا ہے

جنوں نے کھینچا ہے دامن مرا ادھر اے نظم
ہر ایک خار جہاں نخل طور ہوتا ہے

کھنچے کھنچے سے ذرا پاس آ کے بیٹھ گئے
نگاہ پھیر کے تیوری چڑھا کے بیٹھ گئے

یہ بزم بادہ کشوں کی ہے حضرت واعظ
غضب کیا یہ کہاں آپ آ کے بیٹھ گئے

فلک نے کیا طلب مدعا کرے کوئی
در قبول پہ پہرے قضا کے بیٹھ گئے

وہ اب کہاں ہیں جو پہلے تھا نظم پر عالم
کہ سر پہ بار مصائب اٹھا کے بیٹھ گئے

ہیں آرزو دید تازہ تھا پو کا مگر بیداد بھی
پلکیں نازکی ہیں تو نہیں دیتا الٹ فریاد بھی

اب تو قاتل ہے فقط فاکا وہ ستم ایجاد بھی
ظلم بھی ہے رحم بھی ہے داد بھی بیداد بھی

نظم [illegible] نقش فانی [illegible] قمر
اک نگہ پر ہم سبھی ہو گئے آزاد بھی

دیکھنا اس خواب گہ نشیں کو نہ چونکے ہم ذرا
شور ماتم ہی رہا شور مبارکباد بھی

کی سواد شہر خاموشاں نے کچھ ایسی کشش
منزلوں پیچھے رہی مجھ سے مری فریاد بھی

سایۂ گلبن میں بلبل کو اترتے دیکھ کر
چال پر چھائیں کی سی چلنے لگا صیاد بھی

تیغ پر پھولوں کی اس نے کردیں لیکن آبھر
کند ہو گیا تھا یار میں شاید دل ناشاد بھی

یہ غزل خوانی نہیں اے نظم ہے صورت گری
باربد بھی محو حیرت ہو گیا بہزاد بھی

پرسش اہل گنہ روز جزا ہونے کو ہے
گرمی بازار جنس ناروا ہونے کو ہے

شان اس کی دیکھ کر سجدے کئے ہم روز الست
دولت کونین بے مانگے عطا ہونے کو ہے

کس طرح بازو پہ میں پڑھ دوں دعائے چشم زخم
اس کی سفاکی پہ شور مرحبا ہونے کو ہے

چپکے چپکے ظلم کرنا چھپ نہیں سکنے کا اب
ناوک بیداد میں پیدا صدا ہونے کو ہے

خواب میں پیر فلک نے جو کبھی دیکھا نہ ہو
اس ستم کی اک جواں سے ابتدا ہونے کو ہے

مژدہ اے دل پھر ہوائے انقلاب آنے کو ہے
دور گردوں ہو چکا دور شراب آنے کو ہے

خانۂ دل سے اٹھا ہیں اپنا بستر صبر و ہوش
اس سرا میں کاروان اضطراب آنے کو ہے

جوش گل کی کشمکش میں آگیا سبزہ کو غش
شیشۂ شبنم میں کھنچ کھنچ کر گلاب آنے کو ہے

نظم دیکھیں مصطفےٰ کا جانشیں ہوتا ہے کون
عرش سے مسند نشیں حکم سد باب آنے کو ہے

جشن غم کا ماجرا باد صبا سے پوچھ لے
کیا ہوا گلشن سلیمانی ہوا سے پوچھ لے

کشتۂ تیغ تغافل کی نہیں تجھکو خبر
میں بتاؤں تجھکو تو تیری ادا سے پوچھ لے

پوچھتا کیا ہے کسی سے دلکو دلکی ہے خبر
سارا حال اس ساغر گیتی نما سے پوچھ لے

ہر قدم پر آتی ہے شہر خموشاں سے صدا
خاک میں ہم مل گئے ہیں نقش پا سے پوچھ لے

اے جنوں لے چل کسی جنگل میں ہم شیدا ہوا
راہ جنگل بن کی اس کالی گھٹا سے پوچھ لے

زوال دنیا کے فریب مکر سے غافل ہے تو
بے وفائی اس کی عمر بے بقا سے پوچھ لے

جوش مستی ہے نہ اٹھا بے حجابانہ گزر
راہ میں آنکھیں بچھی ہیں نقش پا سے پوچھ لے

ہے زبان شمع خاموشی میں بھی گویا صرف سخن
بزم ہستی کی خبر اہل فنا سے پوچھ لے

منفعل ہو تو نہیں ہے اس کی حسرت میں کمی
چشم تر سے پوچھ لے دست دعا سے پوچھ لے

پھر شکیبائی کا دعویٰ ہو چلا ہے نظم کو
دل اگر رہرو اقلیم معانی ہو جائے
جائے عبرت ہے کہ یوں کوچ کرے لشکر گل
اک ذرا آشفتگی شوق میں تاثیر ہے شرط
کبھی مرنے کا ہی مذکور کبھی حشر کا ذکر
کہ گیا پھر جو وہ آنے کو تو منظور یہ تھا
گستاخ روش ہے واعظ کہیں ایسا تو نہ ہو
راہ مولیٰ میں اگر نظم کو آجائے اجل
تیر ہی اس کی نگہ ہو نہیں ہے شمشیر بھی
منہ سے شکوہ تو میں کرتا نہیں غم دیکھ لیں آپ
آئینہ رکھ کے ہی منظور کیسے آرایش بھی
نہیں کھلتا سبب غفلت اہل عالم
چاہا کہ تم کو گنہ گار رہو! نظم حسرت میں
ہو گیا دام کا خطرہ بھی فراموش مجھے
ہیں سنے کہتے ہوئے کعبہ کو سنا ہی اکثر
کہہ رہا ہے یہی نقش خط پیمانہ جم
ہو جو ممکن تو رگ جاں میں گرہ دے رکھوں
عیش کی عمر ہے کوتاہ نہیں شک اس میں
بادشاہی تھی گدائی در میخانہ کی
پرسش حشر سے لے نظم بچا لیگی ضرور
غم سے بے صبر کلیجہ مرا ہے ملنے کیلئے
پاؤں بہکا تھا مگر نشہ میں بہکی نہ زباں
موت ہی سے شب ہجراں میں بہت تھی تاخیر

پھر مزاج اگر ذرا ناز و ادا سے پوچھ لے
مرتفع بُعد مکانی و زمانی ہو جائے
جرس قافلہ اک برگ خزانی ہو جائے
پھر جو پتھر کی طرف دیکھئے پانی ہو جائے
پاس واعظ کے جو بیٹھے خفقانی ہو جائے
دیدہ دل مرا صرف نگرانی ہو جائے
صرف رندوں ہی پہ زور ہمہ دانی ہو جائے
گرد صحرائے نجف برد یمانی ہو جائے
جان بچنے کی الٰہی کوئی تدبیر بھی ہے
دل میں اک زخم ہی ہے زخم میں اک تیر بھی ہے
اسی پردہ میں مرے قتل کی تدبیر بھی ہے
نہیں معلوم کچھ اس خواب کی تعبیر بھی ہے
قابل قتل ہی ہے لایق تعزیر بھی ہے
طبع رنگیں نے نہ رہنے دیا خاموش مجھے
کر دیا ماتم عالم نے سیہ پوش مجھے
پی گئے گھول کے رندان قدح نوش مجھے
کہ تری یاد نہ ہو جائے فراموش مجھے
شب گیسو میں ہوئی صبح بنا گوش مجھے
کہ سلیماں کی طرح لے کے اڑا ہوش مجھے
اس کی درگاہ عطا یا خطا پوش مجھے
اشک بیتاب ہیں آنکھوں سے نکلنے کیلئے
نام ساقی کا لیا گر کے سنبھلنے کے لیے
ہم تو بیٹھے تھے بڑی دیر سے چلنے کیلئے

یہ سمجھکر سر پہ ہم نے بنایا ہے مزار
ہم کبھی تو نکل آو گے ٹہلنے کے لیے

ہے یہ بالوں کی سفیدی خبر مرگ و زوال
دہوپ چڑھ آتی ہے سر کو یہ ڈھلنے کیلئے

مژدہ عیش لیے باد صبا آتی ہے
سانحہ گل میں سے [illegible] رہا آتی ہے

رات دن قافلۂ عمر ہے سرگرم سفر
دل دھڑکتا ہے تو آواز درا آتی ہے

انگلیاں کانوں میں رکھنے تو صدا آتی ہے
شور کرتی ہوئی اک سیل فنا آتی ہے

موسم گل میں ہی جامہ میں سمانا مشکل
ٹھیک آتا ہے گریباں قبا آتی ہے

شنوا ہو تو کوئی شوق تو ہو منزل کا
سینکڑوں کوس سے آواز درا آتی ہے

دشت غربت سے پلٹنے کا جو ہوتا ہے خیال
سامنے حسرت نقش کف پا آتی ہے

بلبلے چہچہا نہ کرا وفا نہ بر انداز چمن
کنج گلشن سے دہائی کی صدا آتی ہے

وہ چلا گور غریباں کو خدا خیر کرے
لو قیامت سر خاک شہدا آتی ہے

آنکھ سب اپنی ہے دنیا پہ تو بستی ہی دنیا
جب دریچہ کوئی کھلتا ہے ہوا آتی ہے

نظر آزاد ہے اب اور وہ کنج گلشن
یاد [illegible] جہاں باد صبا آتی ہے

پاک [illegible] شاہد خوبرو میرے
[illegible] گردش میں آنسو میرے

برچھیاں مار کے اور درد جگر جاتا ہے نکل
پردہ [illegible] ہیں پہلو میرے

سب پڑھے [illegible] دست دعا جانب ساقی ازل
بھر گئے بادہ مقصود سے چلو میرے

[illegible] شاہد [illegible]
دل سے خالی نہیں مصرع کے بھی پہلو میرے

رنگ [illegible] گھر نظر آتا ہے مجھے
آج دامن پہ کلیجا نظر آتا ہے مجھے

شوخیاں کیا ہوئیں وہ شانہ بر انداز حجاب
اب تو پردا ترا اکثر نظر آتا ہے مجھے

اس کی رحمت کا ہے جوش اپنے گناہوں کا نچوڑ
ایک [illegible] لب دریا نظر آتا ہے مجھے

کچھ عجب حال ہے دیکھی جب سے انکی تصویر
[illegible] اجالا نظر آتا ہے مجھے

کشتی بادہ لگا دے لب جو اے ساقی
آج [illegible] دریا نظر آتا ہے مجھے

آج وہ [illegible] کے [illegible]
آسمان رنگ بدلتا نظر آتا ہے مجھے

[illegible] نفس [illegible] آواز
جان [illegible] نظر آتا ہے مجھے

وہ آئی فوج گل وہ برق چلی
نہ دیکھے نقش پا ان شوخیوں کو
فلک دکھلا رہا ہے لالہ و گل
مجھے غش میں پڑا رہنا ہے بہتر
ہمارے دور میں بھی ہے وہی جام
عطا چھپ جائے تو چھپتا ہے لیکن
حذر لازم ہے بدگویوں کی لئے ہے نظم
میں ہوں بندوں میں اسکے جو چرا تا ہے نظر
سکھاتا ہے غرور حسن یوں عاشق کشی اسکو
دبستان وفا سے پڑھ کے یہ دو حرف نکلا
سبق سے دلیں ہیں خصوصاً اپنی داد کی غایتیں
فتح کس نظم کی لیکن نہیں ایسا عطا
مروت اسکے ظالم کو نہ کچھ شرم و تجاہل ہے
گزار عمر دیکھا وادی ہستی میں سیل آسا
میں کیا جانوں گنہ لے کاتب اعمال کتنے ہیں
عناں کبر لسکے توسن کا ہو جذب شوق اتنا تو
تلون کی بھی حد ہے اک نگہ لاکھوں کرشمے ہوں
ترے کہنے سے میں توبہ تو کر لیتا ہوں اے واعظ
ہوا سرد مہری چل رہی ہے سارے عالم میں
فسانہ کی عوض لے داستاں گو بڑھ کوئی افسوں
ملانا آنکھ پھر مونہ پھیر کر تیوری چڑھا لینا
نگاہ شوق کے چلتے گیا صبر و قرار آخر
نہ آئے وہ ستمگر اور بہار اس طرح سے گذرے

وہ اڑتی آتی ہے بیرق علم کی
تری آنکھوں میں خاک اس کے قدم کی
یہ لاشیں ہیں شہیدان ستم کی
ہوا ہے گرم دامان کرم کی
خرابی کی ہے جس نے ملک جم کی
ادا چھپتی نہیں اہل کرم کی
کہ ہے کالی زباں میرے قلم کی
ہیں احسان عمر بھر مانوں و احساں بھر کے
زمیں پر پاؤں کیوں رکھو کہ وہ تو نہ بھر کے
کسی کا ہو رہے خود یا کسی کو اپنا کر کے
سنا ہے مجھ ہی سا کہتے اپنے زاہد نے گھر کے
شراب کبر و نخوت شیشہ توبہ میں بھر کے
جو کچھ کہئے تو سیدھی بات کا الٹا جواب آئے
حباب و موج کے مانند ہم پا در رکاب آئے
یہ جھگڑے اس سے ہے کہ جسکو حساب آفتاب آئے
غبار ناتواں تا حلقۂ چشم رکاب آئے
حیا لے ہے حجاب آئے غضب آئے عتاب آئے
رہا جاتا نہیں پھر جھوم کر جب دم سحاب آئے
نہ ٹھہرا تا ہوا وقت سحر کیوں آفتاب آئے
اثر ایسے پری شیشہ میں کہ آنکھوں میں خواب آئے
یہ مطلب ہے چھری وہ مار لے جسکو ثواب آئے
اسی رستہ سے شاید کاروان اضطراب آئے
تڑپ کر برق رہ جائے گھر گھر کر سحاب آئے

گزرتا ہے کچھ اس انداز سے لشکر حوادث کا — کہ اڑ کر سر پہ گردوں کے غبار انقلاب آئے
بقدر یک نگہ مہلت نہ دے جب انتظار ہم کا — تو مشکل ہے بقدر یک مژہ آنکھوں میں خواب آئے
بہت اصرار کرنے سے اٹھائی تو ہی آنکھ انی — مگر چتون یہ کہتی ہے کہ آئے اور حجاب آئے

پھنسا دیتے نگہ غزالان حرم اپنا گلا پہلے — وہ پھینکیں تو کمند طرۂ زلف رسا پہلے
طبیعت میں کہاں تھا خود پرستی کا مزا پہلے — بھلا آئینہ کب تھا قبلۂ ناز و ادا پہلے
نہ تھے ہم پیش ازیں آگاہ حال عشق بازی سے — نہ تھا معلوم دل آتا ہے پہلے یا قضا پہلے
بہار آئی ابھی میں نغمۂ بلبل نہیں سنتا — مبارکباد کی دیتے شیشہ تو ہے صدا پہلے
تپید لے جنوں اپنا ہی کوہ و بیابان کا — چلے ہم ہی. نکل جانے دے یہ کالی گھٹا پہلے
ابھیں بیٹھا ہوں نے اسکے کوچہ سے نکلوایا — کہ جاتے ہی اٹھایا پردۂ دولت سرا پہلے
حجاب آئے اسے کیونکر نہ شبنم کے دوپٹہ میں — کسی کی آنکھ پڑتی تھی نہ جیتے جی حجاب پہلے

اڑا کر کاگ شیشہ سے مے گلگوں نکلتی ہے — شرابی جمع ہیں میخانہ میں ٹوپی اچھلتی ہے
بہار ہیکلتی آئی چمن کی رت بدلتی ہے — گھٹا مستانہ اٹھتی ہے ہوا مستانہ چلتی ہے
وہ دیوانہ ہے جو اس فصل میں فصدیں کھلواتا ہے — رگ ہر شاخ گل سے خون کی ندی ابلتی ہے
قرار اک دم نہیں آتا ہے خون بیگنہ پی کر — کہ اب تو خود بخود تلوار رہ رہ کر اگلتی ہے
بیاجہا شغل وحشت میں نکالا تونے اے حیدر — گریباں میں الجھنے سے طبیعت تو بہلتی ہے

ہوں جو مہمان رات بھر کے لیے — حشر برپا کریں سحر کے لیے
چھٹنے عشوے تھے چشم ساقی میں — اٹھنے ساغر حساب کر کے لیے
کیوں لگائی ہے ڈاب. کافی تھا — ایک چیلا تری کمر کے لیے
ترع میں بھی نے ہر طرف دیکھا — آپ آئے نہ لمحہ بھر کے لیے
نگہ التفات جس کی ہو — اس کا بندہ ہوں عمر بھر کے لیے
ہجر کی رات ہے یہ رات اے نظم — منتیں مانئیے سحر کے لیے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان شاکی

میرٹھی معاصر غالب

جب رہنمائے خلق رسولِ عرب ہوا
آئی ندا کمالِ نبوت کا اب ہوا

رنگین رخِ جناب سے رنگیں ہے روی گل
شیریں لبوں سے شاہ کے شیریں طلب ہوا

اُلٹے قضانے جب ورقِ دفترِ وجود
سو بار لاکھ بار وہی منتخب ہوا

کس شانِ واحتشام سے کس دھوم دھام کے
معشوق پیشِ عاشقِ صادق طلب ہوا

خاصانِ حق کے غلاموں کو تشویش بازخواست
پر بھی نہو گی ان کو خبر حشر کب ہوا

سبطین کیلئے اسے یثرب و کمائے
شاکی وگرنہ مفت نہیں جاں بلب ہوا

ہوتا نہیں سرگرم اقامت سفر اپنا
ہے موج شررستاں ہی پہ سب شور و شر اپنا

کیوں تہنیت مرگ کو ہیں دوست فراہم
آتا ہے مگر نامہ بر خوش خبر اپنا

اب رو بقضا ہیں غلط انداز نگاہیں
سر پیٹ لے اے شوق پریشاں نظر اپنا

غمزے کو ملا حکم دل آشوبیِ عالم
اور وعدۂ انصاف رہا حشر پر اپنا

کیا کیجیے بدآموزیِ غماز کا شکوہ
سچ یوں ہے مٹاتا ہی تھا ہد نظر اپنا

دوزخ کفِ خاکستر و جنت ثمرِ خام
ڈھونڈتے ہیں نشیمن دلِ بے بال و پر اپنا

پہلی ہی نظر سلسلہ جنبانِ جنوں تھی
کیا سوچتے آغاز میں نفع و ضرر اپنا

اس لطف سے دیکھوں کہ انھیں سے انہیں دیکھوں
احسان نہ رکھے میرے سر پر نظر اپنا

مطلوب سمجھتے ہیں سبھی آپ کو شاکی
ازبسکہ پھرا پائے طلب در بدر اپنا

دیوانہ اسیرِ غمِ دنیا نہیں ہوتا
محتاجِ قو دامنِ صحرا نہیں ہوتا

کیا کیا ستمِ عشق ہوا کیا نہیں ہوتا
پر دل وہ بلا ہے کہ شکیبا نہیں ہوتا

محویتِ حرماں سے تصور بھی ہوا محو
آغوش ہم آغوشِ تمنا نہیں ہوتا

تشویش ابھی ہے کہ نہیں لب بلب جام | جب پی گئے اندیشۂ فردا نہیں ہوتا
درد اٹھتا ہے سینہ میں پر ایسا نہیں اٹھتا | ہوتا ہے جگر چاک پر اتنا نہیں ہوتا
شاکی مجھے بدگو کی شکایت نہیں یعنی | جو آپ کو اچھا کہے اچھا نہیں ہوتا

زورِ فلک سمجھ کے نہ محو طرب ہوا | یا تنگ تمھارے ملنے کا مجکو عجب ہوا
بے قصد گر غریبوں کے آتے نہیں ملے | ایسے مرے نصیب کہاں کیا سبب ہوا
واں الوداع نازیہاں الفراق شوق | کب ہوشیار سرخوشی جام طلب ہوا
شایان التفات ہے افتادگی مری | محبوب درکنار فلک بے ادب ہوا
لو حالِ دل نہیں گے وہ دشمن کے سامنے | ہم کو تو یہ خوشی تھی کہ خنجر طلب ہوا
اصلی تھیں غمزدوں کی ترے سینہ کوبیاں | ماتم کدے میں عالم بزم طرب ہوا
ہو گی بقدر ربط بد آموزی رقیب | آنا تو قہر تھا مرا جانا غضب ہوا
ناکامیوں کے ساتھ تھا انبوہِ آرزو | افسردہ دل نہ وصل میں محو طرب ہوا
شاکی کے انتقال کی کیا پوچھتا ہے تو | دو دن میں چار دن میں اسیر عتاب ہوا

نہ داد جور نہ فریاد خونبہا لایا | ترے شہید کو محشر عبث اٹھا لایا
الجھا ان کی زلف کی ہمت کچھ آہ دل کی نہ تھی | عجب طرح سے انھیں بخت نارسا لایا
ستمگری کے برا ہو کہ نہیں قتل کا حکم | ملا رقیب کو تسلیم میں بجا لایا
[illegible] | [illegible] انھیں منا لایا
نیاز و ناز کا [illegible] هم نه تھا [illegible] | ترے زمانہ میں رنگ آسماں نیا لایا
ہزار شکر کہ بخت سعید شاکی کو | کشاں کشاں سوے درگاہ مصطفیٰ لایا

[illegible] تھا | شکر خدا کہ خون [illegible] نہ تھا
کھل پھول نام کو نہیں کانٹے چار سو | کیا گلشن جہاں کا کوئی باغباں نہ تھا
اک دیدہ پر آب کی کیا بود کیا نمود | ساغر حریف گردش چشم بتاں نہ تھا
بدتر ہے مرگ سے غم احباب حشر ہائے | رمز آشنائے زندگی جاوداں نہ تھا
کیا رہرواں مرگ عناں برعناں گئے | جز گرد اور کوئی پس کارواں نہ تھا

کیا خوانِ روزگار پہ ہم روزہ کھولتے
تشنہ کی نوالہ ایک بھی بے استخواں نہ تھا

تشنہ ہر جزو بدن ہے ترے پیکاں تو نکلا
واں زباں ہیں ادھر آنہ وہ زباں دانو نکلا

پھرے مکاں میں سراپاے لامکاں دیکھا
کہاں کہاں تجھے ڈھونڈا کہاں کہاں دیکھا

سفینے کو ترے لطف و کرم پہ چھوڑ دیا
نہ رخ ہوا کا نہ انداز بادباں دیکھا

گرے اسیروں کے سر خاک پر قلم ہو کر
نہالِ شوق کو آخر ثمر فشاں دیکھا

اگرچہ ڈھونڈھتے پھرتے ہیں سیکڑوں گاہک
متاعِ حسن خود آرا کو بے دکاں دیکھا

نوید قتل سے بے صبر مر ہی جائے گا
امید جو سے تشنہ کی کو شادماں دیکھا

تباہیں کیا نہ کیا اور کیا نثار کیا
سواے یار جو کچھ تھا فدائے یار کیا

اس احتیاط نے سب کو ندیم یار کیا
وقار نے ہمیں دنیا میں بے وقار کیا

اگرچہ حرف ہیں دو دل کے ایک ہی لیکن
ترے ستم نے مجھے تجھ سے شرمسار کیا

بلا سے جان گئی کوہکن مگر تو نے
بناے قصرِ محبت کو استوار کیا

چمن طراز ہے کس گل کی نکہت آمد
کہ صورِ حشر نے بھی نالۂ ہزار کیا

رہے نہ صبح کو تیرا نشان اے شبنم
کہ تو نے دیدۂ بلبل کو اشکبار کیا

جو لے گیا تھا کلیم خدا کو وادی میں
اسی کرشمے نے ہم کو بھی بے دیار کیا

بدیر شعرہ میں تشنہ کی آئے خیر تو ہے
تمہارے آنے کا کیا کیا نہ انتظار کیا

اندوہِ عشق یار طرب ساز ہو گیا
انجام بھی نمونۂ آغاز ہو گیا

راتیں فراق کی نہ جفائیں رقیب کی
پروانہ کس دلیل سے جانباز ہو گیا

مدِ نگاہِ شوق بھی کیا تازیانہ ہے
گلگونِ اشک و سبک تاز ہو گیا

تابِ نگاہِ گرم نہ لایا جمالِ یار
نظارہ حسن کو پرِ پرواز ہو گیا

تقدیر بھی مری تری تدبیر چارہ گر
یعنی مزاج اور بھی ناساز ہو گیا

ان کو یہ احتیاط کہ دوہری نقاب ہے
نظارہ کو یہ ناز کہ ممتاز ہو گیا

تشنہ کی فدا ہوا ترے قدم پہ خوش نصیب
تاریخ مرگ جملہ قد فاز ہو گیا

۱۲ قد فاز فوزاً عظیماً

خوف اثر رقیب کے دل سے نکل گیا / اُن کے محل میں نالۂ دل بیجل گیا
کہتے ہیں چمن کو رخِ جاناں کے برابر / قرآں کو سمجھتے ہیں گلستاں کے برابر
اس عشق سو دب کا برا ہو کہ مرے ہاتھ / رک جاتے ہیں جا کر ترے داماں کے برابر
نازش ہے نہ کچھ حلم پہ نے فخر عمل پر / تکیہ ہے ہمارا کرم عز و جل پر
اُن آنکھوں نے مارا ہمیں اُن آنکھوں نے مارا / طوفاں ہے تقدیر پہ تہمت ہے اجل پر
جب تک نہ ترے حسن کی جلوہ نمائی / گلگونہ نہ تھا عارضِ زیبائے ازل پر
کس کی نگہ مست نے بھر کر دیے ساغر / داغ مے گلرنگ ہے دامانِ ازل پر
دل کہتا ہے سنتا کی کہ لکھوا ورنہ بھی لیکن / بہتر ہے عمل نکتۂ تا قل و دل پر

دام گیسو میں پھنسا تل دیکھ کر / گر گئے ہیں اے طائرِ دل دیکھ کر
رنگ لائی بدگمانی قیس کی / پردۂ رنگین محمل دیکھ کر
کس کی حیرت تھی طلسم ناز دوست / محو تھی محفل کی محفل دیکھ کر
مٹ گیا اندوہ تنہا ماندگی / التفاتِ فیضِ شامل دیکھ کر
پیچ کھو تھا کس طرف روئے خطاب / کیوں ہنسے سوئے عنادل دیکھ کر
موتیوں سے بھر گیا حیرت کا منہ / ہنس پڑے وہ رقص بسمل دیکھ کر
کچھ تو رعب قرب سے بس پا ہوئے / رہ گئے کچھ بعدِ منزل دیکھ کر
اپنی طاقت پر مجھے رحم آ گیا / اضطرابِ مرغِ بسمل دیکھ کر
بعد ششم آیا نظر سنتا کی وہ منہ / کعبے پہنچے چاہِ بابل دیکھ کر

سلسلہ جان و دل دے دیا اہل وفا دیتے ہیں / آخر کار تھی دست دعا دیتے ہیں
کچھ تو آرام لب ہرزہ سرا دیتے ہیں / کان وہ جانب فریاد لگا دیتے ہیں
کبھی انساں نے آئینہ بنایا ہو گا / آپ انساں کو آئینہ بنا دیتے ہیں
یاد رکھتے ہیں وہ لے یاد نہ کرنا میرا / داد دیتے ہیں مگر دادِ جفا دیتے ہیں
کیا ہنسیں کچھ میرے قاتل کا ہی شیوہ معلوم / تہنیت ریچ کو لاکھوں شہدا دیتے ہیں
غافیت سوز پڑی ناز و لب نیری / آسماں وائو نیا برنج بنا دیتے ہیں

دفتر عیش الٹ دیتی ہے بادِ سحری
جھونکے پیغام پہ پیغام فنا دیتے ہیں

وقف ترکیب ہی ترکیب امور عالم
بوسے دشنام میں لپٹیں تو مزا دیتے ہیں

چلو شاکی چلو دیکھیں ہمیں کیا ملتا ہے
صلہ لغت رسول دوسرا دیتے ہیں

یہ بھی تو ایک اثر ہے کہ اُن کو خبر نہیں
کیوں کر کہوں کہ نالۂ دل میں اثر نہیں

نے وصل میں قرار نہ آرام ہجر میں
ہر حال تری بلا ہے قیامت ہے پر نہیں

وعدہ کریں تو کیا جو ملاقات ہو تو کیوں
سب جانتے ہیں اُن کے دہان و کمر نہیں

چاہیں تو تیری وضع کریں ہم بھی اختیار
کیا شہر میں حسین نہیں کوئی مگر نہیں

شاکی لحد میں سوئیے چل کر بہت پھرے
منزل یہ طے ہوئی تو پھر آگے سفر نہیں

کب نہیں جاتے خط اُن کو کب تغافل آتا نہیں
کچھ جواب آتا نہیں شاید جواب آتا نہیں

دانہ دانہ ہے سرشک دیدۂ بیجا صلی
کشت پر میرے ندامت سے سحاب آتا نہیں

بے حساب انعام دینا عاقبت لینا حساب
واعظو میری سمجھ میں یہ حساب آتا نہیں

منزل ہستی خطا کار سطح کرتے ہیں طے
راستے ہیں جادۂ راہ صواب آتا نہیں

طوفان ناز کیا ہے جو ہمرنگ یم نہیں
مجکو تو ایک موج تبسم بھی کم نہیں

اندک فزوں ہے تیری عنایت وہ بے حساب
میرا یہ حوصلہ کہ مجھے کم بھی کم نہیں

اے شوق قتل تو ہی چھری بن کے ذبح کر
خنجر میں عکس ساعد جاناں سے دم نہیں

کوتاہ ہے نظر نے دکھائی رہ دراز
کیا تبک وہیں لطف ستم [illegible] ستم نہیں

اے برق یاس تو ہی کہیں اسکو خاک کر
کشت امید قابل ابر کرم نہیں

زاہد نگہ و تیغ نہیں مجھ ستم [illegible] سے
وہ جانتے ہیں تم بھی مرے حق میں سہم نہیں

کیا ہوا ہیں جو شاد کام نہیں
کسی مذہب میں غم حرام نہیں

جیسے زہر و تریاق یکساں نہیں
ہیں وہ رند آلودہ داماں نہیں

قباحت ہی البتہ دیدار عالم میں
قیامت کی تشویش چنداں نہیں

ندا ہے سر چار سوئے وفا
جو گر کر اٹھے مرد میداں نہیں

زبانی محبت گرمیاں استقدر
نظر سے عیاں لطف پنہاں نہیں

وہ منصور کھنچا جسے دار پر   وہ مردار جو تم پہ قربان نہیں
سخن قوت ثناؔ کی حسد رزق غیر   مقدر پہ زنہار ناداں نہیں

یاقوت لب سے نسبت لعل یمن کہاں   یعنی یہ بول چال یہ طرز سخن کہاں
غربت کی شام سے مری آنکھوں کا خون ہوا   اے آسماں سپیدۂ صبح وطن کہاں
توبہ نہ کی کہ تیری عنایت کا تھا یقیں   ہوئے عمل ضرور مگر سوء ظن کہاں
نے نامہ نے پیام نہ قاصد نہ گفتگو   اے نونہال عمر وہ رسم کہن کہاں
ثناؔ کی نہ احتراز در دل ہو نہ کوئی فرصت   پہونچا کہاں سے اُڑ کے ہمارا بدن کہاں

پردے سے انقلاب نہیں آب و تاب میں   جلوہ سے خود نقاب نہاں ہے نقاب میں
دیکھا جب اہل دید نے اُس شہسوار کو   سمجھا کہ پاے عمر ہے بیشک رکاب میں
گو فیصلہ ہوا مگر اعدا خبر نہیں   کشمکش بلا میں ہیں کہ جہنم عذاب میں
تم کو نہ مجھ سے رنج نہ تم سے مجھے ولے   ہوتا ہے امتحان محبت عتاب میں
ساغر ہمارے نام کے نذر رقیب ہیں   دور فلک کا طور ہے دور شراب میں
بے جن کے نیند چشم وفا کو حرام تھی   اب دیکھنے کو اُن کے ترستے ہیں خواب میں
ثناؔ کی کر ہیں تجھے شندر غم سے رہا تجھے   جن ہاے پنج تن کا وصف ہی چار کتابیں

دیتے ہیں رہرو حرکت پاے سفر کو   مرتے ہیں جوں شمع جلا کر تن و سر کو
پھونکا ترے جلوے نے پروبال نظر کو   توڑا تری شوخی نے تصور کی کمر کو
سرگرم فغاں ہی لب فریاد شب غم   چھڑکو مرے چھالوں پہ طباشیر سحر کو
اندیشۂ عزت کبھی اندوہ ملامت   ہوتے ہیں عجب رنج محبت میں بشر کو
اے نوح کہوں کیا برکت بے خطری کی   کشتی مری لے کر گئی گرداب خطر کو
مقطوع کیا قد نے ترے قافیہ قلم کی   محذوف کیا لب نے ترے کاف شکر کو
اب گرمی بازار قیامت ہی سودا   ہاں دیکھ چکے ارزش کالاے ہنر کو
اکسیر ہے خاک در شاہنشہ یثرب   اس کحل جواہر کی تمنا ہی بصر کو
ثناؔ کی تری کیا بات نسوں نے کہ غزل ہی   دلبند ہی ہر قافیہ تشبیہ ہی ہر کو

سر محفل نقاب عارض تاباں اگر وا ہو
اگر اعیان صورت میں نمایاں وہ خود آرا ہو
پریشاں ہو اگر زلف معنبر روے انور پر
نہ ٹھکرا نعش عاشق کو مبادا اے وفا دشمن
تصور اُن کی افشاں کا بندھا ہاں جوش مینا
تری فکر رسا کی تیز پونسے کیا عجب شا کی

نظر پروانہ ہو پروانہ گل ہو گل تماشا ہو
جہاں موسیٰ ہو موسیٰ جلوہ ہو جلوہ تجلا ہو
خرد سودا ہو سودا شانہ ہو شانہ سویدا ہو
ستم آفت ہو آفت فتنہ ہو فتنہ دوبالا ہو
شراب آنسو ہو آنسو دانہ ہو دانہ ثریا ہو
قلم نشتر ہو نشتر دشنہ ہو دشنہ گذرا ہو

کیسے روئیں جن اشکوں کو تیری فرقت کا رونا ہو
مرا جوش جنوں زنداں میں جب زنجیر فرسا ہو
بسر کی زندگی حرماں نصیبوں نے توقع میں
الٰہی ایسی خلوت ہو کہ بے حایل اُنھیں دیکھیں
چلے ہم لو دل ناکام لیکر خلق سے شا کی

کیسے دیکھیں جن آنکھوں نے تری صورت کو دیکھا ہو
اسیری دشت پیما ہو گرفتاری گو سودا ہو
قیامت ہے اگر فرماندہ محشر بھی تم سا ہو
نہ طغیان تمنا ہو نہ طوفان تماشا ہو
ہمیں کیا بعد مر جانے کے غیر اُن کا ہو یا ہو

مشام آشنا تیرے گیسو کی نکہت ہو تو کیونکر ہو
مزاج شاہ سے واقف ہیں یعنی اس کی مرضی ہے
انھیں عادت کی پابندی کہ ساتھ اعدا کے پھرتے ہیں
ستم ہے بعد قتل خلق فرمانا رقیبوں سے
خود بیش خنجر انداز انا ہے جو شا کی کو

علاج درد بے پایاں وحشت ہو تو کیونکر ہو
سیاہ غم دیا۔ دل سے رخصت ہو تو کیونکر ہو
مجھے اس بات کا سودا کہ خجلت ہو تو کیونکر ہو
بشر دنیا میں کوئی بے مروت ہو تو کیونکر ہو
اگر ایسے پر ترسے پھر نوبت ہو تو کیونکر ہو

سر شوریدہ پاسے تم پہ میخانہ میں بستر ہو
خدارا نرگس پرفن سے کہدو وہ نہ کچھ بولے
شکایت پھر نظر شاید آ لب شبل رنگینیہ بیگی
مری نالش ہے یارب بالش عرض تمنا سے
ہم ایسے بادپیما ہیں کہ ذرے سے بھی کمتر ہیں
خیال جنبش مژگاں سے پہنچا اپنی شا کی

پھر آسکے ہر شیہ با دا باد پرستش ہو کہ محشر ہو
کہ مجکو ہو نہو دل کو تری تقریر باور ہو
کہو تم بہتر سے بہتر ہیں ہو تم بہتر سے بہتر ہو
کہ اک نقطہ جو اُن کے نام لکھوں ایک دفتر ہو
تم ایسے سرو بالا ہو کہ گیسو کے برابر ہو
لگے کیا آنکھ اُس کی جس کی ہر ہر رگ میں نشتر ہو

تمنا وصل کی چھوڑی غم ہجر شباب کیوں ہو
بہار آئے نہ جس گلشن میں واں دل خزاں کیوں ہو

ہماری ناتوانی غم اُٹھانے سے غلط ٹھہری
ہمیں عذرِ نزاکت ہے تو اتنے سرگراں کیوں ہو

نمک پاش ملامت ہوں سے گئے زخمِ دل پہ بدطینت
ہمارا خون ہو لیکن بطرزِ امتحاں کیوں ہو

نسیمِ صبح گاہی ہوں اقامت کیا سیاحت کیا
نہیں خوگر مجوسی کی عدو میرا جہاں کیوں ہو

وہ ہے اک بلبلِ خونیں نوائے شاخِ ناکامی
لقب شاکی کا تیرے طوطیِ ہندوستاں کیوں ہو

ناسور مندمل نہوا عمر بھر نہو
اے چارہ گر خدا کیلئے میرے سر نہو

جائے بلا سے جان کوئی پردہ در نہو
خوش ہوں کہ شامِ غم کی نمایاں سحر نہو

کیا کھائیں سم بعید نہیں کارگر نہو
شاید دعا کی طرح دوا میں اثر نہو

ہے امتحان رحمتِ نامستحق نواز
للہ میری نعش پہ تو نوحہ گر نہو

فرصت قلیل قتل کے لاکھوں امیدوار
قاتل بخیل ، وار کدھر ہو کدھر نہو

شب کی ہزار ہیں تپِ غم کی حرارتیں
کیا جانے جس کی جیب قبا میں شرر نہو

شاکی کے انتقال سے کتنے وہ خوش ہوئے
پرسیر ہے اگر یہ خبر معتبر نہو

دیکھا جو تیری چشمِ زبوں گیر سے نہو
قصہ تمام خنجر و شمشیر سے نہو

ہے مصلحت یہی کہ جہنم میں بھیجدیں
کوئی سوال آپ کے دلگیر سے نہو

ان کو بھی آج میری طرح شوقِ وصل ہے
یہ بات ہی جدا ہے کہ تقدیر سے نہو

اے شوخ غیب داں ہے خدا چپ ہی کہیں
محشر میں برہمی تری تقریر سے نہو

زخمِ زبانِ خلق سے بچنا برا نہیں
مانا کہ اور فائدہ تدبیر سے نہو

آخر ہمیں تو چاہیے فی الجملہ احتیاط
گو مجکو رنج غیر کی تقریر سے نہو

اندیشۂ فراق نے مجکو ڈبو دیا
کہتا ہوں سر جدا تری شمشیر سے نہو

کرتی ہے بیخودی مری تدبیر سے طلب
جو کام چارہ سازی تقدیر سے نہو

شاکی اگرچہ قابلِ رحمت نہیں عمل
نومید جدِّ شبیر و شبیر سے نہو

ہنگامِ ذبح قاتل طرف نقاب اُٹھا دے
میں تجکو رونما دوں تو مجکو خوں بہا دے

اے شورِ نالہ دل میں معتقد ہیں قائل
یا حشر کو اٹھا دے یا بخت کو جگا دے

جو بات دل میں گذرے لاؤ وہی زباں پر
اے سادگانِ پرفن ہم آدمی ہیں سادے

اے صانع دل وجاں کب تک امید حرماں
یا عشق کو اٹھا لے یا حسن کو مٹا دے

تیغ ستم کشیدہ حلق حزیں بریدہ
اٹھکر بہ دست قاتل ان کو گلے ملا دے

ہو جائے کچھ یہ عالم لے لذت طپیدن
قاتل کو میں دعا دوں قاتل مجھے دعا دے

کیا اعتبار پایا بے اعتباریوں سے
ممکن نہیں کہ ہم کو نظروں سے تو گرا دے

شاکی کی یہ غزل ہی ہر حرف بے بدل ہی
نالاں عبث دغل ہی دولت جسے خدا دے

گر تو نوید لطف دم احتضار دے
کن منتوں سے جان ترا خاکسار دے

سر ہے عذاب خنجر زہرابدار دے
قاتل ثواب جان کے صدقہ اتار دے

ناگاہ اور ہمیں خبر وصل یار دے
وہ آسماں کہ موت نہ بے انتظار دے

وہ آئیں حشر آئے اجل آئے صبر آئے
کوئی تو داد محنت شبہائے تار دے

اندیشے سو طرح کے ہیں قاصد کو بھیجکر
کیا جانے کیا جواب وہ نخوت شعار دے

سم بھی مضر نہیں اگر اصلاح ہو سکے
غم بھی برا نہیں جو خدا غمگسار دے

تمکین شکوہ ناز ہے لیکن نہ اس قدر
جان آرزو سے تیر ہیں تیرا شکار دے

شاکی اسی کے در کا ملازم ہے جو سخی
سائل کو ایک نان کے بدلے قطار دے

صد مرحلہ جاتا ہوں پرے کون و مکاں سے
بے صبری دل سے کبھی بیتابی جاں سے

جور فلک و کاہش جان و غم جانا ں
ان سب کی دوا صبر سو آئے وہ کہاں سے

ہر بات میں ہوتی ہے رقیبوں کی ترقی
پڑ جاتی ہے تقریر میں جاں تیرے بیاں سے

اللہ رے گراں مائگی جنس محبت
بدظن ہی زیاں سود سے اور سود زیاں سے

کیا کم ہے مٹا دینے کو یہ شعبدہ شاکی
کاکل کی طرح تیغ بھی کھینچی ہے میاں سے

غرقہ آب دم تیغ ستم ربا رہوے
خوب سیراب ترے تشنۂ دیدار ہوے

حسن مطلق سے رہا دل کو تعلق برسوں
واں سے چھٹکر ترے گیسو میں گرفتار ہوے

رشک ہوتا ہی محبت میں نہ اتنا لیکن
خوش وہ ہمسے ہوے ہم زیست سے بیزار ہوے

نہ فریب نظر یار نہ بے رحمی ضعف
شکوے اتنے تھے کہ مہر لب اظہار ہوے

سچ بتاؤ ہمیں تم رات کہاں تھے شاکی
آج مذکور ہماے سر بازار ہوے -

تا نہ ادعائے محبت کا یقیں دل میں رہے
گھر میں تجھے اور کہتے ہیں غیروں کی محفل میں رہے

گر نہ ہو وے خاکساری پردۂ تر دامنی
موج دریا بار کیوں پابوس ساحل میں رہے

بسکہ تھا آنکھوں میں شاکی کے جمال احمدی
شام سے تا صبح ہم دردِ غزل میں رہے

نئی چال آسمان بادپیما روز چلتا ہے
نہ عادت اُن کی چھٹتی ہے نہ رنگ اپنا بدلتا ہے

نہ صبح و شام سے نیرنگیاں اتنی عیاں ہوتیں
کوئی معشوق دو نو وقت پوشاکیں بدلتا ہے

الٰہی وہ نہ آتے تھے نہ آتے ہیں نہ آئیں گے
پھر آنکھیں منتظر کس کی ہیں پھر دل کیوں اچھلتا ہے

محبت کی بساط خاک پر ہے مجلس افروزی
فروغِ شمع گردوں سے کہاں پروانہ جلتا ہے

نہ سے لائق نہیں گردوں شاکی ان قوافی کو
نکلتا ہے ٹلتا ہے اُلگتا ہے مسلتا ہے

دونوں میں کیا کشاکش بے اختیار ہے
دل ہے سنان کے پار سنان دل کے پار ہے

اپنی ہوا میں آپ ہی پروانہ جل بجھا
عشق ہوس فروش کا انجام نار ہے

شاکی شکایتوں کا نہ لے نام شکر کر
اُسکا خیال مونس شب ہائے تار ہے

رخ لالہ گوں کا خیال ہے سر زلف غالیہ فام ہے
یہی دیں ہے یہی کفر ہے یہی صبح ہے یہی شام ہے

کوئی اس نمود پہ کیا مرے کوئی اس بہار کو کیا کرے
نہ شمیم گل کو قیام ہے نہ سرور مل کو دوام ہے

مری نقش رنگ سے گر گئی کہ خطا ہے جانب غیر تھا
جو بنا ہو شاکی خوش بیاں یہی سب نصیب کا نام ہے

دل شیشہ میں نظر آتی ہے تمہیں زاہد جو یہ سرخ شے
یہی جم کی چشم و چراغ ہے یہی روح عارف جام ہے

نہ طواف کعبہ کا شوق ہے نہ حریم قرب کی جستجو
مرا کام خدمت میکدہ مرا نام ننگ انام ہے

صبا جو ناز کناں جا بجا نکلتی ہے
کبھی کبھی ترے کوچے میں جا نکلتی ہے

نہ حسرت دل اندوہ زا نکلتی ہے
نہ تن سے جان بلا آزما نکلتی ہے

ادا شناس سمجھتے ہیں پایۂ گفتار
سخن پہ جان سخن آشنا نکلتی ہے

شمع بجھتی ہے نمودار سحر ہوتی ہے
حالت کشتۂ غم نوع دگر ہوتی ہے

تیرے زلفوں سے باز آئیں فدائی حاشا
قطع سر ہوتے ہیں پر قطع نظر ہوتی ہے

سرمہ ہو جاتی ہیں آنکھوں میں نگاہیں جل کر
رخِ جاناں پہ کسے تاب نظر ہوتی ہے

آشنا چاہتے ہیں شاکی نہ ظفر فدا سب مجھے
یا علی کہتے ہی دشمن پر ظفر ہوتی ہے

فقط

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتخاب دیوان شمس العلما نواب سید امداد امام صاحب

اثر عظیم آبادی

فقیری میں مجھے بخشا خدا نے اوج سلطانی کا
گدا مجھکو بنایا آستان شاہ مرداں کا

نمود شکل ہستی کن فکاں کی کارسازی ہے
ظہور ہر دو عالم ہے اشارہ تیرے فرماں کا

گنہگاروں کی آنکھیں قلزم اشک ندامت ہیں
نہیں دشوار لیے زاہد چھٹانا داغ عصیاں کا

فلک آئینہ داری جور مہرویاں کی کرتا ہے
شفق ہے عکس خون آلودہ رخسار شہیداں کا

کسی کی دید پر موقوف اپنی زیست ہے ناصح
مرا آزار نظر انداز رکھتا ہے رگ جاں کا

چھپے گا دامن محشر میں خورشید قیامت بھی
غضب ہوگا عیاں ہونا ہمارے داغ پنہاں کا

نشان نقش قدم کا بھی نہ پایا تا دم آخر
عبث ہمنے کیا پیچھا اثر عمر گریزاں کا

وصل بتاں میں خوف فراق بتاں نہ تھا
گویا کہ اپنے سر پہ بھی آسماں نہ تھا

پیش رقیب پرسش دل تمنے خوب کی
دشمن تھا پردہ دار نہ تھا راز داں نہ تھا

عبرت دلا چکی تھی ہماری ستم کشی
مطلق شب وصال عدو شادماں نہ تھا

بگڑے ہوے رقیب سے وہ آئے ہیں گھر
اس حسن اتفاق کا کوئی گماں نہ تھا

سرشار بیخودی تھے اثر بزم یار میں
کیا جائیں ہم رقیب کہاں تھا کہاں نہ تھا

تیر پیکاں مرے سینہ سے نہ تنہا نکلا
لخت ہائے دل مجروح کو لیتا نکلا

ہم مسلماں ہیں مگر دل ہے بلا کا کافر
آنکھیں بھر آئیں جہاں ذکر بتوں کا نکلا

اپنی ہو حق سے ہے محفل رنداں برہم
تو ہی اے شیخ بڑا حق کا شناسا نکلا

شوق نے حسرت دیدار بنایا کس کا
شعلہ طور مرا داغ تمنا نکلا

قول کر رہ گئے شمشیر دو دم کیا معنی
حوصلہ ابھی تمہارا نہ ہمارا نکلا

خلش تیر مژہ دل سے نہ جانے پاے
پھر کہاں لذت ایذا جو یہ کانٹا نکلا

اپنے مرنے سے عدو مورد بیداد ہی اب
تجھ سے اے مرگ بڑا کام ہمارا نکلا
وائے تقدیر کہ اس دشمن ایماں کے حضور
ہیں بد اندیش عدو چاہنے والا نکلا
مر گیا ہائے اثر چھوڑ کے سر پتھر سے
عشق گیسوے صنم جان کا سودا نکلا

جاں دینا عاشق جانباز کو مشکل ہی گیا
لیکن اس سے بیوفا تو ہی بتا حاصل ہی کیا
مر گئے جنکو پڑی تیرے لب شیریں کی چاٹ
سچ بتا اس انگبیں میں زہر بھی شامل ہی کیا
خط میں لکھتے ہیں کہ آئیں گے کہیں ہوتی ہو سے
اس عنایت میں مراد غیر بھی شامل ہی کیا
دل ہے سینہ میں کہ ہی سیماب بر آتش اثر
ماہی بے آب ہی یا طایر بسمل ہی کیا

تیری جانب سے تجسس کیا نہوا
خیر گذری کہ تو خدا نہوا
کیوں ترا آشنا عدو ٹھہرے
جب ترے غم سے آشنا نہوا
مر کے اس کی گلی کی خاک ہوا
میں فنا ہو کے بھی فنا نہوا
مار ڈالا مجھے عدو کے لیے
حیف تو صبر آزما نہوا
اے اثر تجھکو پھر گلا کیا ہے
جب کسی کا وہ بیوفا نہوا

نخل الفت میں نمو دار ثمر کچھ نہوا
باردر باغ جہاں میں یہ شجر کچھ نہوا
ہجر کی شب کو شب قدر بنایا تو نے
تجھ سے میرے لیے اے رشک قمر کچھ نہوا
کر لے خونابہ فشانی بھی اگر دل چاہے
اشک ریزی سے تو اے دیدہ تر کچھ نہوا
لاکھ سمجھایا اثر کو کہ نہ دے عشق میں جان
ناشنو تھا اسے کہنے کا اثر کچھ نہوا

جھوٹے وعدہ پر ستاتے جائیں کیا
جانتے ہیں تم کو دہو کا کھائیں کیا
پرسش اپنے قتل کی ہونے لگی
داور محشر کو ہم بتلائیں کیا
ہے پشیمانی میں اقرار خطا
قتل کر کے مجھکو وہ پچتائیں کیا
آئیں گے پھر بھی وہی عشرت کے دن
انقلاب دہر سے گھبرائیں کیا
دل کو کھوئے ایک مدت ہو گئی
اے اثر اب ڈھونڈنے سے پائیں کیا

مقدر میں زاہد جو تھا مل گیا
مجھے تو بتوں میں خدا مل گیا
اسے جان شیریں کی پروا نہیں
جسے درد دل کا مزہ مل گیا

ذرا دل کو دیکھو تو اے ہمدمو — کدھر جا کے یہ بیوفا مل گیا
جدائی میں روتا ہوں آٹھوں پہر — مجھے خوب یہ مشغلہ مل گیا
ترا شعر کوئی سنا جب اثر — مزا میر کے شعر کا مل گیا

میرے گھر تیرا آنا جانا تھا — وہ بھی اے یار کیا زمانا تھا
جو نہ سمجھے کہ عاشقی کیا ہے — اُس سے بیکار دل لگانا تھا
آئے تھے بخت آزمانے ہم — آپ کو تیغ آزمانا تھا!
تو نے رہنے دیا پس دیوار — ورنہ اپنا کہاں ٹھکانا تھا
دل نہ دیتے اُسے تو کیا کرتے — اے اثر دکھ ہمیں اُٹھانا تھا

نہیں اے بلبلو وقت اماں موسم ہے بہت جھڑکا — نہ اندیشہ ہے گلچیں کا نہ ہے صیاد کا دھڑکا
نیا کچھ رنگ نکلا روئے آتشناک دھونے سے — تماشا ہے بجھانے سے یہ شعلہ اور بھی بھڑکا
ہم اپنی زندگی میں شیر میدان محبت تھے — ترا توسن جو اے قاتل ہماری قبر سے بھڑکا
صبا سے آمد فصل بہاری کی خبر سنکر — ہر اک مرغ قفس کیا کیا لئے سیر چمن پھڑکا
اثر تو نے بھی پایا ہے مزاج حضرت آتش — جوانی میں جواں بڈھوں میں بڈھا لڑکوں میں لڑکا

شیشہ سے کہاں بادۂ احمر نے اُٹھایا — جو لطف کہ لب سے ترے ساغر نے اُٹھایا
عشاق کے آگے جو ہوا یار قد آرا — غل پڑ گیا سر فتنۂ محشر نے اُٹھایا
اُس داغ کی صورت بھی نہیں لالہ نے دیکھی — اے گل جسے میرے دل مضطر نے اُٹھایا
انگشت نمائی سے بچی ان کی نزاکت — الزام کمر زلف معنبر نے اُٹھایا
کیا چاندنی چھٹکی مرے گھر میں جو شب وصل — منہ سے نقاب اس مہ انور نے اُٹھایا
اب دیکھیے کیا تازہ بلا آتی ہے سر پر — انداز نیا یار کے تیور نے اُٹھایا
مومن کے سوا اور اثر کون اُٹھاتے — جو رنج علیؑ کے لئے بوذرؓ نے اُٹھایا

چاندنی میں دور ہو جام شراب ناب کا — ہے غنیمت ساقیا عالم شب مہتاب کا
کس کو آئے نیند میرے نالۂ شبگیر سے — ہر ستارہ میں ہے نقشہ دیدۂ بیخواب کا
سرکشوں کی عاجزی ویسی ہی جیسے اے اثر — پانو پر دیوار کے سر مارنا سیلاب کا

شکل تکلیف کو بھی عیش کا ساماں سمجھا
داغ ہائے تن سوزاں کو چراغاں سمجھا

مجھے دیکھا جو کبھی دیر کبھی مسجد میں
گبرنے گبر مسلمان نے مسلماں سمجھا

دل مجروح ہے کس درجہ حریص آزار
دست قاتل کو جو دیکھا تو نمکداں سمجھا

بحقیقت نظر آئی جو بقائے موہوم
اپنی ہستی کو عدم کا سر و ساماں سمجھا

گلگر خوں سے کئے آنکھ او تماشائیان کہ آثر
جسنے دیکھا مرے دیواں کو گلستاں سمجھا

خپکا نہو مسیح سے بیمار عشق کا
کیا درد لا علاج ہے آزار عشق کا

سن لو تو یہ جرم خدا کو بھی ہے پسند
کب قابل سزا ہے گنہگار عشق کا

ہم خاکیوں کے سر پہ یہ بار گراں گرا
روحانیوں سے جب نہ اُٹھا بار عشق کا

دل دیکے قید رنج سے آزاد ہو گیا
چھوٹا جہاں کے غم سے گرفتار عشق کا

دونوں جہاں کے رنج والم کا ہی نام عشق
اے دل نہ نام لیجیو زنہار عشق کا

آنکھوں سے خوں جو آتا ہے آنسو کیسا گیا
کاری لگا ہے دل پہ اثر وار عشق کا

غم اُٹھانے سے عشق کم نہوا
کارگر غیر کا ستم نہوا

اپنے مرنے کا غم نہیں مجھکو
غم یہی ہے کہ تجھکو غم نہ ہوا

جام جم ہے اثر ترا دیواں
پھر نہ کہنا کہ جام جم نہوا ۱۲

انہیں پایا مگر تنہا نہ پایا
جو یوں پایا تو کیا پایا نہ پایا ۱۲

جسے دیکھا ترا سرشار دیکھا
جسے پایا ترا دیوانہ پایا ۱۲

جب آئے لوٹکر دشمن کے گھر سے
وہ تھے جیسے اُنہیں ویسا نہ پایا

غلط پرداز یاں ہیں شاعروں کی
دہان یار کو عنقا نہ پایا ۱۲

جلی اے شمع لیکن تو نے کچھ بھی
مزا سوز محبت کا نہ پایا ۱۲

بہت ہشیار سنتے تھے اثر کو
مگر ہم نے اُسے دیوانہ پایا

دم بھر کا بھی آرام مقدر نہوا تھا
ہم پر وہ ستم ہے کہ کسی پر نہوا تھا

جز خضر تمنا دل وحشی کو ہمارے
صحرائے طلب میں کوئی رہبر نہوا تھا

ناچیز کو افتاد بناتی ہے گرامی
گوہر بھی کبھی قطرہ تھا گوہر نہوا تھا

اے تاجورِ تاجورِ عرصہ گیتی
کیوں شکوۂ تکلیف اثر لائے زبان پر
دارا ہوا تھا کہ سکندر ہوا تھا
آرام کی خاطر دلِ مضطر ہوا تھا

دل میں اک آہ کے بھری ہیں جامِ شراب
محتسب توڑ نہ یوں شیشۂ دل رندوں کا
ساقیا رند بلانوش ہوں پی جاؤں گا
محتسب راہزن قافلہ عیش ہوا
یار سے پینے کو کہتا ہے پس و پیش نکر
بوالہوس کہتے اسے یا نگس جامِ شراب
ہوں گے آخر بھی فریادرس جامِ شراب
دُردِ ہو یا کہ ہو خاشاک و خس جامِ شراب
نہیں آتی جو صدائے جرس جامِ شراب
اے اثر خوب نہیں پیش و پس جامِ شراب

یا تکیے ہم راحت گزیں بستر دیبا دوست
عرش اعظم کیا ہے پیشِ تہ والائے دوست
غم نہیں گر کشتۂ دشمن کرے تو ای فلک
آشنائے لب کروں کیوں رازِ عہد نہاں
جسطرف چاہی نگاہ شوق نظارہ کرے
بار پایا آج کیا تونے حریم یار میں
شاد کیا ہوں رشک سے ہی اپنے مرجانے کی بات
دیدۂ باطن سے گھر بیٹھے تماشا دیکھئے
دادکا طالب نہونا اے اثر روز جزا
یا الحبیب عیش دشمن ہو گئیں شب ہائے دوست
دل جسے کہتے ہیں اہل دل وہی ہے جائے دوست
خاک ہو کر بھی ہمیں رہنا ہے زیر پائے دوست
اپنے حال دل سے واقف ہے دل دانائے دوست
شش جہت میں ہے عیاں حسن جہاں آرائے دوست
تجھ سے آتی ہے صبا بوئے روح افزائے دوست
مرگ دشمن پردہ فرما ہیں زباں ہائے دوست
پردۂ دل میں نہاں ہے چہرۂ زیبائے دوست
تجھ تو لازم ہے خیال غرّت فردائے دوست

چھٹتا نہیں چھوڑا اسے ظالم کسی طرح
سمجھا نہ میرے درد کو ظالم کسی طرح
وہ گل کہاں چھپا ہے کہ جس کی تلاش میں
جب سے لیا ہے تونے دل مضطرب مرا
شاعر کو پیش آتی ہیں کیا کیا نہ دقتیں
استاد کی غزل پہ غزل کیا کوئی لکھے
دشمن نہ ذوق کا ہوں نہ ناسخ کا دوستدار
اٹکا ہے مجھ سے کیا دل ناداں بری طرح
دل کی کہانی اس کو سنائی کئی طرح
آوارہ پھر رہی ہے صبا بھی مری طرح
تو بھی ہے بیقرار ستمگر مری طرح
مومن کی ہوتی ہے جو نکالی ہوئی طرح
دعوائے ہمسری نہیں مجکو کسی طرح
عادت نہیں کہ چھیڑ نکالوں کوئی طرح

غالب کو مانتا ہوں کہ اُستاد دہر تھا
کافر ہوں اسمیں ہو جو مجھے شک کسی طرح

لیکن اثر جو دیدۂ حق بیں سے دیکھئے
کوئی غزل سرا نہوا میر کی طرح

موسیٰ نہ لاسکے تاب رُخِ یار دیکھکر
نازاں ہوں اپنی طاقتِ دیدار دیکھکر

سیری نہیں نصیب ہمیں تیری دید سے
پھر تجھکو دیکھ لیتے ہیں ہر بار دیکھکر

پھر دل کو ذوقِ لذتِ ایذا ہوا اثر
اُس دلشکن کو درپئے آزار دیکھکر

شبِ فرقت بسر کریں کیونکر
نہ کٹے تو سحر کریں کیونکر

اُن کی تیغِ نگہ کا مارا ہوں
میری جانب نظر کریں کیونکر

کچھ ہم اپنی خبر نہیں رکھتے
اُن کو اپنی خبر کریں کیونکر

گو ستمگر سہی پہ یار تو ہے
اس کا شکوہ اثر کریں کیونکر

شوریدگی قیس کے عالم پہ نظر کر
لیلیٰ کوئی دن وادیٔ مجنوں میں گذر کر

پھر مرے دل کو ہوئی وحشتِ بیاباں دیکھکر
تلوے کھجلانے لگے خارِ مغیلاں دیکھکر

بل بے اپنے دیدۂ خونابہ افشاں کی بہار
پانی پانی ہوگیا ابرِ بہاراں دیکھکر

مایۂ ہمدردی جان ہی درونِ اہلِ درد
ہی بجا نئے ہو جو نالاں دلکو نالاں دیکھکر

ہو نہ بدظن ہم سے اے صیاد جانی ہی یہاں
پھر قفس میں آئیں گے سیرِ گلستاں دیکھکر

تاب کیا لاتا کلامِ برق دم کی اے اثر
ہوگیا فی النار حاسد اپنا دیواں دیکھکر

جب نسیمِ صبح کہتی ہی کہ اے مرغِ قفس
جوش پر فیضِ بہاری ہی چمن میں اس برس

کیا تمنا سیرِ گلشن کی ترے جی میں نہیں
کیا ترے دل میں نہیں ہوتی رہائی کی ہوس

اس سے تب رو کر یہ کہتا ہوں کہ ای بادِ ص[illegible]
ہوں گرفتارِ قفس چلتا نہیں کچھ اپنا بس

جب قلق بڑھتا ہی اپنے دل کو یہ کہتا ہوں میں
سیرِ گلشن کے لیے اتنا نہ اے ناداں ترس

ہی اسیری میں اثر وردِ زباں یہ قولِ رند
دل گرفتہ ہوں مجھے یکساں ہی گلزار و قفس

کیونکر نہو بھی دل کو اس دلربا کی خواہش
ناصح ہی سب پہ بالا ربّ العلا کی خواہش

رہتی ہے تجھکو اسکی زلفِ دوتا کی خواہش
خواہش بھی ایسی خواہش اے دل بلا کی خواہش

ظالم وہ کون دل ہی جسمیں نہیں بھری ہی
تیرے ستم کی حسرت تیری جفا کی خواہش

اے خالق دو عالم یہ کیا معاملہ ہے
اُن کو جفا کی خواہش مجھکو وفا کی خواہش
